اشاریہ آج کل

(جلدِ اوّل)

مرتّبہ

جمیل اختر

اُردو اکادمی، دہلی

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

اشاریہ آج کل

(جلدِ اوّل)

مرتبہ

جمیل اختر

اُردو اکادمی، دہلی

Marfat.com

138134

سلسلۂ مطبوعاتِ اردو اکادمی دہلی ۳۳۲

جملہ حقوق محفوظ

تحقیقی و اشاعتی کمیٹی کے اراکین :
ڈاکٹر خلیق انجم (چیئرمین)
حکیم عبدالحمید
خواجہ حسن ثانی نظامی
بیگم ریحانہ فاروقی
سیّد شریف الحسن نقوی (سکریٹری)

اکادمی کی تمام مطبوعات چھپی ہوئی قیمت کے مطابق ہی خریدیں

ISHARYA AAJKAL
Ed. by JAMEEL AKHTAR
1988—PRICE Rs. 77—00

سنہ اشاعت : ۱۹۸۸ء
قیمت : ۷۷ روپے
بہ اہتمام : ڈاکٹر انتظار مرزا
طباعت : ثمر آفسیٹ پرنٹرز، دہلی
ناشر و تقسیم کار : اردو اکادمی، دہلی۔ گھنٹا مسجد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲
ISBN 81—7121—025—

Marfat.com

فہرست

حرفِ آغاز ـــ سید شریف الحسن نقوی ۹
پیشِ لفظ ڈاکٹر خلیق انجم ۱۱
حرفے چند جمیل اختر ۱۳
آج کل، کل اور آج ـ جمیل اختر ۲۱
پس منظر ۲۱
آج کل کی ابتدا ۲۲
اشاعت کی تاریخ ۲۳
صفحات ۲۴
ٹائٹل ۲۴
قیمت ۲۴
تعداد اشاعت ۲۵
مقاصد آزادی سے قبل ۲۵
آزادی کے بعد ۲۶
مدیران ۲۸
آغا محمد یعقوب درداشی ۲۹
سید وقار عظیم ۳۱
رگھوناتھ رینا ۳۱
جوش ملیح آبادی ۳۴
عرش ملسیانی ۳۶
شہباز حسین ۳۸
مہدی عباس حسینی ۳۹
شہباز حسین ۳۹
راج نرائن راز ۳۹
اداریہ ۴۰
عنوانات ۴۳
آج کل کے سالنامے ۴۸
آج کل کے خاص نمبر ۵۴
آج کل کی ادبی حیثیت ۶۹
مدیر اور نائب مدیر ۸۴
آج کل کے خاص نمبر ۸۶
حصۂ نثر
اداریے ۸۹
مضامین ۱۴۲
مقالے ۲۱۴
ناول و افسانے ۲۸۸
ڈرامے ۳۳۰
انشائیے ۳۳۴
طنز و مزاح ۳۳۶
خاکے ۳۴۰
خطوط ۳۴۱
غبارِ کارواں (خودنوشت) ۳۴۲
من کہ ـ آں کہ (سوانحی خاکہ) ۳۴۴
سفرنامے ۳۴۴
شکاریات ۳۴۶
مذاکرے / مباحثے / سمپوزیم ۳۴۶
وفیات ۳۴۷
رپورٹ / روئداد ۳۴۸
روزنامچے ۳۵۰

Marfat.com

انٹرویو ۳۵۲
تاثرات / پیغامات ۳۵۳
افتتاحی خطبہ و خطبۂ صدارت ۳۵۴
تقاریر ۳۵۵
تصاویر و عکس ۳۵۸
تبصرے ۳۸۰

حصّۂ شعر

غزلیں ۴۷۰
نظمیں ۵۶۷
بہ خط شاعر ۶۳۱
رباعیات ۶۳۲
قطعات ۶۳۷
تاریخ وفات ۶۴۱
گیت ۶۴۳
ہندی گیت ۶۴۵
متضمینیں ۶۴۶
تخمیس ۶۴۶
انتخاب کلام ۶۴۶
سلام ۶۴۷
سانیٹ ۶۴۸
مرثیہ ۶۴۸
مثنوی ۶۴۸
دوہے ۶۴۹
سہرے ۶۴۹
ترائیلے ۶۴۹
مستزاد ۶۴۹
ہائیکو ۶۴۹
قصیدہ ۶۴۹

عالمی ادب

افسانے

اطالوی ۶۵۰
امریکی ۶۵۰
انگریزی ۶۵۰
ایرانی ۶۵۰
بنگلہ ۶۵۰
پوستانی ۶۵۰
تبتی ۶۵۱
ترکی ۶۵۱
جنوبی افریقہ ۶۵۱
چینی ۶۵۱
روسی ۶۵۱
شمالی ویت نام ۶۵۲
عربی ۶۵۲
فرانسیسی ۶۵۲
فلسطینی ۶۵۲
لبنانی ۶۵۲
مصری ۶۵۲
ناروییجین ۶۵۳

ڈرامے

ایرانی ۶۵۳
چینی ۶۵۳

گیت

اطالوی ۶۵۳
چینی ۶۵۳

نظمیں

انگولا ۶۵۴

Marfat.com

چینی ۶۵۴
عربی ۶۵۴
فلسطینی ۶۵۴

علاقائی ادب

فلمیات ۶۵۵

افسانے

آسامی ۶۵۵
آدی باسی ۶۵۶
اڑیا ۶۵۶
بنگالی ۶۵۶
پنجابی ۶۵۶
تامل ۶۵۶
تلگو ۶۵۷
ڈوگری ۶۵۷
سندھی ۶۵۷
کشمیری ۶۵۷
کنڑ ۶۵۸
گجراتی ۶۵۸
مراٹھی ۶۵۹
ملیالم ۶۵۹
میتھلی ۶۵۹
ہندی ۶۵۹
متفرق ۶۶۰

ڈرامے

ہندی ۶۶۰

غزلیں

کشمیری ۶۶۱

نظمیں

آسامی ۶۶۱
اڑیا ۶۶۱
بنگالی ۶۶۲
پنجابی ۶۶۲
تامل ۶۶۳
تلگو ۶۶۳
ڈوگری ۶۶۳
سندھی ۶۶۳
سنسکرت ۶۶۴
کشمیری ۶۶۴
کنڑ ۶۶۴
گجراتی ۶۶۴
مراٹھی ۶۶۵
ملیالم ۶۶۵
ہندی ۶۶۵

بچّوں کا ادب

مضامین ۶۶۷
کہانیاں ۶۶۹
ڈرامے ۶۷۷
پہیلیاں ۶۷۷
لطیفے ۶۷۸
نظمیں ۶۷۹
گیت ۶۸۳

Marfat.com

Marfat.com

حرفِ آغاز

دہلی ہندوستان کا دل ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ شہر اپنی تہذیبی رُوح، ثقافتی رنگارنگی اور تاریخی کردار کے اعتبار سے ایک چھوٹا سا ہندوستان ہے۔ دہلی کلچر کے فروغ میں اردو نے ایک تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے اور آج بھی یہ زبان اس کی ادبی و تہذیبی شناخت کا ایک اہم وسیلہ ہے۔ اردو کی کلچرل اہمیت اور دہلی کی ثقافتی زندگی سے اس کے گہرے رشتے کے پیشِ نظر آنجہانی محترمہ اندرا گاندھی، سابق وزیرِاعظم مرکزی حکومتِ ہند کے ایما پر ۱۹۸۱ء میں اردو اکادمی کا قیام عمل میں آیا۔

اکادمی کا اپنا ایک انتظامی ڈھانچہ اور طے شدہ دستورالعمل ہے۔ دہلی کے لفٹننٹ گورنر اس کے صدر نشین (چیرمین) ہیں اور اکادمی کے اراکین کو دو سال کے لیے نامزد کرتے ہیں۔ ان اراکین میں ممتاز اہلِ قلم، ادیب، نقاد، صحافی، معلم اور محقق شامل ہیں۔ اکادمی دہلی اور بیرونِ دہلی کے دوسرے علمی، ادبی، تہذیبی اور تعلیمی حلقوں سے بھی رابطہ قائم کیے ہوتے ہے اور اپنی سرگرمیوں میں اُن کے تعاون اور مشوروں کو خوش آمدید کہتی ہے۔

ہمیں احساس ہے کہ کتاب انسان کی بہترین ساتھی ہے اور کتاب کا مطالعہ اس کا شریف ترین مشغلہ، کتاب ماضی کو حال اور حال کو مستقبل سے جوڑنے کا سب سے عمدہ وسیلہ ہے۔ اپنے اس بیش بہا ورثے کو محفوظ کرنا اُسے خوب تر اور مفید تر بنانا ہمارے تہذیبی فرائض کا سب سے اہم حصّہ ہے۔ یہ گویا ادبی روشنیوں کو عام کرنا اور علمی خوشبوؤں کو پھیلانا ہے۔

اکادمی نے نہایت اہم موضوعات پر اچھی کتابوں کی اشاعت کا جو منصوبہ بنایا ہے اُسی کے تحت مذاکرے، سیمینار/ ورکشاپ منعقد کیے اور ان میں پیش کیے جانے والے مقالات کو کتابی شکل میں شائع کیا۔

اردو میں حوالے کی کتابوں کی کمی عرصے سے محسوس کی جاتی رہی ہے اور اس طرف خاطر خواہ توجہ نہیں کی گئی جس کی وجہ سے محقق کو کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اردو اکادمی کی تحقیقی و اشاعتی کمیٹی نے اس بات کو شدّت سے محسوس کیا اور چند ادبی جریدے کے اشاریے تیار کروانے کا منصوبہ بنایا۔ زیرِ نظر کتاب "اشاریہ آج کل" اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جسے جمیل اختر نے مرتب کیا ہے۔ انھوں نے کافی عرق ریزی، جانفشانی، محنت اور لگن سے اس کام کو انجام دیا ہے جس کی برسوں سے ضرورت تھی۔ اور اس تعاون کے لیے جو اشاعتی کمیٹی کے ارکان کی طرف سے [illegible]

Marfat.com

رہنمائی کا باعث بنتا ہے۔ اس کے علاوہ دہلی کی تاریخ و ادبیات سے متعلق کچھ ایسی اہم کتابیں بھی شائع کی گئی ہیں جو کمیاب بلکہ نایاب ہو چکی تھیں ایسی مزید کتابیں ترتیب و اشاعت کے مراحل سے گزر رہی ہیں۔

ہم اپنے موجودہ سرپرست اور اکادمی کے صدر نشین ایر وائس مارشل (ریٹائرڈ) جناب ایچ۔ ایل۔ کپور صاحب کی عنایات اور توجہات کے بے حد ممنون ہیں۔ ایگزیکٹیو کونسلر (تعلیم) جناب کلانند بھارتیہ کی عنایت کا بھی اعتراف ہے اور ان کی رہنمائی کے لیے بھی شکر گذار ہیں۔

سید شریف الحسن نقوی
سکریٹری
اردو اکادمی، دہلی

سنہ ۱۹۸۸ء

Marfat.com

پیش لفظ

مجھے برسوں سے یہ احساس ہے کہ اردو میں حوالے کی کتابوں کی طرف بالکل توجہ نہیں کی گئی۔ خاص طور سے سوانحی لغتیں اور اشاریے بالکل تیار نہیں کیے گئے اور یہ اردو تحقیق کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ اگر ایک اسکالر یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ کسی ادبی جریدے میں اس کے موضوع سے متعلق کیا مواد موجود ہے تو اس کے پاس سوائے اس کے اور کوئی چارہ نہیں کہ وہ اس رسالے کا شروع سے آخر تک تمام فائل چھانے۔ اس بات کا بھی امکان ہے کہ بیس پچیس دن کی محنت کے بعد اس کے ہاتھ ایک آدھ مقالہ ہی لگے یا شاید وہ بھی نہیں۔ غرض یہ ہے کہ ہزاروں اہم ادبی، علمی، تحقیقی و تنقیدی مضامین اعلا درجے کے تخلیقی ادب کا بڑا حصہ اور بعض اہم ترین ادبی معلومات ادبی رسالوں میں مدفون ہیں۔ ان تک ہماری رسائی محض اس لیے نہیں ہوتی کہ اُن کے اشاریے تیار نہیں ہوئے اور تیز رفتار اور مصروف زندگی میں ہمارے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ ہزاروں صفحات کی وقت گردانی کریں۔ پچھلے سال میں نے تحقیقی و اشاعتی کمیٹی کے سامنے تجویز پیش کی کہ ہمیں بعض اہم ادبی رسالوں کے اشاریے تیار کرانے چاہئیں۔ میں ارکان کمیٹی کا شکر گزار ہوں کہ انھوں نے میری تجویز منظور کرلی۔ کمیٹی نے اس کام کے لیے چار پانچ رسالوں کا انتخاب کر کے مختلف حضرات کو یہ کام سونپا۔ کچھ حضرات نے تو یہ بھاری پتھر اٹھانے سے قطعی انکار کر دیا۔ اور کچھ نے پتھر اٹھانے کی کوشش کی، لیکن اُسے چوم کر چھوڑ دیا۔ اس کارروان میں صرف جمیل اختر ہی ایسے بچے، جنھوں نے منزل پر پہنچ کر ہی دم لیا۔ جمیل صاحب کو ماہانہ "آج کل" کا اشاریہ تیار کرنے کا کام سونپا گیا تھا۔ آج کل ابتدا میں کبھی پندرہ روزہ اور کبھی ماہانہ جریدہ رہا ہے۔ اس کا شمار اردو کے بہت اہم رسالوں میں ہوتا ہے۔ "آج کل" ۱۹۴۲ء میں جاری ہوا تھا، گویا اسے وجود میں آئے تقریباً چھیالیس سال ہو چکے ہیں۔ اس کے مدیروں میں جوش ملیح آبادی، وقار عظیم، رگھوناتھ رینا، عرش ملسیانی، شہباز حسین، مہدی عباس حسینی اور راج نرائن راز جیسے حضرات نشانگار رہے ہیں۔ اس کے نائب مدیروں کی فہرست میں بھی جن ممتاز اور مشہور ادیبوں اور شاعروں کے نام شامل ہیں، اُن میں شیش چند سکسینہ طالب دہلوی، شان الحق حقی، معین احسن جذبی، فضل حق قریشی، بلونت سنگھ اور محمد عادل صدیقی خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔

آج کل کی اہمیت یہ بھی ہے کہ ایسے اردو ادیبوں اور شاعروں کی تعداد خاصی ہے۔ "آج کل" نے جن کی ابتدائی تخلیقات شائع کر کے انھیں اردو ادب میں روشناس کرایا ہے۔ اس کے علاوہ اردو کے بہت کم ممتاز ادیب، شاعر اور نقاد ایسے ہوں گے، جن کی تخلیقات اور تحقیقی و تنقیدی مضامین "آج کل" میں شائع

Marfat.com

نہ ہوئے ہوں۔

"آج کل" کی بڑی خوبی یہ بھی ہے کہ اس کے تقریباً کتنے خاص نمبر شائع ہوئے ہیں۔ ان نمبروں میں ابوالکلام آزاد نمبر، اردو نمبر، اردو تحقیق نمبر، افسانہ نمبر، غالب نمبر، گاندھی نمبر، جنگ آزادی نمبر، جواہر لعل نہرو نمبر، پریم چند نمبر، جدید ہندوستانی شاعری نمبر، جمیل مظہری نمبر، دستکاری نمبر، فنِ تعمیر نمبر، موسیقی نمبر، مصوری نمبر، لوک گیت نمبر، مہاتما بدھ نمبر، میر تقی میر نمبر، رقص نمبر وغیرہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

جمیل اختر کا کام بہت وسیع تھا، انھیں آج کل کے تقریباً چھے، شماروں کا اشاریہ تیار کرنا تھا۔ یہ کام آسان نہیں تھا، اس کے لیے انھیں لگ بھگ تیس ہزار صفحات کی ورق گردانی کرنی پڑی ہے۔

اردو میں دو تین جریدوں کے اشاریے شائع ہو چکے ہیں، لیکن وہ ایسے سائنٹی فک انداز پر تیار نہیں کیے گئے، جیسے جمیل اختر نے کیا ہے، اگرچہ جمیل اختر نے لائبریری سائنس کی باقاعدہ تربیت حاصل نہیں کی لیکن اشاریے کا کام شروع کرنے سے پہلے انھوں نے تمام ضروری معلومات فراہم کر کے خود کو اس بڑے علمی کام کے لیے تیار کر لیا تھا۔

میں یہ بات پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اردو میں اس طرح کا اشاریہ پہلی بار تیار کیا جا رہا ہے۔ میری تمنا ہے کہ جن یونیورسٹیوں میں ایم۔فل کا کورس ہے، وہاں کے اساتذہ طلبہ سے DISSERTATION کے طور پر اہم جریدوں کے اشاریے تیار کرائیں۔ اگر ایسا کیا گیا تو چند سال میں اردو تحقیق کا یہ بنیادی کام مکمل ہو جائے گا۔

خلیق انجم

۱۹۸۸ء

Marfat.com

حرفے چند

اردو میں اشاریہ سازی کی روایت بہت قدیم نہیں ہے۔ البتہ وضاحتی کتابیات کی روایت بیس سال پہلے سے ملتی ہے۔ لیکن انگریزی ادب کے مقابلے میں اس کی عمر اب بھی بہت کم ہے۔ آج بھی اردو میں حوالے کی کتابوں کی بہت کمی ہے۔ اگرچہ مایوسی کی وہ فضا اب باقی نہیں رہی جو چند سال پہلے تھی بلکہ اس میں بہتری کے آثار پیدا ہوئے ہیں اور وضاحتی کتابیات کے علاوہ اہم رسائل کے مختصر اور وضاحتی اشاریے بھی مرتب ہوتے ہیں۔ شخصیات اور اصناف پر بھی اشاریے مرتب ہوئے ہیں۔ اِدھر پندرہ بیس[20] سالوں میں اردو میں اشاریہ سازی اور وضاحتی کتابیات کے رجحان کو اس حد تک فروغ حاصل ہوا ہے کہ اب اردو دنیا کی دوسری ترقی یافتہ زبانوں کے مقابلے میں کھڑی ہو سکتی ہے۔ ہندوستان کے مقابلے پاکستان میں اشاریہ سازی کی طرف زیادہ توجہ دی گئی ہے اور بہت بڑے پیمانے پر وہاں یہ کام انجام دیا گیا ہے۔ اور ہر موضوع پر الگ الگ ببلوگرافی تیار کی گئی ہے۔ نیشنل بک سنٹر آف پاکستان نے ۷۳ — ۱۹۷۲ء میں "عالمی سال کتاب" منایا اُسی موقع پر پاکستان میں شائع ہونے والی تمام کتابوں کی ببلوگرافی کا بھی ایک جامع منصوبہ بنایا گیا اور ہر موضوع پر الگ الگ ببلوگرافی تیار کی گئی۔ اس منصوبے کے تحت اب تک مندرجہ ذیل موضوعات پر ببلوگرافیاں تیار کی جا چکی ہیں:

تنقید اور تاریخ ادب، شاعری، تاریخ، سیرت رسول، بچوں کی کتابیں، سائنس اور انجنیئرنگ اور ٹکنالوجی، ہنر اور پیشوں کی کتابیں، زراعت مرغبانی مویشیات، پنجابی، پشتو، سندھی، عربی فارسی، اسلامی، علمی حوالہ جاتی کتابیں۔ بلوچی و براہوی کتابیں، پشتو شاعروں کی ڈائرکٹری، ناول۔ افسانوی ادب، پاکستان میں عادات مطالعہ، حدیث، تفسیر، لاہور بک ٹریڈ ڈائرکٹری، پاکستانی مصنفین کی ڈائرکٹری، پنجابی مصنفین کی ڈائرکٹری۔

اسی ادارے نے اردو ببلوگرافی اور ڈائرکٹری کے علاوہ انگریزی میں سولہ[16] ببلوگرافیاں اور ڈائرکٹریاں تیار کروائی ہیں۔ جس میں انگریزی میں ہر ایک موضوع پر شائع ہونے والی پاکستانی کتابوں کی مکمل فہرست شائع کی۔ اس طرح دیکھا جائے تو پاکستان میں جس بڑے پیمانے پر یہ کام ہوا ہندوستان میں اس کے مقابلے میں بہت مختصر ہوا ہے۔

Marfat.com

ہندوستان میں شخصیات پر اب تک صرف چند ببلوگرافیاں غالب اور اقبال پر تیار ہوئی ہیں۔ غالب پر پروفیسر نثار احمد فاروقی ڈاکٹر انصار اللہ نظر، ڈاکٹر عبدالقوی دسنوی اور ابن قیصر، اقبال پر ڈاکٹر عبدالقوی دسنوی اور ایم حبیب خاں کی ببلوگرافیاں منظرِ عام پر آچکی ہیں۔ جبکہ پاکستان میں صرف اقبال پر کئی ببلوگرافیاں تیار ہوئیں اور سب سے پہلے اقبال پر اشاریہ سازی کا کام بھی وہیں ہوا۔ اِدھر چند سال قبل اردو کی وضاحتی کتابیات کا کام پروفیسر گوپی چند نارنگ نے اپنے ذمّے لیا تھا جو خاصا اہم کام ہے اور جس کی دو جلدیں ترقی اردو بیورو سے طبع ہو کر منظرِ عام پر آچکی ہیں اور تیسری زیرِ طبع ہے۔

ابھی حال میں اردو اکادمی دلّی نے اردو ناشروں اور تاجروں کی ڈائرکٹری تیار کروائی ہے جو ہندوستان میں اپنی نوعیت کی پہلی چیز ہے۔ اس ڈائرکٹری کو جناب انور دہلوی نے مرتب کیا ہے۔ اسی طرح کا دوسرا اہم کام "اردو ادیبوں اور شاعروں کی ڈائرکٹری" کا ہے جسے پروفیسر گوپی چند نارنگ اور عبداللطیف اعظمی نے ترتیب دیا ہے جو عنقریب شائع ہونے والی ہے۔

اب جہاں تک اردو رسائل کی اشاریہ سازی کا کام ہے تو اس پر بھی اب تک کوئی خاطر خواہ کام نہیں ہوا ہے۔ صرف سہ ماہی تحریر اور ماہنامہ معارف کے اشاریے تیار ہوئے ہیں جو سہ ماہی اردو ادب میں شائع ہوئے ہیں جسے عطا خورشید اور ڈاکٹر صابرہ بیگم نے ترتیب دیا ہے۔ زیرِ ترتیب اشاریہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اردو میں اپنی نوعیت کی یہ پہلی کتاب ہے جس میں کسی رسالے کا مکمل اشاریہ بہ شمول تبصرہ شامل کیا گیا ہے اور ہر موضوع کی الگ الگ سرخی قائم کر کے سائنٹفک ترتیب کے ساتھ سبھوں کا اندراج کیا گیا ہے تاکہ محقق کو دشواری نہ ہو۔

اشاریہ کی اہمیت وافادیت

کتابیات کی طرح اشاریہ کی بھی بڑی اہمیت ہے جس سے انکار ممکن نہیں۔ آج کے دور میں جہاں محقق کو بہت سی سہولیات میسر ہیں وہیں اس کی راہ میں بہت سی دشواریاں بھی حائل ہیں۔ اگر ایک طرف لائبریریاں اور اکیڈمیاں قائم ہیں تو دوسری طرف تحقیق کرنے والے کو اپنے موضوع سے متعلق مواد تلاش کرنے میں خاصی دشواری ہوتی ہے اور محقق کو لائبریری کی تمام کتابوں اور رسائل کی گرد جھاڑنی پڑتی ہے جو خاصا مشکل کام ہے۔ پھر یہ کہ کسی بھی لائبریری میں کسی بھی رسالے کا مکمل فائل ملنا مشکل ہے۔ شاید ہی کوئی لائبریری ایسی ہو جہاں کسی رسالے کے تمام شمارے موجود ہوں۔ ایسی صورت میں محقق کی دشواریاں ناقابلِ بیان ہو جاتی ہیں اور ان حالات میں صرف اشاریہ ہی اس کی مدد کر سکتا ہے۔ اشاریہ جس کا کام محقق کی رہنمائی کرنا اور رسائل میں موجود مواد کی معلومات بہم پہنچانا ہے کو دیکھ کر محقق کو یہ پتہ چل جاتا ہے کہ رسالے میں اس کے کام کی چیز موجود ہے یا نہیں؟ اس طرح یہاں وہ تمام رسائل کی ورق گردانی سے نہ صرف محفوظ رہتا ہے بلکہ اس کا قیمتی وقت بھی بچ جاتا ہے اور اشاریہ کی رہنمائی کی روشنی میں وہ صرف انھیں رسائل کو دیکھتا ہے جس میں اس کا مطلوبہ مواد ہوتا ہے۔

رسائل کے اشاریے کی اہمیت کا اندازہ وہی لوگ لگا سکتے ہیں جنھیں تحقیقی کام سے واسطہ پڑتا

Marfat.com

ہے۔ پھر یہ کہ رسائل کے اشاریہ کی اہمیت محقق کے لیے یوں بھی ہے کہ رسائل کے اندر کسی موضوع پر خاصا تنوع ہوتا ہے اور ایک ہی موضوع پر کئی مضامین مختلف انداز سے مل جاتے ہیں اور ہر مضمون میں کسی ایک مسئلے پر بھرپور روشنی ڈالی جاتی ہے اور مختلف پیرائے میں تمام باتیں کہنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس لیے بسا اوقات ایک مضمون سے جتنی معلومات حاصل ہو جاتی ہے وہ کبھی کبھی ایک کتاب سے بھی فراہم نہیں ہوتی۔ اُس وقت ریسرچ کے طالب علم کے لیے ایک مضمون کی اہمیت پوری کتاب سے زیادہ ہوتی ہے۔ رسائل میں موضوعات کا بھی تنوع ہوتا ہے اس لیے تقریباً تمام اہم موضوعات پر مضامین مل جاتے ہیں جو کسی ایک کتاب میں نہیں ملتے۔ پھر یہ کہ رسائل میں قاری اور وقت کے تقاضے کو بھی سامنے رکھتے ہوئے مضامین لکھوائے اور شائع کیے جاتے ہیں لیکن اُس موضوع پر کوئی کتاب ایک عرصے بعد کبھی آجاتی ہے اور کبھی نہیں۔ اس طرح تحقیق میں مواد کی فراہمی جتنی رسائل سے ممکن ہے کتابوں سے نہیں۔ آج بھی بہت سے ایسے موضوعات ہیں جن پر مواد صرف مختلف رسائل میں موجود ہیں اور کتابیں اس سلسلے میں کوئی رہنمائی نہیں کرتیں۔ ایسی صورت میں اگر رسائل کے اشاریے موجود ہوں تو کئی ہزار رسالوں کی ورق گردانی اور اس پر صرف ہونے والے وقت دونوں سے محقق کو بچایا جا سکتا ہے۔

آج کل ہی کا اشاریہ کیوں

ہندوستان کے ادبی رسالوں میں آج کل کی اپنی ایک انفرادیت رہی ہے۔ پچھلے چھیالیس ۴۶ سالوں سے یہ رسالہ علم و ادب اور زبان کی خدمت میں لگا ہوا ہے۔ آج ہندوستان میں کوئی بھی ادبی رسالہ ایسا نہیں ہے جو آزادی کے پہلے سے اب تک اُسی آب و تاب سے نکل رہا ہو۔

علم و ادب اور تحقیق کے موضوعات جتنے وسیع پیمانے پر آج کل کی زینت بنے وہ کسی اور رسالے کو میسّر نہ ہو سکے۔ جتنے اہم اور اچھوتے عنوان پر خاص نمبر اور مضامین آج کل نے شائع کیے وہ کہیں اور دیکھنے کو نہیں ملتے۔ آج تحقیق کا کوئی بھی طالب علم آج کل سے صرفِ نظر نہیں کر سکتا۔ اس لیے سب سے پہلے آج کل کا اشاریہ تیار کرنے کا منصوبہ بنایا گیا، تاکہ تحقیق کے طالب علم کو آج کل کے چھ سو شماروں کی ورق گردانی سے بچایا جا سکے اور ملک کے کسی بھی حصّے میں موجود رہ کر اپنے مطلوبہ مواد کے بارے میں پتا چل سکے۔

منصوبہ اور اس کی نوعیت

یہ اشاریہ اردو اکادمی کے ایک منصوبے کے تحت تیار کیا گیا ہے۔ اس لیے کہ اردو اکادمی کی تحقیقی و اشاعتی کمیٹی کے موجودہ چیئرمین ڈاکٹر خلیق انجم خود بھی اچھے محقق ہیں اور انھیں تحقیق کی دشواریوں کا بہ خوبی اندازہ ہے۔ وہ تحقیقی کام کی دشواریوں سے اچھی طرح واقف ہیں۔ لہٰذا انھوں نے یہ محسوس کیا کہ اگر اہم رسائل اور موضوعات کا اشاریہ تیار ہو جائے تو تحقیق کی ان مشکلات پر کسی حد تک قابو پایا جا سکتا ہے۔ اسی بات کے پیشِ نظر انھوں نے اپنے اس خیال کو تحقیقی و اشاعتی کمیٹی کے سامنے رکھا اور اس کی اہمیت اور افادیت واضح کی تو کمیٹی کے ارکان نے جن میں سکریٹری اردو اکادمی جناب

Marfat.com

سیّد شریف الحسن نقوی بھی شامل تھے، متفقہ طور پر اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کی منظوری دے دی۔ اس کام کو کرنے کی ذمّہ داری خاکسار کو سونپی گئی۔ اس منصوبے پر اگست ۱۹۸۶ء میں کام شروع کیا گیا ڈیڑھ سال کی انتھک کوششوں کے بعد یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا اور آج کتابی شکل میں آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

یہ اشاریہ ان تمام مضامین کا احاطہ کرتا ہے جو آج کل میں اس کے آغاز سے لے کر ۱۹۸۶ء تک شائع ہوئے ہیں۔ آج کل کی ۱۹۸۶ء تک کی فائل تقریباً چھ سو شماروں پر مشتمل ہے۔ ابتدا میں اس کام کے پھیلاؤ کا اتنا اندازہ نہیں تھا جتنا اس کام کو شروع کرنے کے بعد ہوا۔ جیسے جیسے کام آگے بڑھتا گیا اس میں پھیلاؤ آتا گیا یہاں تک کہ پایۂ تکمیل کو پہنچتے پہنچتے یہ کام اندازے سے بہت زیادہ ہوگیا۔ شروع میں اسے ایک ہی جلد میں نکالنے کا ارادہ تھا۔ لیکن جب اس کی ضخامت تقریباً دوگنی ہوگئی تو مجبوراً اسے دو حصوں میں تقسیم کرنا پڑا۔ ضخامت سے بچنے کی ایک صورت یہ بھی نکالی گئی کہ اس کی کتابت تینتیس ۳۳ سطری مسطر سے اکتیس ۳۱ سطری پر کرائی گئی۔ اتنا کچھ کرانے کے باوجود بھی ضخامت اچھی خاصی ہوگئی۔ لیکن تمام موضوعات کا احاطہ اس سے کم صفحات میں کسی بھی طور ممکن نہیں تھا۔ میری کوشش چونکہ یہ تھی کہ تمام موضوعات کا احاطہ کرلیا جائے۔ اس لیے میں نے تمام موضوعات کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا اور اس سلسلے میں اکادمی کے سکریٹری جناب سیّد شریف الحسن نقوی نے میرے حوصلے بڑھائے اور تمام تر مواد کو شامل کرنے کا مشورہ دیا۔ ورنہ ضخامت کم کرنے کے لیے ممکن ہے کچھ حصّے کو نکالنا پڑتا اور شاید پھر وہ بات نہیں رہتی جو اب ہے۔

اشاریے کی خصوصیات

اب تک رسائل کے جتنے بھی اشاریے تیار ہوئے ہیں اُن میں عام طور پر کسی بھی رسالے کے تمام موضوعات کا احاطہ سائنٹفک ڈھنگ سے نہیں کیا گیا۔ میں نے یہ اشاریہ تیار کرتے ہوئے اس بات کی کوشش کی ہے کہ اسے بہتر سے بہتر ڈھنگ سے پڑھنے والوں کے سامنے پیش کرسکوں۔ اس اشاریے کی تیاری میں میں نے لائبریری سائنس کے ان اصولوں کو بھی ملحوظ رکھا ہے جن کی تھوڑی بہت واقفیت مجھے تھی۔

شروع میں دی گئی فہرست پر اگر آپ نظر ڈالیں تو شاید آپ کو کچھ حیرانی بھی ہو۔ اہم اور غیر اہم تمام عنوانات آپ کو وہاں ملیں گے۔ بہت سے عنوانات سے آپ کو ایسا لگے گا کہ ان کو اشاریہ میں شامل کرنے کی ضرورت نہیں تھی، لیکن ایسی بات نہیں ہے، بعض چیزوں کی تاریخی اہمیت بھی ہوتی ہے۔ اس اشاریے میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن کی ادبی اہمیت "نہیں" کے برابر ہوسکتی ہے لیکن اس کی تاریخی اور سماجی حیثیت بہت زیادہ ہے اور تحقیق ان میں سے کسی کو بھی نظر انداز نہیں کرسکتی۔ اسی اہمیت کے پیشِ نظر ایسے عنوانات و موضوعات کو شامل کیا گیا ہے۔

Marfat.com

طریقۂ کار

یہ اشاریے کی پہلی جلد ہے اس جلد میں حروفِ تہجی کی جو ترتیب ہے وہ عنوانات کے اعتبار سے دی گئی ہے اور ناموں کو لائبریری سائنس کے جدید اصولوں کے مطابق دیا گیا ہے۔ اردو میں چونکہ ناموں کی ترتیب کا کوئی ایک خاص اصول نہیں ہے اور انگریزی طریقۂ کار کو اردو کے تمام ناموں کے ساتھ یکساں طور پر لاگو کرنے میں دشواری ہے لہٰذا جہاں تک لائبریری سائنس کے اصول کو برتنا ممکن ہوا ہے وہاں اس اصول کو برتا گیا ہے اور باقی جگہوں پر موقعے اور محل کے اعتبار سے جو طریقۂ کار مناسب معلوم ہوا ہے اسے اختیار کیا گیا ہے۔ میں نے ناموں کے شروع میں پروفیسر اور ڈاکٹر جیسے القاب کو نام کے آخر میں لکھ دیا ہے۔ اسی طرح جہاں سیّد یا محمد اصل نام کے بجائے اگر صرف نام کا جز ہے تو اسے بھی نام کے آخر میں ڈال دیا گیا ہے۔ دوسرے انگریزی طریقوں کے مطابق شہروں اور قصبوں کے نام جو کسی شاعر کے نام کا حصّہ ہیں اور انگریزی طریقے میں وہ پہلے آتے ہیں ان کی اصلی صورت کو برقرار رکھا ہے۔ مثلاً فراق گورکھپوری، شاہد احمد دہلوی، ساحر لدھیانوی وغیرہ۔ دو لفظوں کے ناموں کو بھی نہیں توڑا ہے گرچہ انگریزی طریقے میں وہ بھی ٹوٹ جاتے ہیں۔

یہ اشاریہ دو طریقے سے تیار کیا گیا ہے ایک تو عنوانات کے حساب سے دوسرے مصنف کے حساب سے۔ تبصرے میں مبصر کا اضافہ ہوا ہے۔ دوسری جلد مصنف کے حساب سے ترتیب دی گئی ہے۔

اشاریہ کیسے دیکھیں

اس اشاریے میں مضامین کو دو حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک حصّہ ادبی مضامین سے متعلق ہے اور دوسرا ادب کے علاوہ دیگر مضامین سے متعلق ہے۔ ادبی حصّے کا نام مقالے اور دوسرے کا مضامین رکھا گیا ہے۔ مضامین والے حصّے میں کچھ ہلکے پھلکے ادبی مضامین بھی ہیں جن کی اہمیت خالص ادبی مضامین کے مقابلے کم ہے۔ اور وہ زیادہ تر تاریخی، سماجی، سیاسی اور تہذیبی نوعیت کے ہیں۔ لہٰذا اشاریہ دیکھتے وقت ایک ہی موضوع کو دونوں حصّوں میں تلاش کرنا بہتر رہے گا۔

دوسرے بہت سے عنوانات یا افراد ایسے ہیں جن پر مقالے مختلف حروف تہجی کے تحت ترتیب دیے گئے ہیں لہٰذا ان کو ان تمام حرف تہجی کے تحت تلاش کیا جائے۔ ذیل کی فہرست کچھ موضوعات و عنوانات کے سلسلے میں معاون ہو گی۔

ابوالکلام آزاد : مولانا، ابوالکلام، آزاد، مردخدا، آثار، امام الہند
سیّد احتشام حسین : پروفیسر، احتشام، ڈاکٹر، سیّد
اقبال : اقبال، علامہ، نامہ، آرٹ، تصور خودی، جاوید نامہ، جدید، خطوط، کلام، محبّ وطن
بہادر شاہ ظفر : بہادر، ظفر
پریم چند : پریم چند، کفن، گئودان، محب وطن، منشی
خواجہ حسن نظامی : خواجہ، حسن، حضرت

Marfat.com

ڈاکٹر ذاکر حسین : ڈکٹر، ذاکر، ہم ذاکر صاحب ، جامعہ
غالب : اپنے ، غالب ، کچھ ، مرزا ، احوال ، انسان ، بنگلہ ، تلمیذ ، جہان ، چھیڑ ، حبیب ، خطوط ، دیوان ، ذکر ، رشک ، رکھیو ، سالک ، فانی ، فلسفہ ، کلام ، محاورات ، مکاتیب ، مکررات ، مکالمہ ، میر ، میرزا ، نوادر ، یاد
فکشن : آج ، آگ ، اختر ، اردو ، افسانہ ، امراؤ ، انتظار ، بیدی ، پت جھڑ ، تین ، جدید ، چار ، چند ، حقیقت ، حیدرآباد ، دنیائے ، عصمت ، غیاث ، فکر ، فکشن ، قرۃ العین ، کرشن ، مختصر ، مجنوں ، منٹو ، ناول ، نظیر ، نئے
فنِ تعمیر : اسلامی ، ایرانی ، ہندوستانی ، جدید ، ہند ، چین ، چینی
گاندھی جی : عالم ، گاندھی ، مہاتما ، ہمہ گیر ہستی ، اردو شاعری
میر انیس : میر ، انیس ، اسلوبیات ، کلام ، دیوان ، مراثی
میر تقی میر : اسلوبیات ، میر ، کلام ، دیوان

تبصرے کے حصے میں مصنف ، مدیر ، مؤلف ، مترجم اور مرتب کے خانے میں مصنف کو چھوڑ کر بقیہ کے لیے مد ، مو ، متر ، مر ۔ ان سب کا مخفف استعمال کیا گیا ہے ۔ لہٰذا جن ناموں کے سامنے کچھ بھی لکھا ہوا نہیں ہو تو اس کا مطلب مصنف ہے ۔ مد ، مدیر کے لیے ، مو ، مؤلف کے لیے ، متر ، مترجم کے لیے ، اور مر ، مرتب کے لیے استعمال کیا گیا ہے ۔ تبصروں کو دیکھتے ہوئے یہ بات ذہن میں ہونی چاہیے ۔

اداریے میں سنہ کی ترتیب کا خیال رکھا گیا ہے اس لیے ۱۹۴۲ء سے ۱۹۸۶ء تک اداریے سنہ اور ماہ کی ترتیب سے مرتب کیے گئے ہیں ۔

غبارِ کارواں اور من کہ آں کہ بھی ماہ اور سنہ کی ترتیب کے ساتھ ہیں ۔ عنوان میں یکسانیت کی وجہ سے ایسا کیا گیا ہے ۔ تصاویر بھی چونکہ ایک رسالے میں بہت تھیں اس لیے ان کی حروف تہجی بھی برقرار رکھنی مشکل تھی اس لیے اسے بھی سنہ اور ماہ کے حساب سے ترتیب دیا گیا ہے ۔ جو ناول قسط وار شائع ہوئے ہیں اُسے بھی سنہ اور ماہ کی ترتیب کے ساتھ برقرار رکھا گیا ہے ۔

جن ناموں کے سامنے تصویر لکھا ہوا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ مصنف کی تصویر بھی مضمون کے ساتھ شائع ہوئی ہے ۔ اس طرح اگر کسی مصنف کی تصویر کبھی تلاش کرنی ہو تو وہ بھی اس طریقے سے آسانی سے مل جائے گی ۔

اظہارِ تشکر

اب آخر میں اُن تمام حضرات اور اداروں کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں جن کے تعاون کے بغیر یہ کام شاید پایہ تکمیل کو نہیں پہنچتا ۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر خلیق انجم چیرمین تحقیقی اشاعتی کمیٹی نے میری بھرپور رہنمائی کی اور جناب سید شریف الحسن نقوی سکریٹری اردو اکادمی نے بھی ہر مسئلے پر تعاون دیا اور جب کبھی کسی دشواری کا ذکر کیا فوراً سد باب کیا ۔

آج کل کے ایڈیٹر راج نرائن راز ، مدبرہ عثمانی ، سب ایڈیٹر خورشید اکرم کا جتنا بھی شکریہ

Marfat.com

ادا کیا جائے کم ہے۔ آج کل کے دفتر میں جس خلوص اور محبّت کا مظاہرہ کیا وہ ہمیشہ یاد رہیں گے۔ اپنی مصروفیتوں کے باوجود سبھوں نے ہمیشہ میرے ساتھ تعاون کیا اور مسلسل کئی ماہ تک میرے بیٹھنے اور کام کرنے کی سہولت فراہم کی۔ رازصاحب نے وقتاً فوقتاً کچھ مفید مشورے بھی دیے۔ میں ان سب کا بہت بہت شکرگزار ہوں۔ ڈاکٹر اسلم پرویز صاحب نے بھی اس کام میں میری مدد فرمائی میں ان کا بھی ممنون ہوں۔

ڈاکٹر انتظار مرزا نے اشاعتی دشواریوں کو حل کرنے میں مدد فرمائی ان کی خصوصی توجہ کے تحت یہ کتاب اتنی جلد منظرعام پر آسکی ہے۔ کچھ بزرگوں اور دوستوں نے بھی وقتاً فوقتاً میری مدد کی میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ یہ بڑی بددیانتی ہوگی اگر میں سہیل احمد ملک صاحب کا شکریہ ادا نہ کروں۔ انھوں نے بہت ہی کم وقت میں اور بہت ہی خوبصورتی کے ساتھ اس کی کتابت مکمل کی ورنہ اتنی ضخیم کتاب کی کتابت کا چند ماہ میں مکمل ہونا آسان کام نہیں تھا۔ میں ان کی اس خصوصی توجہ کے لیے ان کا بھی شکرگزار ہوں۔

۱۵۵ کاویری ہاسٹل
جواہر لعل نہرو یونی ورسٹی
نئی دہلی ۱۱۰۰۶۷

جمیل اختر
مارچ ۱۹۸۸ء

Marfat.com

Marfat.com

آج کل، کل اور آج

"آج کل"—— کل اور آج سے مراد آج کل کا ماضی اور حال ہے۔ آج کل کب اور کن حالات میں اور کن مقاصد کے تحت جاری ہوا اور اس نے کس طرح ترقی کی منزلیں طے کیں، اس میں شائع ہونے والے مضامین کی نوعیت کیا تھی اور اب کیا ہے، اس کا ادبی معیار پہلے کیا تھا اور اب کیا ہے ؟ ، کون کون لوگ اس کے ایڈیٹر ہوئے اور انھوں نے اس میں کیا کیا تبدیلیاں کیں، یہاں ان تمام باتوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے تاکہ ہمیں آج کل کی صحیح حیثیت کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

پس منظر

آج کل ۲۵ نومبر ۱۹۴۲ء سے نکلنا شروع ہوا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب پوری دنیا دوسری جنگِ عظیم کے شعلوں میں لپٹی ہوئی تھی۔ اس جنگ کا آغاز یکم ستمبر ۱۹۳۹ء کو ہوا اور یہ جنگ ۱۹۴۵ء تک جاری رہی۔ برطانیہ کو بالآخر اس میں فتح ہوئی۔

یہی زمانہ ہندوستان میں انگریزی سامراجیت کے بھرپور تسلط کا بھی ہے اور آزادی کی تحریک کے شباب پر آنے کا بھی۔ برطانیہ نے اگرچہ دوسری جنگِ عظیم میں کامیابی حاصل کر لی لیکن ہندوستان میں اس کا اقتدار کمزور پڑنے لگا۔ آزادی کی تحریک جو جنگِ عظیم کے دوران انگریزوں کی شاطرانہ چالوں اور ہندوستان کو زبردستی اس جنگ کے شعلوں میں دھکیل دینے کی وجہ سے کمزور پڑ گئی تھی، جنگ کے اثرات مدھم پڑنے کے ساتھ ساتھ زور پکڑتی گئی۔ برطانوی سامراج نے آزادی کی اس پُرزور تحریک کو دبانے کی ہر ممکن کوشش کی لیکن یہ تحریک دبنے کے بجائے اور طاقت پکڑتی گئی اور اس کی گونج دوسرے ممالک میں سنائی دینے لگی۔ برطانوی سامراج کے ظلم و زیادتیاں بے نقاب ہونے لگیں اور مظلوم ہندوستانیوں پر اس کے ظلم و ستم کی داستان دور دراز کے ملکوں کے مقابلے میں ہمسایہ ملکوں میں زیادہ پہنچنے لگی۔ اپنے انسانیت سوز مظالم کی وجہ سے انگریز حکومت بدنام ہونے لگی اور ہندوستان کے ساتھ ساتھ دنیا کے دوسرے ملکوں میں بھی اس کی ساکھ کو سخت دھچکا لگا اور سامراجیت کے لیے زبردست خطرہ پیدا ہو گیا۔ ان تمام حالات کا مقابلہ کرنے، اپنی حکومت کو بدنامی سے بچانے، تحریکِ آزادی کے اثرات کو ختم کرنے اور حکومتِ برطانیہ کی ساکھ کو بحال کرنے کے لیے حکومتِ برطانیہ نے دلّی میں ایک ادارہ یونائیٹڈ پبلی کیشنز (متحدہ مطبوعات) کے نام سے ۱۵ راجپورہ روڈ پر قائم کیا اس کا مقصد ایران،

Marfat.com

افغانستان، دیگر اسلامی ممالک اور سرحدی علاقوں میں پروپیگنڈہ کرنا تھا۔ اس مقصد کے تحت اس ادارے نے عربی، فارسی، پشتو، فرانسیسی اور انگریزی زبان میں جرائد اور لٹریچر شائع کرنا شروع کیا۔ اس ادارے نے پشتو زبان میں ایک رسالہ "نن پرون" کے نام سے ۵ مئی ۱۹۴۱ء میں نکالنا شروع کیا۔ چونکہ صوبۂ سرحد اور بلوچستان میں اردو داں طبقہ بہت وسیع تھا اس لیے ادارہ "نن پرون" سے بار بار یہ خواہش کی گئی کہ رسالہ نن پرون کا اردو ایڈیشن بھی جاری کیا جائے چنانچہ ۱۰ جون ۱۹۴۲ء سے اس کا اردو ایڈیشن اسی نام سے نکلنے لگا۔ اس وقت یہ پندرہ روزہ تھا اور ہر ماہ کی ۱۰ اور ۲۵ تاریخ کو پابندی سے نکلتا تھا اور ۲۵ صفحات پر مشتمل ہوتا تھا، اس میں ادبی کالم برائے نام ہوتا تھا ہلکے پھلکے مضامین ہوا کرتے تھے۔ جو زیادہ تر سیاسی موضوعات پر مشتمل ہوتے تھے اور حکومتِ وقت کی پالیسی اور پروگرام کا کھلم کھلا پروپیگنڈا ہوا کرتے تھے۔ اس کے اردو ایڈیشن کے نکالنے کا مقصد اب تک صرف صوبہ سرحد کے اردو داں طبقے کو برطانوی حکومت کی پالیسیوں سے واقف کرانا تھا۔ اس لیے اس کے تمام مضامین صوبۂ سرحد کے مسائل پر مبنی ہوا کرتے تھے۔ جو عام لوگوں کی دلچسپی کے نہیں ہوتے تھے۔ اس لیے اس رسالے کو صوبۂ سرحد میں کافی مقبولیت حاصل ہوئی اور یہ رسالہ کافی تیزی سے ترقی کرنے لگا۔ تاہم کچھ عرصے بعد اس کی اس حیثیت میں تبدیلی کی گئی۔

آج کل کی ابتداء

جب نن پرون کا اردو ایڈیشن نکلنے لگا اور قارئین کی دلچسپی میں روز افزوں اضافہ ہوتا گیا تب اس کے پشتو نام کی جگہ اردو نام پر غور کیا جانے لگا اور کوشش یہ کی گئی کہ نن پرون کے ساتھ اس کا معنوی رشتہ قائم رکھتے ہوئے اس کا کوئی ایسا نام تجویز کیا جائے جو نن پرون کے معنی کا احاطہ کرلے۔ چونکہ پشتو میں "نن" کے معنی "آج" اور "پرون" کے معنی "کل" کے ہوتے ہیں لہٰذا اس جریدے کا نام نن پرون کے نام پر آج کل رکھ دیا گیا اور ۲۵ نومبر ۱۹۴۲ء کو آج کل کے نام سے پہلا پرچہ شائع ہوا یہیں سے آج کل کے نام کی ابتدا ہوتی ہے۔ لیکن اس کے رشتے کو نن پرون کے ساتھ بنائے رکھنے کے لیے پندرہ روزہ "آج کل" کے نیچے یہ عبارت لکھی جاتی تھی "نن پرون کا اردو ایڈیشن" یہ سلسلہ آج کل کے ۴ مئی ۱۹۴۳ء کے شمارے تک جاری رہا۔ اس وقت آج کل گویا نن پرون کا ایک اردو چربہ تھا ہوتا تھا۔ آگے چل کر اشاعت کی تاریخ میں بھی تبدیلی ہوئی اور آج کل ہر ماہ کی ۱۰ اور ۲۵ تاریخ کے بجائے ۴ اور ۲۰ تاریخ کو شائع ہونے لگا۔ ۴ مئی ۱۹۴۳ء کے بعد یہ پھر یکم جون ۱۹۴۳ء سے باضابطہ آج کل کے نام سے نکلنا شروع ہوا اور نن پرون اردو ایڈیشن کی جگہ پندرہ روزہ باتصویر رسالہ لکھا جانے لگا۔ پہلے اس کا دائرۂ کار صرف سرحدی صوبوں تک ہی محدود تھا لیکن اب اسے وسعت دی گئی اور ملک گیر اہمیت کا حامل بنایا گیا۔ گویا یہاں سے آج کل کے نئے دور کی ابتدا ہوئی۔ اپنے نئے دور کی ابتدا پر یکم جون ۱۹۴۳ء کے پرچے میں "آج کل کا نیا دور" کے نام سے ایک اداریہ لکھا گیا جس میں رسالے کی کل ہند حیثیت کا اعادہ کیا گیا ہے اداریہ لکھتا ہے:

> "اپنی دوسری سالگرہ کے موقع پر رسالہ آج کل ایک نیا روپ بدل کر آپ کے سامنے آرہا ہے۔ اب تک یہ رسالہ پشتو کے معروف رسالے نن پرون کا گویا ایک اردو چربہ ہوتا تھا اور اس حیثیت سے صوبجات سرحد میں پہلے ہی روشناس ہے۔ یہ اردو ایڈیشن جون ۱۹۴۲ء میں شائع

138134

Marfat.com

ہونا شروع ہوا اور جب سے اب تک غیر معمولی مقبولیت حاصل کر چکا ہے اس کی بڑھتی ہوئی مانگ کو دیکھتے ہوئے بہت سے قدر دانوں کی فرمائش پر بالآخر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ ہم صرف اپنے سرحدی احباب کو مخاطب نہ کریں بلکہ یہ رسالہ تمام ہندوستان کی اردو دان پبلک کے موافق مذاق اور پسند ہو سکے۔ چنانچہ اب یہ رسالہ آج کل ایک کل ہند حیثیت کا رسالہ ہو گیا ہے۔ امید ہے اہلِ ذوق اس کی حوصلہ افزائی کریں گے۔"

رسالے کی کل ہند حیثیت کا اعلان کرنے کے بعد اس میں بہت سی تبدیلیاں لائی گئیں۔ اس کے مقاصد اور نصب العین کو وسعت دی گئی۔ مضامین کی نوعیت میں فرق آیا اور پورے ملک کے مذاق اور پسند کا خیال رکھا جانے لگا اور اسے ہمہ گیر بنانے کی کوشش کی گئیں۔ تب سے آج تک آج کل اپنی کل ہند حیثیت کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔

اشاعت کی تاریخ

آج کل کی تاریخ اشاعت میں برابر تبدیلی ہوتی رہی۔ ابتداءً یہ ہر ماہ کی ۱۰ اور ۲۵ تاریخ کو نکلتا تھا۔ جنوری ۱۹۴۳ء سے اب یہ ہر ماہ کی ۴ اور ۲۰ تاریخ کو نکلنے لگا۔ یہ تاریخ بھی زیادہ دنوں تک برقرار نہ رہ سکی اور یکم جون ۱۹۴۳ء سے یہ پھر ۱۰ اور ۱۵ تاریخوں کو نکلنے لگا اور ۱۹۴۲ء سے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء تک یہ پندرہ روزہ رہا۔ پھر اگست ۱۹۴۷ء کے بعد پرچہ تین ماہ کے لیے بند ہو گیا۔ پھر جب حالات معمول پر لوٹنے لگے تو آج کل کے اندر بھی ایک نئی تازگی آئی، آج کل ایک نئے حوصلے کے ساتھ دسمبر ۱۹۴۷ سے پھر جاری ہوا لیکن اب یہ پندرہ روزہ نہیں تھا، ماہنامہ ہو گیا تھا۔ لیکن پرچے پر اردو کا پندرہ روزہ باتصویر رسالہ ہی تحریر رہا۔ دسمبر ۱۹۴۷ء کے بعد جنوری فروری ۱۹۴۸ء کا ایک مشترکہ شمارہ آیا اس کے بعد گاندھی جی کے قتل کے بعد ایک شمارہ گاندھی نمبر کے نام سے شائع ہوا جس پر ماہ تحریر نہیں ہے۔ بقیہ مدت میں رسالہ بند رہا۔

اگست ۱۹۴۸ء سے اس کا نیا دور شروع ہوتا ہے اور رسالے پر "ادب و ثقافت کا حامل مصور ماہنامہ آج کل تحریر کیا جانے لگا۔ اور اکتوبر ۱۹۴۸ء سے پتہ جو پہلے ۱۵ راجپورہ روڈ تھا تبدیل ہو کر پبلی کیشنز ڈویژن پوسٹ بکس نمبر ۱۶۶ دہلی ۶ ہو گیا۔ یہ تبدیلی اپنے آپ میں کوئی معمولی تبدیلی نہیں تھی۔ اب یہ رسالہ آزاد ہندوستان میں حکومت کی نگرانی میں نکل رہا تھا۔ انگریزوں کا قائم کردہ "یونائیٹڈ پبلی کیشنز" جو انگریزی حکومت کا پروپیگنڈا ادارہ تھا ختم ہو گیا اور اس کی جگہ حکومتِ ہند کا ادارہ ناموں کی تبدیلی کے ساتھ قائم ہو گیا۔ اب یونائیٹڈ پبلی کیشنز کی جگہ "پبلی کیشنز ڈویژن" ہو گیا۔ لیکن مقاصد وہی رہے جو انگریزی حکومت کے تھے۔ یہاں پروپیگنڈا اپنے ہی ملک میں اپنی حکومت کا کرنا تھا۔ لہٰذا تین زبانوں میں یہاں سے رسالے جاری ہوئے اور حکومت کی پالیسی اور پروگرام کی تشہیر کی جانے لگی ——— اس مقصد کے لیے آج کل کو پھر کچھ دنوں کے لیے دسمبر ۱۹۴۸ء سے پندرہ روزہ کر دیا گیا اور ماہنامہ کی جگہ پر "پانزدہ روزہ" لکھ دیا گیا۔ ۱۵ نومبر ۱۹۴۹ء تک یہ پندرہ روزہ رہا پھر دسمبر ۱۹۴۹ء سے یہ ماہنامہ کر دیا گیا اور اس وقت سے آج تک یہ ماہنامہ ہے۔

Marfat.com

صفحات

اشاعت کی تاریخوں میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ آج کل کے صفحات میں بھی اضافہ ہوتا رہا۔ ابتدا سے دسمبر ۱۹۴۲ء تک یہ رسالہ ۲۴ صفحات پر مشتمل تھا۔ ۲۰ جنوری ۱۹۴۳ء سے ۴ مئی ۱۹۴۳ء تک ۲۸ اور ۳۰ صفحات رہے۔ یکم جون ۱۹۴۳ء سے اگست ۱۹۴۴ء تک ۴۰، ۴۲، ۴۳ صفحات ہوئے۔ یکم دسمبر ۱۹۴۴ء سے صفحات میں پھر اضافہ ہوا اور اب یہ ۵۲ صفحوں پر نکلنے لگا۔ مئی ۱۹۴۵ء تک یہ ۵۲ صفحوں پر ہی نکلتا رہا۔ ۱۵ جون ۱۹۴۵ء سے نومبر ۱۹۴۸ء تک ۶۰ صفحوں پر نکلا پھر ۱۵ دسمبر ۱۹۴۸ء سے ۳۶ صفحوں کا ہو گیا۔ دسمبر ۱۹۴۹ء سے ۶۰ صفحے کا ہوا۔ مارچ ۱۹۵۰ء سے جب بچوں کا گوشہ شائع کیا جانے لگا تو اس کے صفحات مزید بڑھا دیے گئے اور بچوں کا آج کل کے نام سے اس میں آٹھ صفحوں کا اور اضافہ کر دیا گیا اور ۶۰ صفحے سے بڑھا کر ۶۸ صفحے کا کر دیا گیا۔ اکتوبر ۱۹۵۶ء تک یہ ۸ صفحے زائد رہے پھر جب یہ سلسلہ منقطع ہوا تو یہ صفحے کم کر دیے گئے۔ ۱۹۵۶ء کے بعد یہ ۵۸ صفحوں پر نکلنے لگا۔ مارچ ۱۹۶۹ء سے یہ ۴۸ صفحے کا ہوا اور اب تک خصوصی شماروں کو چھوڑ کر آج کل کے عمومی شمارے انہی ۴۸ صفحات پر مشتمل ہوتے ہیں۔

ٹائٹل

ابتدا سے مئی ۱۹۴۳ء تک جب رسالے کی حیثیت صوبہ سرحد تک محدود تھی تو اس کا ٹائٹل کوہستانی علاقے کی تہذیبی زندگی پر مبنی تھا۔ پہاڑ، ریگستان، اونٹ اور ریگستانی علاقے کے خیمے اور ایک ہوائی جہاز (جو سرے پر ہوتا تھا) کئی رنگوں میں چھپتا تھا اور یہی ٹائٹل مئی ۱۹۴۳ء تک رہا۔ یکم جون ۱۹۴۳ء سے ٹائٹل تبدیل ہو گیا اور ایک گلوب سرحدی زاویۂ نگاہ کو مدنظر رکھتے ہوئے شائع کیا جانے لگا۔ یہ سلسلہ بھی کچھ عرصے تک چلا پھر ہر ماہ سرورق تبدیل ہونے لگا اور سرورق پر ادبا و شعرا یا کسی اہم شخصیت کی تصویر، تاریخی مقامات، یوم جمہوریہ اور یوم آزادی کی تقریبات کسی فن کار یا فن کارہ کی تصویر، کوئی خوبصورت آرٹ اور مختلف علاقوں کی تہذیبی جھلک پیش کی جانے لگی۔ گویا ہندوستان کے گوناگوں کلچر اور اس کی رنگا رنگ تہذیب اور ثقافت کی ترجمانی آج کل کے سرورق کی امتیازی شان قرار پائی۔

۱۹۸۲ء میں صادقین کی ہندوستان میں آمد اور ان کے قیام نے گویا آج کل کے سرورق کے معیار کو سابقہ معیار سے بہت اوپر اٹھا دیا ہے اور یہ زمانہ جس میں صادقین کے آرٹ سرورق پر استعمال کیے گئے سرورق کے لحاظ سے آج کل کا سب سے سنہری زمانہ ہے۔ صادقین نے آرٹ کو حسن و دلکشی کے ساتھ ساتھ اعلیٰ معیار بھی دیا۔ یہ آرٹ غالب کے کسی شعر پر مبنی ہوتا تھا۔ اس طرح سرورق کے سلسلے میں آج کل کی خوب سے خوب تر کی جستجو کو صادقین کے ذریعے نئی منزل ملتی نظر آئی۔ لیکن ادھر کچھ دنوں سے سرورق پھر اپنے اس روایتی انداز کی طرف واپس لوٹ رہا ہے جو غالباً اس کی پالیسی ہے۔

قیمت

شروع شروع میں آج کل کی قیمت دو آنے اور سالانہ تین روپے تھی۔ پہلی بار اس کی قیمت میں اضافہ

Marfat.com

یکم جون ۱۹۴۳ء سے آج کل کے نئے دور کے ساتھ ہوا۔ وجہ بیان کرتے ہوئے ادارہ اعلان کرتا ہے:

"کاغذ کی قلت اور گرانی نیز روز افزوں مصارف کے پیشِ نظر ہم نے مجبوراً یہ فیصلہ کیا ہے کہ آیندہ آج کل کا سالانہ چندہ تین روپے کی بجائے پانچ روپے ہوگا اور ایک پرچہ کی قیمت ۲ر کی بجائے ۴ر آنہ ہوگی۔" (اعلان — یکم جون ۱۹۴۳ء)

اس کے بعد سے متواتر قیمت میں اضافہ ہی ہوتا رہا ہے اور آج یہ دو آنے سے بڑھ کر دو روپے ہوگیا ہے۔

تعداد اشاعت

آزادی سے قبل آج کل کی تعداد اشاعت کیا تھی معلوم نہیں۔ آزادی کے بعد بھی بہت دنوں تک تعداد اشاعت کی معلومات کسی باضابطہ رِکارڈ کے نہ ہونے کی وجہ سے نہیں معلوم ہوسکی ہے۔ جون ۱۹۷۰ء میں عرش ملسیانی نے آج کل کی سلور جوبلی کے موقع پر اس کی اشاعت پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

"ایک زمانہ ایسا تھا کہ اس کی اشاعت بہت زیادہ تھی — لیکن تقسیم ملک کے بعد اردو ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کی تعداد یک دم کم ہوگئی اور بتدریج کم ہوتی گئی۔ مقام شکر ہے کہ اب بھی اس کی اشاعت اردو کی موجودہ حالت کے پیشِ نظر تسلی بخش ہے۔"

(آج کل کے اٹھائیس برس۔ جون ۔ ۱۹۷۰ء۔ ص د)

عرش کی اس تحریر سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آزادی سے قبل آج کل کی اشاعت بہت زیادہ تھی لیکن تقسیم ملک کے بعد بتدریج کم ہوتی گئی اور آج اردو آبادی کے لحاظ سے اس کی تعداد غیر اطمینان بخش ہے۔ لیکن اردو کے اور ادبی رسالوں کے مقابلے میں قدرے غنیمت ہے۔

آج کل کے دفتر میں سرکولیشن کا فائل فروری ۱۹۷۸ سے موجود ہے اور فروری ۱۹۷۸ میں تعداد اشاعت ۳۷۷۵ اور فروخت ۲۱۰۰ دکھائی گئی ہے۔ اگست ۱۹۸۱ میں تعداد اشاعت ۷۹۵۰ اور فروخت ۷۱۶۵ دکھائی گئی ہے۔ فروری ۱۹۸۳ء میں ۱۰۴۰۰ چھپا اور سبھی فروخت ہوگیا۔ میرٹھ نمبر سب سے زیادہ ۱۲۷۵۰ شائع ہوا اور سارا فروخت ہوگیا۔ اپریل ۱۹۸۴ء میں ۱۲۳۵۰ شائع ہوا اور اس تعداد میں اس کے بعد مستقل کمی ہوتی گئی اور آج فروری ۱۹۸۸ء میں اس کی تعداد کم ہوکر ۶۱۲۵ رہ گئی ہے۔ اگر اس کی اشاعت میں کمی کی رفتار یہی رہی تو اندیشہ ہے کہ آیندہ اس کا مستقبل بہت روشن نہیں رہ جائے گا۔

مقاصد

آزادی سے قبل

جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے اس رسالے کو شائع کرنے کا مقصد حکومت کی پالیسی اور پروگرام کی تشہیر کرنا تھا اور یہ ہمسایہ ملکوں کے ساتھ ساتھ دور دراز ملکوں میں اپنی ساکھ برقرار رکھنا تھا۔ انہی مقاصد اور اس نصب العین کے تحت آج کل کا اجرا عمل میں آیا جس کی وضاحت آج کل میں بھی کی گئی۔ اس کے

Marfat.com

مختلف شماروں میں اس کے مقاصد کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے۔

۱۔ ہندوستان اور ہمسایہ ملکوں کے مابین رابطہ و اتحاد و مفاہمت قائم کرنا اس مقصد کو پوری طرح کامیاب بنانے کے لیے مضمون، کہانیوں اور تصویروں کے ذریعے ہمسایہ ملکوں کے طرز زندگی، ان کے تاریخی اور ثقافتی پہلو، اور دوسرے علمی اور ادبی کارناموں کو اہل ہند کے سامنے پیش کرنا۔

۲۔ دنیا میں امن و عافیت کی کامل فضا قائم کرنے کے لیے اس کے سوا اور کوئی دوسری تدبیر کارگر نہیں ہو سکتی کہ اقوام عالم کے مابین باہمی مفاہمت کا سلسلہ زیادہ بڑے پیمانے پر قائم کر دیا جائے۔

۳۔ دوسرے ملکوں کے مسائل حیات کی اصل نوعیت سے واقف کرانا۔ خواہ وہ مسائل تجارتی، سیاسی، علمی و ادبی یا گھریلو نوعیت ہی کے کیوں نہ ہوں۔ ایک دوسرے شمارے میں مقاصد یہ بیان کیے گئے ہیں۔

۱۔ افغانستان اور ہندوستان کے کلچرل تعلقات کو بڑھانے کی کوشش۔

۲۔ بیرونی سیاست اور دوسرے ملکوں کی زندگی کے اور خاص کر ہندوستان کے ہمسایہ ملکوں کی زندگی کے مختلف پہلو ہمیشہ سے آج کل کا سب سے اہم اور نمایاں موضوع رہے ہیں۔

۳۔ دوسرے ملکوں کی زندگی کے اچھے اور اہم پہلوؤں کو پیش کرنا اور تخریب کاری سے گریز کرنا۔

یہ تو آزادی سے قبل کے ہندوستان میں آج کل کے مقاصد تھے۔ ان مقاصد پر غور کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ برطانوی سامراج نے اپنی گرتی ہوئی ساکھ کو بحال رکھنے، دوسرے ملکوں کے سامنے اپنے وقار کو مجروح ہونے سے بچانے اور اپنے تعلقات کو خوشگوار بنائے رکھنے کے لیے اس رسالے کا اجرا کیا اور ہمسایہ ملکوں کے مابین اسے اتحاد و مفاہمت کے لیے رابطے کا ذریعہ بنایا۔ اس ذریعے کو مضبوط تر کرنے کے لیے مختلف عنوانات کا سہارا لیا۔ ان کا مقصد قطعاً علم و ادب کی ترویج و اشاعت اور اردو کے فروغ کا نہ تھا بلکہ اپنی تشہیر کے لیے اس زبان کو ذریعہ بنایا۔ یہ الگ بات ہے کہ آدان پردان اور تبادلے میں کچھ باتیں ایسی بھی ہوئیں جن سے ہندوستانیوں کو کچھ فائدہ بھی پہنچا اور ہمسایہ ملکوں کی تہذیب و ثقافت اور علم و ادب سے واقفیت بھی ہوئی۔ لیکن دائرہ کار آزادی سے قبل تک چند ہمسایہ ملکوں تک ہی محدود رہا اس میں وسعت آزادی کے بعد پیدا ہوئی۔

آزادی کے بعد آج کل کے مقاصد

ہندوستان کی آزادی کے بعد آج کل کے مقاصد میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوتی۔ اب یہ انگریزی حکومت کا ترجمان ہونے کے بجائے حکومتِ ہند کا ترجمان بن گیا۔ آزاد ہندوستان میں آج کل کے مقاصد کا اعادہ کرتے ہوئے ادارہ آج کل لکھتا ہے:

"آج کل کا مقصد ہمیشہ جنتا کو اپنے ملک، اپنے پڑوسی ملکوں کے متعلق معلومات بہم پہنچانا اور صحت مند ادب پیش کرنا ہے۔ کسی ملک کی آزادی صحیح معنوں میں اُس وقت تک آزادی نہیں کہلا سکتی جب تک وہاں کے لوگ زندگی کی ضرورتوں کے ساتھ علم و ادب اور کل دنیا کے معاملات سے اچھی طرح واقف ہو کر ایک آزاد نظریہ اور رائے نہ رکھتے ہوں۔ اسی مقصد کو لے کر ہم آگے بڑھے تھے اور جہاں تک ہو سکے گا اس فرض کو پورا کرنے کی برابر کوشش

Marfat.com

کرتے رہیں گے ۔"

(آزاد ہندوستان میں آج کل ۔ اداریہ ۔ گاندھی نمبر ۱۹۴۸ء)

آزاد ہندوستان میں آج کل کے مقاصد کو کچھ وسعت دی گئی اور اسے صرف پروپیگنڈا کا ذریعہ بنانے کے بجائے کچھ مفید اور کارآمد بنانے کی باتیں بھی کی جانے لگیں اب اس کے مقاصد میں صحت مند ادب پیش کرنا شامل کر لیا گیا ۔ پڑوسی ملکوں کے ساتھ ساتھ کل دنیا کی معلومات بہم پہنچانا اور مختلف علوم و فنون اور تہذیب و ثقافت کی واقفیت فراہم کر کے لوگوں کو آزادانہ غور و فکر کے ذریعے کوئی رائے قائم کرنے کے لائق بنانا بھی اس کے مقاصد میں شامل کر لیا گیا ۔

اس طرح یہاں سے یہ جریدہ پروپیگنڈے کے ساتھ ساتھ کچھ مفید کام بھی انجام دینے لگا ۔ پڑھنے والوں کو دنیا کے ملکوں کے رسم و رواج ، تہذیب و تمدن اور علوم و فنون سے واقف کرایا جانے لگا ۔ اس مقصد کے تحت مختلف ممالک کے قومی ترانوں کا ترجمہ ، پرچم ، موسم ، کھانے پینے کے آداب اور مختلف مواقع پر ادا ہونے والی رسومات پر مضمون شائع ہونے لگے ۔ دنیا کی اہم اور معروف شخصیتوں کو بھی : چاہے وہ مذہبی تھیں یا سیاسی یا ادبی ، متعارف کرایا گیا ۔ عالمی ادب سے بھی اردو کے قارئین کو متعارف کرایا گیا ۔ سائنسی ترقیات کی معلومات بھی بہم پہنچائی گئی اور شعر و ادب کے ساتھ بھی رشتہ استوار رکھا گیا ۔ گویا آج کل نے اب ایک ادبی اور معلوماتی جریدے کی حیثیت سے اپنی اہمیت تسلیم کروالی ہے اور اپنے مقاصد کے پیشِ نظر علم و ادب کی خدمت کی جانب گامزن ہے ۔ اور آج اس کی حیثیت ایک ایسے رسالے کی ہوگئی ہے جو ادبی ، تہذیبی اور علمی ہونے کے ساتھ ساتھ زندگی کے تقاضوں کو بھی سامنے رکھتا ہے ۔ جون ۱۹۷۲ء میں آج کل کے مقاصد کا جائزہ لیتے ہوئے اس کی حیثیت پر یوں روشنی ڈالی گئی ہے ۔

"ہر رسالے کی ایک انفرادی شخصیت ہوتی ہے ، کوئی علمی ہوتا ہے تو کوئی فلمی ، کوئی مذہبی تو کوئی رومانی یا جاسوسی ، کوئی تفریحی ہوتا ہے تو کوئی معموں اور مقابلوں کی بنا پر مقبول ۔ آج کل کی ایک ممتاز خصوصیت یہ رہی ہے کہ وہ ایک ایسا رسالہ ہے جسے خاندان کا ہر شخص پڑھ سکتا ہے ۔ اس نے کبھی حقایق اور نئے رجحانات سے چشم پوشی نہیں کی ، لیکن کبھی بھی تہذیب و متانت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا ۔ ہم اپنے پڑھنے والوں کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ آج کل کی یہ خصوصیت برقرار رہے گی ۔

آج کل کی دوسری خصوصیت یہ رہی ہے کہ گو کہ یہ ایک سرکاری رسالہ ہے پھر بھی اس نے اپنا مقصد براہِ راست سرکاری پروپیگنڈا نہیں بنایا ۔ جس کا بین ثبوت یہ ہے کہ عام قاری کی نگاہوں میں آج کل کا تصور Image ایک علمی و ادبی پرچے کا ہے آج کل کی یہ حیثیت بھی برقرار رہے گی ۔ البتہ اس میں مزید وسعت پیدا کی جائے گی اور زندگی کے تقاضوں سے قریب تر لانے کی کوشش کی جائے گی یعنی ہم اس موضوع سے دلچسپی لیں گے جس کا تعلق ایک انسان کی روزمرہ کی زندگی سے ہے ۔" (جون ۱۹۷۲ء)

"ہم ادب اور زندگی میں تفاوت کے قایل نہیں ۔ ہمیں ہر اس شے سے دلچسپی ہے جو ہماری زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے اور ہم ادب کو دیگر فنون لطیفہ ، سائنس اور فلسفہ کی مانند زندگی

Marfat.com

کے اعلیٰ ترین مظاہر میں شمار کرتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں وسطی ایشیا اور ویت نام میں قیام امن میں بھی دلچسپی ہے اور امریکہ کے صدارتی انتخاب میں بھی، ہمیں مہنگائی اور بے روزگاری سے بھی دلچسپی ہے اور سماجی انصاف سے بھی۔ ہمارے لیے یہ انتہائی اہم ہے کہ ہند و پاک و بنگلہ دیش میں مفاہمت ہو جائے تاکہ اس برصغیر کے رہنے والوں کو امن و امان سے پھلنے پھولنے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کا موقع ملے۔" (دسمبر ۱۹۷۰ء)

"ادب کے بارے میں بھی ہمارے رویئے کی وضاحت ہو چکی ہے ہم کسی مکتب خیال سے نہ تو وابستہ ہیں اور نہ اس سے الگ ہیں۔ ہم قدیم ادبا کو بھی شائع کرتے ہیں۔ اور جدید شاعری نمبر بھی نکالتے ہیں۔ ہماری رائے میں تجربہ اور تنوع کی اہمیت مسلم ہے کیونکہ تجربہ ترقی کا ضامن ہے اور کامیاب تجربہ رفتہ رفتہ ہماری ترقی یافتہ زندگی کا جزو بن جاتا ہے اور اسی نقطے سے دوسرے نئے تجربوں کا آغاز ہوتا ہے۔ بس پیش نظر یہ رہے کہ اس سلسلے میں ہم احتراز کے نہیں محض اعتدال کے قائل ہیں۔ (دسمبر ۱۹۷۰ء)

اور حقیقت بھی یہی ہے کہ آج کل کا تصور لوگوں کے نزدیک ایک پاک صاف ادبی رسالے کا ہے۔ آج کل نے ادب اور زندگی کی ہم آہنگی کو ہمیشہ برقرار رکھا ہے۔ اس لیے اس میں دنیا میں ہونے والی تمام تبدیلیوں کے نقوش ڈھونڈھے جا سکتے ہیں۔

اب جہاں تک مکتبِ خیال کی بات ہے تو آج کل کسی مکتبِ خیال سے نہ تو ماضی میں وابستہ تھا اور نہ اب ہے بلکہ یہ تمام مکاتبِ خیال کا ترجمان ہے اور سبھی کے نقطۂ نظر کو پیش کرتا ہے۔ سبھوں کے تجربات سے فائدہ اٹھاتا ہے اسی لیے آج کل میں ہمیں موضوع کا تنوع اور قدیم و جدید کا حسین امتزاج دیکھنے کو ملتا ہے۔

اپنے مقاصد کے حصول اور ان کے فروغ کے لیے آج کل نے مختلف وقتوں میں حسبِ حال مختلف عنوانات کے تحت مختلف چیزیں پیش کی ہیں۔ جن کا تفصیلی جائزہ آج کل کی نشو و نما کے سلسلے میں ہم آگے چل کر لیں گے۔

مدیران

۴ رمئی ۱۹۴۳ء تک کے پرچے پر مدیر کا نام درج نہیں ہے لیکن اداریہ اور ۴ رمارچ ۱۹۴۳ء کے شمارے میں شائع ایک خط سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت آج کل کے مدیر مولانا عبدالقادر خاں صاحب تھے یہ بات کہیں اور درج نہیں ہے صرف اداریہ کے اختتام پر مولانا کا نام ہے اور خطوں میں بحیثیت مدیر مولانا کو خطاب کیا گیا ہے۔ بہر حال حقیقت کچھ بھی ہو اتنی بات واضح ہے کہ مولانا باضابطہ مدیر رہے ہوں یا نہ رہے ہوں لیکن اردو ایڈیشن کی تمام تر ذمہ داری مولانا ہی کے سر تھی اور ۴ رمئی ۱۹۴۳ء تک آپ کی نگرانی میں یہ نکلتا رہا۔ ممکن ہے کسی مصلحت کے تحت بہ حیثیت مدیر آپ کا نام شائع نہیں کیا گیا ہو۔

یکم جون ۱۹۴۳ء سے جب رسالہ باضابطہ آج کل کے نام سے نکلنا شروع ہوا تو مدیروں کے نام بھی آنے لگے۔ اس شمارے پر دو نائب مدیر اور ایک مدیر اعلیٰ کا نام درج ہے جو درج ذیل ترتیب سے لکھا

Marfat.com

ہوا ہے۔

مدیر اعلیٰ	نائب مدیر	نائب مدیر
آغا محمد یعقوب درداشی	شان الحق حقی بی اے	شیش چندر سکسینہ طالب
بی اے ایل ایل بی		دہلوی بی اے

مدیروں کے اس شائع شدہ ناموں کی بنیاد پر اس کے پہلے ایڈیٹر آغا محمد یعقوب درداشی قرار پاتے ہیں۔ درداشی صاحب یکم جون ۱۹۴۳ء تا یکم اکتوبر ۱۹۴۶ء اس کے مدیر اعلیٰ رہے۔ اس مدت میں ان کے ساتھ مختلف وقفوں میں مختلف نائب مدیر کام کرتے رہے۔ جن میں شیش چندر سکسینہ طالب دہلوی، شان الحق حقی، معین احسن جذبی، راجندر ناتھ شیدا، فضل حق قریشی، مشیر احمد اور عزیز احمد شامل ہیں۔

یعقوب درداشی کی زیر ادارت رسالے نے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ اچھے مضامین کے ساتھ اس کے معیار میں اضافہ ہوا۔ جنگ کے زمانے میں کاغذ کی قلت اور گرانی کے باوجود صرف چھے آنے میں ساٹھ صفحے کا یہ باتصویر رسالہ مقبولیت کی منزلیں طے کرنے لگا۔ درداشی صاحب اور ان کے رفقا نے اسے سجا سنوار کر ایک قابل قدر ادبی جریدہ بنا دیا۔ جبکہ ابتدا میں آج کل کی ادبی حیثیت اتنی قابل اعتنا نہ تھی۔ ان سے پہلے یہ ایک نیم ادبی رسالہ تھا ان میں زیادہ تر ہم سایہ ملکوں کی علمی، ادبی، تہذیبی، تمدنی اور ثقافتی سرگرمیوں پر مضامین شائع ہوتے تھے جو حکومتِ وقت کی پالیسی اور پروگرام کا پروپیگنڈا ہوتے تھے اور بس۔

درداشی صاحب نے پہلے اس کی حیثیت میں تبدیلی کی اور اسے ملک گیر اہمیت کا حامل بنایا پھر اس کے نصب العین اور مضامین کو وسعت دے کر سارے ہندوستان کے اردو داں طبقے کے مذاق اور ان کی پسند کے مطابق بنایا۔ اسے ایک معیاری رسالہ بنانے کے عزم کی ابتدا یہیں سے ہوتی ہے۔ چونکہ درداشی صاحب کا دور آج کل کے نئے دور کی ابتدا ہے۔ اس لیے یہاں سے ایک مکمل تبدیلی مضامین، ٹائیٹل اور قیمت سبھی کی سطح پر نظر آتی ہے۔ نیا آج کل کیا ہوگا اس پر روشنی ڈالتے ہوئے درداشی صاحب لکھتے ہیں :

"آج کل اس قسم کے موضوعات پر معیاری مضامین پیش کرے گا جن سے ہندوستانی تعلیم یافتہ طبقہ عام طور پر دلچسپی رکھتا ہے اور جو خوش ذوق مردوں اور عورتوں میں قبولیت حاصل کر سکیں۔ ان میں سے ایک موضوع کی طرف ہم خاص طور پر توجہ دلانا چاہتے ہیں یعنی ہندوستان کے ہمسایہ ملکوں کے حالات، ان کا ادب، ان کی تہذیب، ریت رسم اور دوسری خصوصیات۔ ہندوستان خود ایک پوری دنیا ہے جس کی وسیع حدود میں کتنی ہی مختلف قومیں اور زبانیں پائی جاتی ہیں۔ ہماری توجہات اپنے ہی افکار و حوادث میں اس قدر بٹی رہتی ہیں کہ ہم اپنے ہمسایہ ملکوں کے حالات اور مسائل کی طرف خاطر خواہ دھیان نہیں دینے پاتے، جو ہمارے لیے بہت کچھ بصیرت افروز ہو سکتے ہیں۔ ہندوستان باہر کی دنیا سے الگ تھلگ اور بے واسطہ نہ اب ہے نہ پہلے کبھی رہا۔ مذہب، تہذیب و تمدن، اقتصادی نظام، غرض اجتماعی زندگی کے ہر شعبے میں ہندوستان نے

Marfat.com

اپنے ہمسایوں کو بہت کچھ دیا اور ان سے بہت کچھ حاصل کیا۔ ہندوستان کے مذہبی اور سماجی نظام کے بہت سے بنیادی اجزا بدیشی تحفہ ہیں اور وسط ایشیا، ایران اور عرب سے ہندوستان کے قدیم اور گہرے رابطے کی شہادت دیتے ہیں۔ اسی طرح ہندوستان دنیا کے بعض عظیم ترین رہنماؤں کا جنم بھوم رہا ہے جن کے پیغام نے ہمسایہ ممالک کی تہذیب پر نہایت گہرے اور انمٹ اثرات چھوڑے۔ ہندوستان سے بیرونی ممالک کے تجارتی تعلقات ہمیشہ سے قائم ہیں۔ قدیم دنیا میں ہندوستان کا نام "ریشم اور گرم مصالحے" کے ساتھ لازم ملزوم تھا! اس زمانے میں بھی ہندوستان اپنی زرعی اور صنعتی پیداواروں کے لیے دنیا بھر میں اعتبار رکھتا ہے اور اس زبردست بین الاقوامی برادری کا ایک اہم رکن ہے جو اس دور میں سائنس اور کاروبار کی ترقی اور پھیلاؤ سے پیدا ہوئی ہے آج کل کے صفحات میں ہم مذہب، تاریخ، ادب اور سائنس کے موضوعات پر مضامین پیش کریں گے جو ہمیشہ سے دنیا کے اہم ترین مسائل رہے ہیں اور اس وقت بھی ان کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا ہے۔

آئندہ دنیا میں اور بہت سے کٹھن مسئلے پیدا ہونے والے ہیں جن کا سامنا ہندوستان کو بھی کرنا ہوگا۔ اس وقت ان قوموں کے رہنما جو محوری طاقتوں کا زور توڑنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں ایک بات پر خاص طور سے توجہ دلا رہے ہیں۔ یعنی ہمارا پہلا مقصد بدی اور زور و ظلم کا خاتمہ کرنا ہے لیکن ہمیں آئندہ کا فکر بھی لاحق ہے اور امن و امان کے بعد جو زبردست تبدیلیاں دنیا کے حالات میں پیدا ہوں گی ان کے مقابلے کے لیے بھی مستعد رہنا چاہیے۔ یہ دور اندیشی ہندوستان میں بھی خصوصاً ہندوستانی فوج میں ضرور پائی جاتی ہے۔ اگرچہ فوج کا اصل منصب جنگ کرنا ہے، لیکن اس کے ساتھ یہ ایک تعمیری قوت بھی رکھتی ہے جو لاکھوں انسانوں کی سماجی زندگی پر اثر ڈال سکتی ہے۔ چنانچہ ایک طرف ہماری فوج اگر اپنے جوانوں کو جنگی تربیت دے رہی ہے تو دوسری طرف انھیں ان ذمہ داریوں کو اٹھانے کے لیے بھی تیار کر رہی ہے جو امن کے زمانے میں ملک کی سماجی اور اقتصادی تنظیم کے سلسلے میں ان پر عائد ہوں گی۔

موجودہ کشمکش کے عالم میں تعلیمی ترقی کے راستے میں رکاوٹیں پیدا ہونا تعجب کی بات نہیں۔ وہ لوگ بھی جو اس جنگ میں عملی حصہ نہیں لے رہے ہیں ضرور تسلیم کریں گے کہ ان کی زندگی، ان کے معمولی ارادوں اور حوصلوں کو اس جنگ نے بہت کچھ بدل ڈالا۔ جنگ کے روزانہ واقعات پر ہر اس شخص کی نظریں لگی رہتی ہیں جو دنیا کے امن اور آزادی سے ذرا بھی دلچسپی رکھتا ہو۔ دوسری طرف طلبہ اور معلومات کے شوقین سب سے زیادہ جس چیز سے متاثر ہوتے وہ کتابوں اور مفید مطلب جرائد کی کمی ہے۔ جنگ کی وجہ سے دوسرے ممالک کا سفر بھی دشوار ہو گیا اور اب ہندوستان میں ہمسایہ ملکوں کے متعلق اتنی معلومات بھی نہیں حاصل ہونے پاتی جو جنگ سے پہلے مہیا ہو جاتی تھی۔ لہٰذا آج کل اپنے اوراق میں

Marfat.com

بدیشی ملکوں، بدیشی ادب اور علوم کے متعلق مفید مضامین پیش کرکے ایک اہم ضرورت کو پورا کرے گا۔ جو عرصے سے محسوس کی جارہی تھی۔ اس طرح اور کچھ نہیں تو خالص فلمی اور ادبی روایت زندہ رہے گی جو سیاسی الجھیڑوں سے آزاد ہے اور ہمیشہ سے ایشیا کا طرۂ امتیاز رہی ہے۔"

("آج کل کا نیا دور" یکم جون ۱۹۴۳ء ص ۲-۳)

آج کل کی نئی پالیسی اور پروگرام کے سلسلے میں دداشی صاحب کا یہ اداریہ بہت اہم ہے۔ اس سے آج کل 'اب تک کیا تھا اور آئندہ کیا ہوگا؟' اس پر بھرپور روشنی پڑتی ہے۔ اور یہ بات واضح ہوکر سامنے آجاتی ہے کہ آج کل کو ادبی اور معیاری بنانے کی ابتدا دداشی صاحب ہی سے ہوجاتی ہے اور آج کل آج جو کچھ بھی ہے وہ اسی کی ترقی یافتہ شکل ہے۔ جس کا سہرا ماضی میں دداشی صاحب کے سر جاتا ہے۔

دداشی صاحب اور ان کے رفقانے اپنی محنت اور لگن سے اِسے ایک اچھا جریدہ بنادیا ہے۔ دداشی صاحب نے ہندوستان کے ہر اچھے ادیبوں اور شاعروں سے ربط پیدا کیا اور انھیں آج کل کے لیے لکھنے پر آمادہ کیا۔ اس طرح چند ہی دنوں میں ملک کے اچھے اچھے تخلیق کاروں کی تخلیقات آج کل میں شائع ہونے لگیں اور ساتھ ساتھ ان کی تصویریں بھی۔ دداشی صاحب نے کئی اور اچھے کام کیے جس سے رسالہ کی اہمیت میں اور اضافہ ہوا۔ انھوں نے مختلف ممالک کی خبریں، لڑائی کا روزنامچہ، لطائف، فارسی سکھلانے کا سلسلہ وغیرہ کے عنوان سے بہت سی کارآمد اور معلوماتی چیزیں قارئین کو بہم پہنچائیں۔

دداشی صاحب اور ان کے رفقانے اس طرح آج کل کو ایک معیار و سمت عطا کردی اور اسے ایک ایسی راہ دکھلا دی جہاں آگے کی منزلیں طے کرنے کے امکانات بہت تھے بس کوشش شرط تھی۔

یعقوب دداشی کے مدیر اعلیٰ کے عہدے سے سبکدوش ہونے کے بعد ۱۵ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو سید وقار عظیم اس عہدے پر فائز ہوئے اور ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء تک برقرار رہے۔ ان کے ساتھ فضل حق قریشی، سید آفاق حسین، بھگت سروپ کھلر، رگھوناتھ ریناّ بطور نائب مدیر کام کرتے رہے۔ ان کے دورادارت میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوئی بلکہ یہ دداشی صاحب کی دکھلائی ہوئی ڈگر پر چلتے رہے اور انھوں نے اپنی طرف سے کوئی قابل قدر اضافہ یا تبدیلی نہیں کی۔ بلکہ سابقہ معیار کو برقرار رکھا۔

۱۹۴۷ء میں تقسیم ملک کے بعد آج کل کا یہ دور ختم ہوجاتا ہے۔ ایک سال نئی تنظیم میں گزر گیا۔ اشاعت کی باقاعدگی میں بھی فرق آیا۔ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد صرف دسمبر ۱۹۴۷ء جنوری فروری ۱۹۴۸ء کا مشترک شمارہ اور گاندھی نمبر ہی شائع ہوسکا۔ یہ تینوں شمارے ایڈیٹر انچارج رگھوناتھ ریناّ اور نتیش چندر سکسینہ طالب دہلوی کی زیر ادارت شائع ہوئے۔ ان دونوں نے رسالے کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کی اور اس میں کافی حد تک کامیاب بھی رہے۔ گاندھی نمبر ان لوگوں نے آج کل کے مروجہ سابقہ معیار سے، ہنگامی حالات کے باوجود کسی طور بھی کم تر نہیں نکالا۔ اس شمارے میں اس دور کے تمام اہم ادیبوں اور شاعروں کی تخلیقات، گاندھی جی کے بارے میں ان کے خیالات و تاثرات سبھی کچھ شامل ہیں۔

گاندھی نمبر ۱۹۴۸ء کے اداریے کو دیکھنے سے جہاں ان کی قابل داد کوشش کا پتہ چلتا ہے وہیں اس دور کے پورے ادب کا ایک خاکہ بھی سامنے آجاتا ہے۔ ادب اور زندگی کے تعلق پر بھی روشنی پڑتی ہے اور ان اثرات کا بھی جو برطانوی سامراج چھوڑ گئے تھے۔ ملاحظہ فرمائیے:

Marfat.com

"پچھلے سال کی پندرہ اگست کو آخر وہ تاریخی دن بھی آیا جس کے لیے ہم نے اَن گنت قربانیاں کی تھیں اور دکھ جھیلے تھے۔ اس موقع پر ہم نے آج کل کا ایک خاص نمبر بھی پیش کیا تھا۔ حالانکہ ہم اس کو اتنا اچھا نہ بنا سکے جیسا کہ چاہتے تھے پھر بھی اس زمانے کے وقتوں کو دیکھتے ہوئے جو کتابت اور چھپائی کے سلسلے میں پیش آئیں وہ نمبر کچھ ایسا بُرا بھی نہ تھا اور اس میں ہماری جنگِ آزادی کی کچھ جھلکیاں صاف نظر آتی ہیں۔

پندرہ اگست کے بعد ہم نے آج کل کو سنوارنے اور بہتر بنانے کی کوشش کی مگر طلوع آزادی کے ساتھ دھرتی خون سے رنگ گئی، سماجی زندگی کا کوئی بھی شعبہ ایسا نہ تھا جو متاثر نہ ہوا ہو ان حالات میں آج کل پر بھی اثر پڑنا لازمی تھا۔"

آزاد ہندوستان میں اردو کے مستقبل، ادب اور زندگی کے تعلق پر گفتگو کرتے ہوئے رقم طراز ہیں :

"ملک کی تقسیم سے اردو کا مستقبل کسی قدر دھندلا تو ضرور گیا ہے لیکن بالکل تاریک بھی نہیں ہوا ہے۔ وہ منزلیں طے ہو چکیں ہیں جب ہم فارسی اور عربی کا سہارا لیتے تھے آج ہمیں اپنی ہی دھرتی کے بول پیارے لگتے ہیں اور جنتا کے دلوں کی دھڑکنوں کو انھیں کی زبان میں پیش کرنا پسند کرتے ہیں۔ اگر ہمارا ادب زندگی کے قریب تر آتا جائے تب ہی اس کا مستقبل روشن رہ سکتا ہے۔ اسی ڈگر کو کبھی نانک اور کبیر نے اپنایا تھا اور اس سے ہی امیر خسرو اور نظیر نے اختیار کیا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ سب ادیب اور شاعر سدا اس ڈگر پر چلتے رہیں۔

موجودہ ادب پر ایک نظر ڈالنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے ادیب ادب اور زندگی کے تعلق کو سمجھ چکے ہیں اور جہاں ہمارا ادب زندگی سے متاثر ہوا ہے وہاں وہ زندگی کو متاثر کرنے کی قوت بھی رکھتا ہے کچھ لکھنے والوں پر تو انگریزی کا اثر اتنا گہرا ہے کہ ان کی تحریروں میں مصنف کی اپج کی بہ نسبت انگریزی خیالات کا نقش زیادہ گہرا اور واضح ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ انگریزی ادب کے علاوہ اور دوسرے ملک کے ادب سے بھی فائدہ اٹھایا جائے لیکن محض اسی کا ہو کر نہ رہا جائے۔ (آزاد ہندوستان میں آج کل۔ اداریہ گاندھی نمبر ۴۸ء)

یہ اداریہ اس لحاظ سے بڑا اہم ہے کہ یہ آزاد ہندوستان میں آج کل کا اداریہ ہے اور ایک ایسے پُرآشوب حالات میں لکھا گیا جب آج کل پابندی کے ساتھ شائع بھی نہیں ہو رہا تھا۔ ان حالات میں جن باتوں کی نشاندہی کی گئی اور ادب کے متعلق جو حقیقت پسندانہ جائزہ لیا گیا وہ بہ نظر استحسان دیکھا جا سکتا ہے۔ اردو کے مستقبل کے بارے میں جو بات کہی گئی تھی وہ آج حرف بہ حرف سچ ثابت ہوئی۔ اس کا مستقبل روشن ہونے کے بجائے دھندلا ہی ہوتا جا رہا ہے۔ ادب میں بھی اگر یہاں کی مٹی کی بو باس نہ ہوتی تو شاید اس قدر ترقی نہ کر سکتا۔ انگریزی اثرات کا جہاں تک تعلق ہے تو آج بھی ہم اُس کے اثر سے نکل نہیں پائے ہیں بلکہ دن بدن مزید اس کے زیر اثر ہوتے جا رہے۔ تجربات سے فائدہ اٹھانے کی حد تک تو یہ بات درست ہے۔ لیکن اسی کا ہو کر رہ جانا شاید مناسب نہیں۔ اس روش کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ گاندھی نمبر پر آج کل کے ایک دور کا اختتام ہوتا ہے۔

Marfat.com

اگست ۱۹۴۸ء سے آج کل کے نئے دور کا آغاز ہوتا ہے۔ تعطّل اور جمود کی وہ کیفیت جو تقسیم ملک کی وجہ سے پیدا ہو گئی تھی ختم ہوتی ہے اور زندگی تازہ دم ہو کر پھر منزل کی طرف گامزن ہو جاتی ہے ادارہ اور ادارت سبھی کچھ تبدیل ہو جاتا ہے۔ انگریزوں کے قائم کردہ یونائیٹڈ پبلی کیشنز، کو ختم کر دیا جاتا ہے اور حکومت ہند "پبلی کیشنز ڈویژن" کے نام سے نئے ادارے کا قیام یا انتخاب عمل میں لاتی ہے اور تین رسالوں کے نکالنے کا پروگرام بناتی ہے آج کل کے علاوہ مزید دو رسالے "نونہال" اور "بساط عالم" کا اعلان شائع ہوتا ہے۔

'گاندھی نمبر' ۱۹۴۸ء میں آج کل کے نئے دور کا اعلان "آج کل کا نیا دور" کے نام سے شائع ہوتا ہے۔ جس میں جوش ملیح آبادی کے مدیر اعلیٰ کی حیثیت سے ادارے کی ذمہ داری سنبھالنے پر خوشی کا اظہار بھی کیا جاتا ہے۔ آج کل کی اشاعت کے التوا پر معذرت کے ساتھ ساتھ نئے عزم کا اظہار اور ادیبوں اور شاعروں سے معاونت کی گذارش بھی کی جاتی ہے۔ مکمل اعلان ملاحظہ فرمائیے :

"اردو کے ادبی حلقوں میں یہ خبر مسرّت کے ساتھ سنی جائے گی کہ شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی حکومتِ ہند کے "پبلی کیشنز ڈویژن" کے شعبۂ اردو کے مدیر اعلیٰ کی حیثیت سے تشریف لے آئے ہیں۔ شعبۂ اردو اس پر جتنا بھی فخر کرے کم ہے۔ راقم، جگن ناتھ آزاد اور بلونت سنگھ آپ کے معاونین کی حیثیت سے کام کریں گے۔ شعبۂ اردو کے زیر اہتمام آج کل کے علاوہ دو رسالے 'بساطِ عالم' اور 'نونہال' بھی نکلیں گے۔

چند مجبوریوں کی وجہ سے آج کل کی اشاعت قریب قریب ملتوی رہی اس کے لیے ہم ناظرین سے معذرت کے خواستگار ہیں۔ 'آج کل کا نیا دور' اب ماہ اگست ۱۹۴۸ء سے شروع ہوگا اور اس دور کا پہلا پرچہ ۱۵ اگست تک شائع ہو جائے گا۔ پہلے یہ مہینے میں دوبار شائع ہوتا تھا اب یہ ماہانہ کر دیا گیا ہے۔ امید ہے آج کل اپنے نئے دور میں اپنی سابقہ روایات کو برقرار ہی نہیں رکھے گا بلکہ صوری اور معنوی لحاظ سے ترقی کی طرف گامزن ہوگا۔ حسبِ سابق اس میں تضاد پر بھی ہوں گی۔ عصر حاضر کے تقاضوں کے اعتبار سے معیاری ادب کے نمونے بھی اور ہندوستان کی آزادی اور بہبود سے متعلق مقالے بھی۔ الغرض اس کے حسنِ ظاہر اور حسنِ باطن میں ہر ممکن اضافے کی کوشش کی جائے گی۔ ہمیں امید ہے کہ مضمون نگار حضرات اور احباب جو اس رسالے پر کرم فرماتے رہے ہیں اپنے سلسلہ کرم کو جاری رکھیں گے اور اپنی اولین فرصت میں اپنے نظم و نثر کے شاہ کار عنایت فرما کر آج کل کی قدر و قیمت میں اضافہ فرمائیں گے۔

مشاطہ را بگو کہ برا سباب حسن یار
چیزے فزوں کند کہ تماشا بہ ما رسید

(تحریر) عرش ملسیانی

یہ اعلان تھوڑی دیر کے لیے ہمیں الجھن میں ڈالتا ہے۔ ایک طرف تو 'گاندھی نمبر' میں انچارج ایڈیٹر کی حیثیت سے جن دو صاحبان کے نام ہیں یہ اعلان ان کے نام سے شائع ہونا چاہیے تھا یا اگر یہ تمام صاحبان اس وقت تک ادارت کی ذمہ داریاں سنبھال چکے تھے تو پرچہ ان کی ادارت میں نکلنا چاہیے تھا۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ بلکہ اعلان ایک تیسرے شخص کے نام سے آیا جو اگست سے پرچہ نکالنے کا اعلان کر رہا ہے۔ اس ضمن میں ایک ہی بات معقول سمجھ میں آتی ہے جو زیادہ قرینِ قیاس معلوم ہوتی ہے وہ یہ کہ ان لوگوں کا تقرر

Marfat.com

تواس وقت تک عمل میں آچکا تھا لیکن ان دونوں حضرات کی مدت ابھی ختم نہیں ہوئی تھی بلکہ گاندھی نمبر کے ساتھ ختم ہونی تھی۔ لہٰذا ذمہ داریاں سنبھالنے کے باوجود وہ گاندھی نمبر کے معاملے میں دخل نہ دے سکتے تھے اس لیے صرف اعلان کی حد تک اس بات کی اجازت دی گئی۔ اس لیے اعلان پر تحریر عرش ملسیانی، طبع ہوا۔ گاندھی نمبر کے بعد جب یہ دونوں حضرات سبکدوش ہوئے تو پھر اس نئی ٹیم نے اپنے نئے منصوبے کے ساتھ کچھ وقفہ کر کے رسالے کو اپنی سابقہ روایات کے مطابق نکالنے کا فیصلہ کیا۔ اس طرح گاندھی نمبر کے بعد جو پہلا پرچہ آیا اس پر تمام حضرات کے نام درج ہوئے۔

اس طرح اگست ۱۹۴۸ء سے جوش ملیح آبادی کی قیادت میں آج کل کے نئے دور کا آغاز ہوتا ہے اور آج کل کے ساتھ ساتھ دو مزید رسالے حسب اعلان شائع ہوتے ہیں۔ رسالہ 'نونہال'، چونکہ بچوں کے لیے تھا اس لیے اس میں بچوں کے معیار کے مطابق کہانیاں، نظمیں، پہیلیاں، ڈرامے، خبریں، تصویریں اور مختلف مسائل پر دلچسپ مضامین شائع ہوتے تھے۔ "بساط عالم" کا مقصد عوام کو صحیح اور سنجیدہ انداز میں غیر ملکی سیاست اور اس کے مختلف پہلوؤں سے آشنا کرانا تھا۔ اس میں بین اقوامی سیاست اور تہذیب و تمدن سے متعلق مضامین ہوتے تھے افسوس کہ یہ سلسلہ زیادہ دنوں تک نہیں چل سکا اور ۱۹۴۹ء میں حکومت نے موخرالذکر دونوں رسالے بند کر دیے۔ بچوں کی ضرورت کے لیے مارچ ۱۹۵۰ء سے آج کل کے آخر میں آٹھ صفحوں پر مشتمل "بچوں کا آج کل" شائع ہونے لگا یہ سلسلہ اکتوبر ۱۹۶۵ء تک جاری رہا پھر اس بنا پر بند کر دیا گیا کہ بچے اس رسالے کے خریدار کیسے بن سکتے ہیں جو زیادہ تر بڑوں کے لیے ہو۔

بچوں کے بین اقوامی سال کے موقع پر ۱۹۷۹ء میں ایک خاص نمبر نکالا گیا اور یہیں سے ہر تین ماہ پر "بچوں کا ضمیمہ" الگ سے شائع کیا جانے لگا۔ جو آج کل کے خریداروں کو مفت میں دیا جاتا تھا۔ اس سلسلے کو قارئین نے بے حد پسند کیا جس کی وجہ سے یہ سلسلہ ۱۹۸۱ء تک جاری رہا پھر اسے بھی بند کر دیا گیا۔

اگست ۱۹۴۸ء میں آج کل کے نئے دور کا پہلا شمارہ شائع ہوا۔ تینوں رسالوں پر ایڈیٹر اور تینوں اسسٹنٹ ایڈیٹروں کے نام بھی شائع ہوئے لیکن اندرونی تقسیم کار کے مطابق آج کل کی ترتیب و تدوین عرش ملسیانی کے ذمے تھی۔ پہلے یہ ماہنامہ تھا۔ جنوری ۱۹۴۹ء سے دسمبر ۱۹۴۹ء تک پندرہ روزہ ہو گیا پھر ماہنامہ ہو گیا اور آج تک اسی حیثیت سے جاری ہے۔

جوش صاحب نے اپنے زمانۂ ادارت میں آج کل کو خوب سے خوب تر بنانے کی بھرپور کوشش کی۔ نئے نظام کے تحت اس جریدے کے مقاصد میں یہ بات خاص طور پر شامل تھی کہ ہندوستان کی مشترکہ تہذیب اور کلچر کو نمایاں کیا جائے۔ صرف یہی نہیں کہ غزلیں اور افسانے شامل ہوں بلکہ ادب، تہذیب اور معاشرت وغیرہ کے موضوعات پر مقالے شائع کیے جائیں۔ یہ فرض اس جریدے نے جوش صاحب کی ادارت میں بخوبی انجام دیا۔

جوش صاحب نے آج کل کو ایک معیاری جریدہ بنانے کی پوری کوشش کی۔ رسالہ کی معیار بندی کے سلسلے میں اُن کے ماضی کے تجربات بہت تلخ تھے۔ جوش صاحب نے دلّی سے ایک رسالہ 'کلیم' جاری کیا تھا جس کے سلسلے میں شروع میں ان کا حوصلہ بہت بلند تھا لیکن بعد میں اس کا اعلیٰ معیار قائم نہ رہ سکا اور درجہ سوئم کے مقالے چھپنے لگے۔ اپنے اس تجربے کو سامنے رکھتے ہوئے آج کل کے بارے میں قارئین کو کوئی بڑی امیدیں نہ دلاتے ہوئے پہلے ہی شمارے میں معیاری جریدہ کے عنوان سے انھوں نے ایک وثیقہ لکھا

Marfat.com

تھا جس کے راقم وہ خود تھے اور گواہوں میں عرش، آزاد اور بلونت سنگھ کے دستخط ہیں۔ جس میں انھوں نے قحط الرجال کا رونا رویا تھا اور کہا تھا کہ درجہ اوّل کے مضامین بہت کم ملتے ہیں پھر بھی کوشش کی جائے گی کہ معیاری مضامین ہی شائع کیے جائیں۔ وثیقہ آپ بھی ملاحظہ فرمائیں :

"اگر میں آج کل کے باب میں بڑی امیدیں نہ دلاؤں اور بلند آہنگی کے ساتھ بڑے بڑے دعوے نہ کروں تو معذور سمجھ کر مجھے معاف فرمایا جائے۔

ہر چند جہاں تک انسانی مساعی کا تعلق ہے ہر ممکن سعی کی جائے گی کہ معنوی اور صوری دونوں حیثیتوں سے آج کل کم سے کم ہندوستان کا بہترین جریدہ ثابت ہو لیکن مندرجہ بالا سطریں بہ ثباتِ عقل و ہوش اس لیے لکھ دی ہیں کہ سند رہے اور بوقتِ ضرورت کام آوے۔ (رام جوشس۔ گواہان۔ عرش۔ آزاد۔ بلونت سنگھ)

(معیاری جریدہ۔ اگست ۱۹۴۸ء صـ ۶)

جوش نے معنوی اور صوری دونوں حیثیتوں سے آج کل کو ہندوستان کا بہترین جریدہ بنانے کے جس عزم کا اعلان کیا تھا اس کو بھی کر دکھایا۔ اچھے اور معیاری مضامین آج کل کے اوراق کی زینت بنے۔ نئے اور پرانے ادیب بڑی آن بان سے آئے اور بھرپور تعاون دیا۔ سالنامے اور خاص نمبر اپنی امتیازی شان سے بہت ہی عمدہ اور معیاری نکلے۔ کئی خاص نمبر تو بے حد مقبول ہوئے۔

اس طرح جوش صاحب کی قیادت میں رسالہ مقبولیت کی منزلیں طے کرنے لگا۔ اس میں جوش صاحب کی پُروقار شخصیت کے ساتھ ساتھ ان کی سعی، لگن اور خلوص کو دخل تھا۔ جوش صاحب نے محنت و مشقت کر کے اس جریدے کو ایک اہم اور مقبول ترین جریدہ بنا دیا۔ معیاری مضامین کے ساتھ ساتھ کتابت و طباعت کے معیار کو بھی وقار بخشا اور اس کے حسن و دلکشی میں بھی اضافہ کیا۔

جوش صاحب اگست ۱۹۴۸ء تا ۱۹۵۵ء کل سات سال اس رسالے کے مدیر رہے۔ ۱۹۵۵ء میں وہ پاکستان ہجرت کر گئے۔ ان کے جانے کے بعد عرش ملسیانی اس عہدے پر فائز ہوئے۔ جوش کی وجہ سے اس ادارے کو جو شہرت و مقبولیت، قدر و منزلت اور اہمیت حاصل ہو گئی تھی ان کے جانے کے بعد اس کا احساس شدت سے کیا جانے لگا۔ جوش صاحب کی پُرجلال اور پُروقار شخصیت اس ادارے کے لیے باعث افتخار تھی۔ عرش صاحب لکھتے ہیں :

"جوش صاحب کی قیادت ہی کافی تھی۔ ان کی مسلسل صحبت ہی دل و دماغ کی کم مائیگی دور کر دیتی تھی"

اُسی مضمون میں آگے چل کر لکھتے ہیں

"جوش صاحب کا سایہ ہمارے لیے سایۂ عاطفت تھا"

(آج کل کے اٹھائیس برس جون ۱۹۷۰ء ص د)

جوش کے سایۂ عاطفت میں بہت سے مسائل صرف ان کی پُروقار شخصیت کی وجہ سے حل ہو جاتے تھے۔ ہر شخص حدادب ملحوظ رکھتا تھا۔ جوش اس ادارے کے لیے ایک طرح کی ڈھال تھے۔ مدیر کے عہدے پر فائز ہونے کے بعد عرش ملسیانی نے اس حقیقت کا اعتراف کرتے ہوئے لکھا تھا۔

"جوش صاحب کے جانے کے بعد قرعۂ فال مجھ دیوانے کے نام پر پڑا۔ بوجھ اور ذمہ داری

Marfat.com

تو پہلے بھی گلے کا ہار تھی لیکن ہر مخالفانہ اور معاندانہ وار کے لیے جوش صاحب ایک مضبوط ڈھال تھے۔ اب یہ ذمہ داری براہ راست میرے کندھوں کا بوجھ بن گئی۔"

(آج کل کے اٹھائیس برس۔ جون۔ ۱۹۷۰۔ ص۔د)

جوش کی کمی کا احساس ہونا فطری بات تھی۔ ان کی وجہ سے جو خلا پیدا ہوگیا تھا اس کا پُر کرنا اس وقت ناممکن تھا۔ کسی بڑی شخصیت کی وابستگی ہی اُس ادارے کی شان و شوکت میں اضافہ کرتی ہے۔ اور جوش کی شخصیت بھی کچھ ایسی ہی تھی۔

عرش ملسیانی نے ۱۹۵۵ء میں بہ حیثیت ایڈیٹر یہ ذمہ داری سنبھالی اور ۱۹۶۷ء تک اس پر فائز رہے۔ مظفر شاہ، مہدی عباس حسینی اور شہباز حسین اس مدّت میں مختلف وقفوں میں ان کے رفیقِ کار رہے۔ عرش نے اپنے رفیق کار کی رفاقت کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے۔

"مظفر شاہ، مہدی عباس حسینی اور شہباز حسین مختلف وقفوں میں میرے رفیق کار رہے۔ ان کی علمی اور ادبی صلاحیتوں سے مجھے بہت مدد ملی۔ یہ تینوں افراد بہت اچھے کارکن اور مخلص رفیق تھے۔ اس زمانے میں ان صفات کا ملنا بہت مشکل ہے۔"

(آج کل کے اٹھائیس برس۔ جون۔ ۱۹۷۰۔ ص۔د)

ان حضرات کی رفاقت میں عرش صاحب نے اس رسالے کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش تو کی لیکن راہ میں بہت سی دشواریاں بھی مانع رہیں جس کی وجہ سے وہ اس رسالے کو اپنی کوششوں کے باوجود اس حد تک بہتر نہ بنا سکے جس حد تک ان کی خواہش تھی۔ پھر بھی رسالے کا معیار کسی طرح بھی کم تر نہیں تھا۔ راہ میں حائل ہونے والی دقتوں اور پریشانیوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ترجمے اور تصنیف و تالیف کا بہت سا کام اس ادارے سے وابستہ تھا۔ آج کل کے ساتھ ساتھ وہ بھی ہوتا رہا۔ دَم مارنے کی فرصت نہ ملتی۔ جہاں سرکاری رسالے کو بہت سی سہولتیں میسّر ہوتی ہیں وہاں دقتیں بھی شامل حال رہتی ہیں۔ کبھی چھپائی کا اچھا انتظام نہیں۔ کبھی حکومت کی پالیسی کا احتساب اچھے اچھے مضامین کو جزوًا یا کلیۃً شائع کرنے سے روکتا اور کبھی حکومت کے تقاضے اس بات پر اصرار کرتے کہ اس میں پبلسٹی کا مواد زیادہ ہونا چاہیے۔"

میں ہمیشہ زور دیتا رہا ہوں کہ رسالے کی صوری حیثیت بہتر بنائی جائے مگر اچھے کاتبوں کی کمی، لیتھو کی چھپائی کا دشوار گذار اور ناقص راستہ کچھ ایسی باتیں تھیں کہ ان پر ہم میں سے کسی کو قدرت نہ تھی۔"

ان تمام دشواریوں کے باوجود عرش نے رسالے کے معیار کو ایک حد تک قائم رکھا۔ ۱۹۶۷ء سے آفسٹ کی چھپائی کا انتظام بھی ہوگیا اور رسالہ آفسٹ پر چھپنے لگا۔ اس کی صوری حیثیت میں بھی دلکشی اور دیدہ زیبی پیدا ہوئی اور رسالہ پہلے کے مقابلہ میں کافی خوبصورت شائع ہونے لگا۔

عرش کے زمانے میں ایک خاص بات یہ بھی ہوئی کہ حکومت ہند نے اپنے ایک فیصلے کے تحت انگریزی، ہندی اور اردو میں شائع ہونے والے تمام رسالوں کے ایڈیٹوریل بورڈ مقرر کرنے کا اعلان کیا۔ یہ اعلان ستمبر ۱۹۵۶ء کے شمارے میں شائع ہوا۔ اس فیصلے کے تحت آج کل کے لیے ایک ایسا ہی بورڈ تشکیل دیا گیا۔

Marfat.com

اس بورڈ میں ڈائرکٹر پبلی کیشنز ڈویژن، ڈپٹی ڈائرکٹر ایڈیٹوریل بورڈ، ڈپٹی ڈائرکٹر پروڈکشن، ایڈیٹر آج کل کے علاوہ دلّی سے پروفیسر محمد مجیب، منشی گوپی ناتھ امن اور ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی، حیدرآباد سے ڈاکٹر محی الدین قادری زور اور کشمیر سے رحمان راہی شامل کیے گئے۔ بعد میں جب زور صاحب کشمیر چلے گئے تو کشمیر کی نمائندگی ان کے سپرد کی گئی اور حیدرآباد کی نمائندگی عبدالقادر سروری نے کی۔ اس بورڈ کی حیثیت مشاورتی تھی۔ کچھ دنوں بعد پھر حکومت کے ایک فیصلے کے تحت اس بورڈ کو ختم کر دیا گیا۔

اس بورڈ کو ختم کرنے کی وجہ مشاورتی دشواریاں تھیں۔ ایک مدیر کے لیے ان تمام حضرات سے مشورہ لینا اور ان پر عمل کرنا بہت مشکل تھا۔ مشکلات تو اس وقت اور پیچیدہ ہو جاتی تھیں جب مشورے کی نوعیت مختلف النوع ہوتی تھی۔ اس دشواری کو دیکھتے ہوئے آج کل کے بورڈ نے متفقہ مشورے کے تحت یہ کام امن صاحب کے سپرد کر دیا۔ عرش صاحب اپنے سبکدوش ہونے تک ان سے مشورے لیتے رہے اور بقول عرش صاحب:

"موصوف کے مفید مشوروں سے فیض پاتا رہا۔ اور گیارہ سال کی طویل مدت میں میرا کبھی ان سے اختلاف رائے نہیں ہوا۔ بورڈ کی میٹنگ سال دو سال میں کبھی ہوتی تھی۔ ان کے مفید مشورے سے مجھے بہت فائدہ پہنچتا۔"

(آج کل اٹھائیس برس۔ جون۔ ۱۹۷۰ ص۔ ر)

عرش صاحب اپنی عمر کے ۵۹ سال پورے کرنے کے بعد ستمبر ۱۹۶۷ء میں اس ادارے سے سبکدوش ہو گئے۔ انھوں نے سبکدوش ہونے سے چند دن قبل ایک الوداعیہ لکھا تھا جو اکتوبر ۱۹۶۷ء کے شمارے میں شائع ہوا تھا۔ اس میں انھوں نے آج کل کا محاسبہ کیا، ادیبوں کا شکریہ ادا کیا اور قارئین سے معذرت کے بعد دونوں سے آنے والے ایڈیٹر کی معاونت کی گذارش کی اور رسالہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ الوداعیہ آپ بھی ملاحظہ فرمائیں:

"۱۹ ستمبر ۱۹۶۷ء کو میری عمر طبعی کے ۵۹ سال ختم ہو جائیں گے۔ اور اسی دن میں ملازمت سے سبکدوش ہو جاؤں گا۔ جب تک یہ شمارہ قارئین تک پہنچے گا میں قریب قریب ۳۰ سال کی مسلسل پابندی کے بعد آزاد فضا میں دم لے رہا ہوں گا۔ آج کل سے ایک لمبی مدت تک میں وابستہ رہا۔ اپنی بساط کے مطابق میں نے اپنے فرائض کو ادا کیا۔ آج کل ایک اچھا ادبی رسالہ ہے اس کی روایات بڑی شاندار ہیں۔ یہ غالباً ۱۹۴۲ء میں جاری ہوا۔ تقسیم ملک کے وقت آغا محمد یعقوب درداشی مرحوم اس کے مدیر تھے۔ ۱۹۴۸ء میں جوش ملیح آبادی اس کے مدیر مقرر ہوئے اور مجھے اسسٹنٹ ایڈیٹر کی حیثیت سے ان کے قدموں میں بیٹھنے کا موقعہ ملا۔ ۱۹۵۵ء کے آخر میں وہ پاکستان تشریف لے گئے۔ جنوری ۱۹۵۶ء سے میں اس رسالے کا مدیر مقرر ہوا۔ مجھے مدیر کے فرائض کی گراں باری کا احساس تھا اس لیے میں نے اس شعر پر عمل کیا۔

نوا را تلخ تر می زن چو ذوق نغمہ کم یابی
حدی را تیز تر می خوان چو محمل را گراں بینی

ملک کے مقتدر ادیبوں اور شاعروں نے مجھ سے تعاون کیا میری کوتاہیوں کو نظر انداز کیا۔ اس کے لیے میں ان کا شکر گذار ہوں۔ میں آج کل کے قارئین سے بھی معذرت خواہ ہوں

Marfat.com

کیونکہ میں ان میں سے سب کی تشنگیٔ ادب، ان کے ذوق کے مطابق نہ بجھا سکا۔ مضمون نگاروں میں اکثر مجھ سے ناخوش ہوں گے کیونکہ میں ان کی خدمت بجا نہ لا سکا اور ان کے ارشادات کو رسالے میں شامل نہ کر سکا میں ان سے بھی معذرت کا خواہاں ہوں۔

جس طرح مجھ پر قارئین اور مضمون نگار مہربان رہے مجھے امید ہے کہ آنے والے مدیر سے بھی ان کا اشتراکِ عمل اسی سرگرمی سے جاری رہے گا مجھ میں کمزوریاں تھیں ہیں نے کوتاہیاں کی ہوں گی۔ لیکن مجھے امید ہے کہ میرے بعد آنے والے صاحب مجھ سے ہر حال میں بہتر ثابت ہوں گے۔

آج کل آپ کا اپنا رسالہ ہے۔ اس کی توسیع اشاعت میں ہمیشہ کوشش کیجیے تاکہ صالح ادب آپ تک اور آپ کے دوستوں تک پہنچتا رہے اس دور میں اس کی بڑی ضرورت ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میرے بعد بھی یہ رسالہ آب و تاب سے جاری رہے گا۔ اور آپ کے ذوقِ ادب کی پیاس بجھاتا رہے گا ؎

السّلام اے بعدِ ما آیندگان رفتنی

عرش ملسیانی - اکتوبر ۱۹۶۷ء

عرش صاحب کے بعد اکتوبر ۱۹۶۷ء میں شہباز حسین ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ ان کے ساتھ راج نرائن راز اور نند کشور وکرم بطور اسسٹنٹ ایڈیٹر اور سب ایڈیٹر کام کرتے رہے۔ شہباز صاحب نے آج کل کے مقاصد کو نظر میں رکھتے ہوتے کچھ نئے تجربے کیے۔ قومی یک جہتی اور لسانی اتحاد و یگانگت کو فروغ دینے کے لیے دوسری ہندوستانی زبانوں کی شاعری کے تراجم شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا جو لسانی اتحاد و یگانگی کی طرف اچھا قدم تھا۔ انھوں نے آج کل کی روایت کو قائم رکھتے ہوئے اس کے حسن و دلکشی میں اضافہ کیا۔ نئے لکھنے والے گرچہ ہر دور میں نمایندگی حاصل کرتے رہے ہیں لیکن یہ نمایندگی زیادہ تسلّی بخش نہیں تھی۔ شہباز صاحب نے اپنے وقت میں اس میں اضافہ کیا اور نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جس سے ان کی ایک اچھی ٹیم ابھر کر سامنے آئی۔ ان کے دور میں نئی شاعری اور نئی افسانہ نگاری کا چرچا عام ہوا۔ جدید افسانہ نگار بھی منظرِ عام پر آئے۔ لیکن دوسری طرف ادبی اور تحقیقی مضامین میں کمی ہوئی۔ نئے لکھنے والوں کی شہباز صاحب نے جس طرح حوصلہ افزائی کی اُس سے نئے لکھنے والوں کی ایک پوری نسل اُبھر کر سامنے آئی اور آج انہی لوگوں میں بہت سے لوگ پایہ کے ادیب و شاعر بن چکے ہیں۔

شہباز صاحب نے رسالے کے معیار کو بہتر کرنے کے لیے قارئین کی رائے سے استفادے کی خاطر نومبر ۱۹۶۸ء میں چار سوالوں پر مشتمل ایک سوالنامہ جاری کیا جس کے جواب کے لیے قارئین سے گذارش کی۔ بہت سے لوگوں نے اپنی آراء کا اظہار کیا یہ سلسلہ کافی دنوں تک جاری رہا۔ قارئین کی رائے کی روشنی میں آج کل کے معیار کو بہتر کرنے کے لیے کچھ تبدیلیاں بھی کی گئیں۔ غرض قارئین کی رائے اس کے معیار کو بہتر بنانے میں کافی معاون ثابت ہوئیں۔

شہباز صاحب ہی کے دور میں آج کل نے اپنی عمر کے اٹھائیس سال پورے کیے اور اس کی سلور جوبلی منائی گئی۔ جون ۱۹۷۰ء میں آٹھ صفحوں پر مشتمل "آج کل کے اٹھائیس برس" کے نام سے

Marfat.com

عرش ملسیانی کا سلور جوبلی ضمیمہ شائع ہوا۔ جس میں عرش نے آج کل کے آغاز وارتقا سے بحث کی۔

شہباز صاحب کے زمانے میں آج کل کا دفتر جون ۱۹۶۸ء میں اولڈ سکریٹریٹ سے پٹیالہ ہاؤس منتقل ہوا اور ابھی تک وہیں ہے۔ دسمبر ۱۹۶۹ء سے شہباز صاحب نے 'غبار کارواں' کے عنوان سے ادیبوں کے خودنوشت سوانح کا سلسلہ شروع کیا جو تحقیقی نقطۂ نگاہ سے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس طرح شہباز صاحب نے اپنے زمانۂ ادارت میں آج کل کو بہت کچھ دیا۔ اپریل ۱۹۷۲ء تک آپ اس عہدے پر فائز رہے۔

شہباز حسین کے بعد مئی ۱۹۷۲ء میں مہدی عباس حسینی اس عہدے پر فائز ہوئے۔ ان کے ساتھ نند کشور وکرم بہ طور سب ایڈیٹر کام کرتے رہے۔ حسینی صاحب کے زمانے میں آج کل میں تھوڑی سی تبدیلی ہوئی تشہیری مضامین کی کثرت اس کی ادبیت پر غالب آگئی۔ ادبی مضامین کے مقابلے میں سیاسی مضامین زیادہ شائع ہونے لگے جس سے اس کے ادبی وقار اور اس کی ادبی روایت میں تھوڑی سی کمی آئی۔ پانچواں پلان، فیملی پلاننگ، اندرا گاندھی کا دہا، قومی ترقی کا محاسبہ، بیس نکاتی پروگرام، جمہوریت اور نظم وضبط، مرکزی ادارہ غذائی تحقیقات، عوام اور نیا معاشی پروگرام جیسے مضامین کی غالب اکثریت رہی۔ ان کے زمانے میں رسالہ حقیقی معنوں میں حکومت کا ترجمان نظر آتا ہے۔ مہدی صاحب مارچ ۱۹۷۶ء میں اس عہدے سے سبکدوش ہوئے۔

حسینی صاحب کے زمانے میں جولائی ۱۹۷۴ء کے شمارے پر ایڈیٹر حسینی صاحب کی جگہ رام سرن چوپڑہ چھپا ہوا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ اس زمانے میں حسینی صاحب سخت علیل تھے اور آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس میں زیر علاج تھے۔ رسالہ پریس جانے کو تیار تھا۔ ڈائرکٹر نے چوپڑہ صاحب سے ایک نظر دیکھ لینے کو کہا تو انھوں نے موقع کا فائدہ اٹھا کر حسینی صاحب کا نام نکال کر اپنا نام لکھوا دیا۔ چھپنے کے بعد جب رسالہ حسینی صاحب کی خدمت میں (ہاسپٹل میں) پیش کیا گیا تو وہ چوپڑہ صاحب کا نام اپنے نام کی جگہ دیکھ کر متحیر رہ گئے اور رسالہ لے جانے والے سے پوچھا "کیا بھئی مجھے نوکری سے نکال دیا گیا؟" جب ان کو تمام حالات معلوم ہوئے تو چوپڑہ صاحب سے ان کی اس غیر اخلاقی حرکت کا اظہار کیا۔ دوسرے ماہ سے پھر حسینی صاحب کا نام آنے لگا۔

اپریل ۱۹۷۶ء میں شہباز صاحب دوبارہ اس کے ایڈیٹر مقرر ہوئے اور مارچ ۱۹۸۱ء تک اس عہدے پر فائز رہے۔ اس درمیان نند کشور وکرم اور محمد عادل صدیقی بہ طور اسسٹنٹ ایڈیٹر کام کرتے رہے۔ شہباز صاحب نے رسالے کو پرانی ڈگر کی طرف لوٹانے اور روایت سے اس کا رشتہ جوڑنے کی کوشش کی اور کچھ دنوں کی جدوجہد کے بعد اس کے ٹوٹے ہوئے رشتے کو سابقہ روایت کے قریب کر دیا۔ انھوں نے آج کل کو بہتر اور معیاری بنانے کے لیے قاری کی رائے سے استفادے کے طریقے کو اپنایا اس کام کے لیے انھوں نے رسالہ کے آخر میں ایک کارڈ لگانا شروع کیا جس پر قاری اپنی رائے لکھ کر بھیجتا تھا اور معقول مشورے قبول کیے جاتے تھے۔ اپنی ادارت کے پہلے دور میں انھوں نے سوالنامے جاری کیے تھے اور قارئین سے اس کا جواب مانگا تھا۔ یہ دونوں طریقے بے حد کامیاب رہے اور آج کل کو صحیح رُخ دینے میں کافی مدد ملی۔

شہباز صاحب کے بعد اپریل ۱۹۸۱ء میں راج نرائن راز اس کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔

Marfat.com

ان کے ساتھ شوناتھ سکہ اور عابد کرہانی مختلف وقفوں میں بہ طور سب ایڈیٹر کام کرتے رہے۔ مارچ ۱۹۸۴ء میں شوناتھ سکہ اور مئی ۱۹۸۵ء میں عابد کرہانی اپنی خدمات سے سبکدوش ہو گئے۔ مئی ۱۹۸۵ء تا اگست ۱۹۸۷ء تک راز صاحب تنہا اس کے ایڈیٹر رہے۔ فروری ۱۹۸۷ء سے خورشید اکرم سب ایڈیٹر کی حیثیت سے آپ کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

راز صاحب نے آج کل کے معیار کو سابقہ معیار کے مقابلے میں بہتر بنایا ہے اور رسالے کو خالص ادبی ترجمان بنا دیا ہے۔ حکومت کی پالیسیاں صرف اداریے میں سمٹ کر آگئی ہیں یا کبھی ایک دو مضمون اس پر آجاتے ہیں ورنہ تو پورا پرچہ ادبی نوعیت کا ہوتا ہے۔ مضامین کے معیار کو بھی بلند کیا گیا ہے اور ایک خاص طرح کی تقسیم عنوان کے تحت فہرست قائم کی ہے جس کو دیکھتے ہی ایک معیاری رسالے کا اثر مرتب ہوتا ہے۔ انھوں نے ایسے ادب کی اشاعت سے پرہیز کیا ہے جس کے تحت لایعنی افسانے اور شاعری وجود میں آرہے ہیں۔ افسانوں میں نئے طرز اور نئی بات کی تلاش انھیں پسند ضرور ہے لیکن ایک حد کے اندر جس سے اس کی تفہیم مجروح نہ ہو۔ ایسے افسانے کی اشاعت سے وہ گریز کرتے ہیں جسے ادب کا قاری سمجھ نہ سکے۔ تجریدی اور علامتی افسانے کے سلسلے میں بھی ان کا رویہ سخت ہے۔ ان کا یہ اقدام بہت حد تک صحیح ہے اس سے غیر مقصدی ادب کی جو ایک دباؤ پڑی ہے اس کی حوصلہ شکنی ہو گی اور مقصدی ادب کو حوصلہ ملے گا جو ادھر کچھ دنوں سے تنزل کی کیفیت میں مبتلا ہے۔

ایک اور بات جسے موجودہ ایڈیٹر کی خوبی کہی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ انھوں نے موضوعاتی نظم کی اشاعت سے بھی دامن بچانے کی بہت حد تک کوشش کی ہے۔ ورنہ آج کل کے پرانے شماروں میں ایسی لاتعداد نظمیں شائع ہوئی ہیں جن کا مقصد حکومتِ وقت یا کسی بڑی شخصیت کی خوشنودی اور رضا حاصل کرنا تھی جس کی ادبی اہمیت نہیں کے برابر تھی۔ آج کم از کم آج کل کے صفحات ہمیں ایسی شاعری سے پاک نظر آتے ہیں۔ ان کی کوشش اچھی شاعری کو پیش کرنا ہے جس سے ادبی افق پر معیاری شاعری کا منظر نامہ ابھر کر سامنے آ سکے۔

اب جہاں تک مضامین کا تعلق ہے تو پہلے کے مقابلے اس میں حوصلہ افزا بیش رفت نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ ادق اور تحقیقی مضامین کی کثرت نے سوائے چند کے عام قاری کو مایوس کیا ہے۔ جس سے اس کی اشاعت میں بھی فرق آیا ہے۔ تنقیدی مضامین پر تحقیقی مضامین کی سبقت اب بھی برقرار ہے۔ البتہ ظاہری حسن و دلکشی اور رسالے کی جاذبیت میں پہلے کے مقابلے نمایاں فرق آیا ہے اور سائز بھی سابقہ سائز کے مقابلے میں بڑا ہے۔ لیکن صرف ظاہری حسن و دلکشی رسالے کے جاری رہنے کی ضامن نہیں بن سکتی جب تک کہ اس میں مواد کی سطح پر توازن برقرار نہ رکھا جائے۔ راز صاحب توازن برقرار رکھنے کی کوشش تو ضرور کر رہے ہیں لیکن ابھی اس میں پورے طور پر کامیابی حاصل نہیں ہو سکی ہے۔

اداریہ

اداریہ کو کسی بھی رسالے کی روح کہا جا سکتا ہے۔ صحافت میں اس کی بڑی اہمیت ہے۔ اس سے رسالے کے نظریات اس کی پالیسی اور پروگرام اور کسی بھی مسئلہ کے تئیں اُس کے موقف کا پتہ چلتا ہے۔ ہم صرف

Marfat.com

اداریہ پڑھ کر کسی رسالے یا اخبار کے مزاج اور نظریات سے اس کی وابستگی کا پتہ لگا لیتے ہیں (ایڈیٹر وقتاً فوقتاً اپنے موقف کا اعادہ اداریے میں کرتا رہتا ہے) گویا اداریہ رسالے کی نبض ہے جس پر ہاتھ رکھ ہم اُس کی کیفیت کا پتا لگا لیتے ہیں۔ آج کل کے اداریے سے اس کی پالیسی اور اس کے مقاصد کا اندازہ بہ خوبی لگایا جاسکتا ہے۔

اداریہ کا عنوان آج کل میں ہمیشہ یکساں نہیں رہا ہے بلکہ اس میں تبدیلی ہوتی رہی ہے۔ ابتدا سے ۲۰ جنوری ۱۹۴۳ء تک اداریہ نن پرون کے نام سے ہوتا تھا۔ ۴ فروری ۱۹۴۳ء سے اداریہ آج کل لکھا جانے لگا۔ اداریہ پر کبھی ادارہ اور کبھی اداریہ لکھنے والے کا نام ہوتا تھا۔ ۲۰ جنوری ۱۹۴۳ء سے اداریہ صرف ادارہ کے نام سے آنے لگا۔ ۱۵ ستمبر ۱۹۴۳ء سے رفتارِ زمانہ کے عنوان سے اداریہ آنے لگا اور جون ۱۹۵۵ء تک اداریہ کی جگہ یہی عنوان چلتا رہا۔ درمیان میں کچھ دنوں یہ عنوان غائب رہا پھر مئی ۱۹۵۶ء میں ملاحظات کی صورت میں نمودار ہوا۔ اگست ۱۹۷۲ء میں اس کو دوبارہ اداریہ کا نام دیا گیا اور یہ سلسلہ زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکا اور اپریل ۱۹۷۶ء میں "ملاحظات" کا عنوان دوبارہ اختیار کیا گیا اور آج تک اسی عنوان سے قائم ہے۔

اداریہ کے عنوان کی تبدیلی سے اس کی پالیسی میں کوئی فرق تو نہیں آیا البتہ رسالے کے مزاج میں وقت کی تبدیلیوں کے اثرات کی نشاندہی ضرور ہوتی ہے۔ اور یہ نمایاں فرق ہمیں "رفتارِ زمانہ" کے عنوان کے تحت دیکھنے کو زیادہ ملتا ہے۔ خود اس عنوان کے تحت شروع شروع میں حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ ہوتا تھا اور اس پر مبصر لکھا ہوتا تھا۔ لیکن اگست ۱۹۴۸ء سے اسی عنوان کے تحت ملک اور بیرونِ ملک کی اہم خبریں دی جانے لگیں جو کسی اخبار کا تراشہ معلوم ہوتی ہیں اور جس کا مقصد حکومت کی تشہیر ہے اور کچھ نہیں مثال کے طور پر صرف دو رسالوں میں اس عنوان کے تحت دی گئی خبروں کی سرخی پیش کر رہا ہوں تاکہ آپ خود بھی اس کی نوعیت کا اندازہ لگالیں۔

"نہرو جی اور کشمیر، آل انڈیا سودیشی نمائش، کشمیری عوام کا عزم بالجزم، یو این او کی سالگرہ، پریس مشاورتی کمیٹی کا اجلاس، بھارت میں ریلوے انجن بنانے کی فیکٹری، سائنسی الفاظ کا ہندی میں ترجمہ، پاکستان میں نئی سیاسی پارٹی کا قیام، جارج برناڈ شاہ کا انتقال، بھارت کی تجارت برآمد میں ترقی، نہرو لیاقت پیکٹ کی کامیابی، کشمیر کا سب سے بڑا دوست، مذہبی اختلافات کو ختم کرنے کا عہد، فرانسیسی بستیوں میں لوک مت۔"

(جنوری ۱۹۵۱ء - ص ص ۵۶ - ۵۹)

"خوراک کا مسئلہ، کشمیر میں صدر ریاست کا انتخاب، کوریا کا مسئلہ، کامن ویلتھ ممالک کی کانفرنس۔" (جنوری ۱۹۵۳ء - ص ۵۵)

اس عنوان کے تحت جون ۱۹۵۵ء تک جتنے بھی اداریے آئے اُن کی نوعیت اسی قسم کی ہے اور اس پر اداریے کا گمان بھی نہیں گزرتا۔ ابتدا میں یہ عنوان رسالے کے شروع میں اداریے کی جگہ پر ہوتا تھا لیکن بعد میں رسالے کے آخر میں آنے لگا اور پھر اس کی اہمیت اداریے کی بھی نہیں رہی بلکہ خبروں کی ہوگئی بعد میں اسے صرف اس لیے بند کرنا پڑا کہ رسالے کے چھپتے چھپتے بہت سی خبریں پرانی ہو جاتی تھیں اور اس کی اہمیت باقی

Marfat.com

نہیں رہتی تھی۔

اس عنوان کی ابتدا آغا محمد یعقوب دداشی نے کی۔ دداشی صاحب نے ادارت سنبھالنے کے بعد یکم جون ۱۹۴۳ء تک چند اداریے لکھے جن میں ایک اداریہ "آج کل کا نیا دور" کے عنوان سے لکھا جو ان کے تمام اداریوں میں سب سے اہم ہے۔ اس میں انھوں نے آج کل کی اب تک کی صورتِ حال کا جائزہ پیش کرتے ہوئے آئندہ کے موقف کا اعلان کیا ہے۔ بقیہ اداریے عمومی نوعیت کے ہیں۔ جو اس وقت کے مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔

دداشی صاحب سے پہلے جو اداریے لکھے گئے وہ کچھ اشتہاری نوعیت کے ضرور ہیں مگر وہ اس وقت کے اہم موضوعات ہیں اس لیے ان کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

جوش کے زمانے میں اداریے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی بلکہ رفتارِ زمانہ کا عنوان ہی چلتا رہا۔ عرش نے اپنے زمانے میں اس عنوان کو ختم کر کے ملاحظات کے عنوان سے اداریے کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ سلسلہ شہباز صاحب کے وقت تک اسی عنوان سے چلتا رہا۔ مہدی عباس حسینی نے اس کو اداریے کا نام دیا۔ اپریل ۱۹۷۶ء میں شہباز صاحب جب دوبارہ ایڈیٹر ہوئے تو انھوں نے ملاحظات کا عنوان پھر واپس لیا۔ اس وقت سے اب تک یہ اسی نام سے چل رہا ہے۔

یوں تو اداریہ ہر رسالے کا ہی اہم ہوتا ہے لیکن آج کل کے اداریے کی بھی اپنی ایک اہمیت ہے۔ آج کل جب سے جاری ہوا اس وقت سے اب تک اگر اس کے اداریے کا تجزیہ کیا جائے تو کئی حیرت انگیز انکشافات ہوں گے۔ اور بہت سی ایسی چیزیں وہاں محفوظ ملیں گی جو اب کہیں محفوظ نہیں۔ وفات اور انعام یافتہ ادیبوں کی ایک پوری فہرست آج کل کے اداریے سے ترتیب دی جا سکتی ہے۔ مختلف النوع مسائل پر ایک ایسی دستاویز بھی تیار کی جا سکتی ہے جو اب تاریخی اہمیت اختیار کر چکے ہیں۔ مثلاً ترکی میں خلافت کا خاتمہ، دوسری جنگِ عظیم اور اس کے اثرات، شہادت حسین اور حکومتِ الٰہی، ہندوستان کی جنگِ آزادی، تقسیمِ ملک کے اثرات، ہند و پاک جنگ، شملہ سمجھوتہ، بنگلہ دیش کی آزادی اور بہت سے اہم واقعات جو اب تاریخ کا حصہ بن چکے ہیں۔ آج کل کے اداریے میں تلاش کیے جا سکتے ہیں۔

ادیبوں اور شعرا کی وفات، اور ان کے انعامات و اعزازات اور ان کے غیر ملکی سفر کی خبریں جو شاید کسی اخبار کے صفحے میں محفوظ ہوں تو ہوں لیکن کسی ادبی رسالے میں محفوظ نہیں۔ آج کل سے بالترتیب سنہ ان کی فہرست مرتب کی جا سکتی ہے۔

زبان و ادب کے مسائل، اس سے متعلق حکومت کی پالیسی اور اعلانات یا اس کے ساتھ کی جانے والی ناانصافی ملک کے مختلف حصّوں میں اس کی تعمیر و ترقی کی کہانی ہمیں آج کل کے اداریے سے معلوم ہو جائے گی۔ اردو کا درجہ ہندوستان میں اور اردو سے اچھے سلوک کی ہدایت وغیرہ وہ اداریہ ہے جس سے آزاد ہندوستان میں اردو کی حیثیت کا تعین اور ہندوستان میں اس کے مستقبل کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

اس طرح ابتدا سے اب تک آج کل کے اداریے یکساں طور پر تاریخی اور ادبی اہمیت کے حامل ہیں۔ آج کل نے ہر دور کے اہم موضوعات و مسائل کو اپنے اداریے کا عنوان دیا ہے اور حالات کا جائزہ لیتے ہوئے اپنے موقف کی وضاحت بھی کی ہے اور مشورے بھی دیے ہیں۔

Marfat.com

آج کل کے موضوعات

عنوانات

عام عنوانات کے علاوہ آج کل نے کچھ خاص عنوانات کے تحت خاص خاص اوقات میں کچھ خاص سلسلے بھی شروع کیے ہیں۔ عام عنوانات میں مقالے، مضامین، افسانے، کہانیاں، انشائیے، ڈرامے، نظم، غزل، قطعہ رباعی، سفرنامے، شخصیات، کھیل کود اور تہذیب وثقافت رہے ہیں۔ ان کے علاوہ آج کل نے اور بھی بہت سے اہم ادبی اور سماجی موضوعات پر لاتعداد مضامین پیش کیے ہیں۔ ہم یہاں عام عنوانات کو چھوڑ کر کچھ خاص عنوانات جن کا سلسلہ آج کل میں شروع سے ابتک الگ الگ وقتوں میں رہا ہے کا تعارف پیش کریں گے۔

ضمیمہ آج کل

اس عنوان کے تحت یکم جون ۱۹۴۴ء سے دو صفحوں کا ایک سلسلہ ہندوستانیوں کو جدید فارسی زبان سکھلانے کے لیے شروع کیا گیا۔ اس سلسلے کو شروع کرنے کا مقصد بیان کرتے ہوئے ادارہ آج کل لکھتا ہے:

"ایران اور ہندوستان کے بڑھتے ہوئے تعلقات کو دیکھتے ہوئے ضروری ہے کہ ہندوستانیوں کو جدید ایرانی فارسی زبان سیکھنے کی آسانی فراہم کی جائے۔ اس خیال کے پیشِ نظر ہم یہ ضمیمہ شائع کر رہے ہیں یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔"

نمونہ ریلوے اسٹیشن پر درایستگاہ راہ آہن At A Railway Station

یہ صفحات شروع میں ہوتے تھے جس پر صفحہ نمبر نہیں ہوتا تھا۔ یہ ضمیمہ دسمبر ۱۹۴۴ء کے بعد بند کر دیا گیا۔

داستانِ نجات

اس عنوان کے تحت ایتھل وانس کی مشہور کتاب ایسکیپ کا آزاد ترجمہ پیش کرنے کا سلسلہ ۱۰ر دسمبر ۱۹۴۲ء سے شروع کیا گیا جو بہت ہی دلچسپ تھا۔ بارہ قسطوں میں یہ کہانی جون ۱۹۴۳ء میں مکمل ہو گئی۔ اور پھر یہ سلسلہ بند کر دیا گیا۔

فلسفۂ وحی

اس عنوان کے تحت مختلف مسائل اور موضوعات پر مذہبی بحث ہوا کرتی۔ یہ سلسلہ بھی ایک خاص مدت تک چلا۔

قلقل مینا

قلقل مینا کے عنوان سے یکم جون ۱۹۴۳ء سے لطائف کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ یہ سلسلہ بھی زیادہ

Marfat.com

دنوں تک نہیں چل پایا۔

ملاّ نصر الدین

اس سرخی کے تحت ملا نصیر الدین کے لطائف کا سلسلہ شروع کیا گیا جو ایک عرصے تک جاری رہا۔

مشرق وسطیٰ کی خبریں

۱۹۴۴ء سے یہ سلسلہ شروع کیا گیا جس میں مشرق وسطیٰ کے مختلف ممالک کی خبریں شائع ہوتی تھیں جو مختصر مگر بہت ہی جامع ہوتی تھیں۔

نقد و نظر

اس عنوان کے تحت یکم جنوری ۱۹۴۵ء سے نئی کتابوں پر تبصرہ شروع کیا گیا۔ سب سے پہلا تبصرہ وقار عظیم نے کیا جو اعمال نامہ، چرکے اور نئی دنیا پر ہے۔

نقد الانتقاد

نقد الانتقاد کے تحت کسی مضمون، غزل، نظم وغیرہ کو تنقید کی کسوٹی پر کسا جاتا تھا اور بحثیں ہوتی تھیں۔ یہ بحثیں ایک مضمون پر متواتر کئی ماہ کے پرچے میں ہوا کرتی تھیں۔ بعض دفعہ نیا سلسلہ شروع ہو جاتا تھا۔

اِدھر اُدھر سے

اکتوبر ۱۹۴۴ء میں اس عنوان کے تحت چھوٹی چھوٹی خبروں پر مشتمل دو صفحے ہوا کرتے تھے۔ یہ خبریں ادبی، غیر ادبی، سماجی، سیاسی سبھی نوعیت کی ہوتی تھیں۔ حالات حاضرہ سے بھی کچھ خبریں ماخوذ ہوتی تھیں کچھ دنوں بعد یہ سلسلہ بند کر دیا گیا۔

لڑائی کا روزنامچہ، واقعاتِ عالم کا روزنامچہ

جس وقت آج کل شروع کیا گیا تھا اس وقت دوسری جنگِ عظیم جاری تھی اور پوری دنیا بشمول ہندوستان اس جنگ کے شعلوں کی لپیٹ میں تھا لہٰذا قارئین آج کل کو روزانہ کے جنگی حالات کی واقفیت بہم پہنچانے کی غرض سے اس عنوان کے تحت جون ۱۹۴۴ء سے یہ سلسلہ شروع کیا گیا۔ چونکہ اُن دنوں آج کل پندرہ روزہ تھا لہٰذا پندرہ دنوں کے جنگ کے واقعات اس عنوان کے تحت دیے جاتے تھے۔ دو صفحے کے اس روزنامچے میں پوری دنیا بہ شمول ہندوستان میں ہونے والے جنگی واقعات دیے جاتے تھے۔ یہ سلسلہ جنگ کے بند ہونے کے ساتھ ساتھ دسمبر ۱۹۴۵ء میں بند کر دیا گیا۔

Marfat.com

نشاط مطالعہ

نشاط مطالعہ کے عنوان سے دنیا کے فن کاروں اور ان کی تخلیقات کو متعارف کرانے کا سلسلہ جون ۱۹۵۲ء سے شروع گیا کیا۔ اس کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے ادارہ لکھتا ہے :

"ہم نشاط مطالعہ کے عنوان سے ایک سلسلہ قائم کر رہے ہیں جس میں دنیا کے فن کار ادیبوں کی تخلیق کا مطالعہ کریں گے۔ اس میں یونانی، رومن، سنسکرت، ایرانی، عربی، جرمن، فرانسیسی، روسی، اطالوی، ہسپانوی، انگریزی، امریکی اور دیگر اساتذہ کی تصانیف پر عقیدت مندانہ نظر ڈالیں گے اور یہ سمجھنے کی کوشش کریں گے کہ دنیائے ادب میں کون سے ادیب کی کیا دین ہے اور ادبی فکر کے کون سے پہلو کو کس ادیب نے کس طرح جلا دی ہے۔ اس سلسلے کا پہلا مضمون یونانی شاعر ہومر ہے جس کی رزمیہ و بزمیہ داستانیں آج بھی دلوں کو اسی طرح گرماتی ہیں جس طرح کے آج سے تین ہزار سال پیشتر گرمایا کرتی تھیں دوسرا مضمون دانتے سے متعلق ہوگا۔

یہ سلسلہ آج بھی "عالمی ادب" کے عنوان سے زندہ ہے جس کی شروعات بہت عرصہ قبل ہوئی تھی۔

گل گدہ

اس عنوان کے تحت ہندوستانی زبانوں کی شاعری پیش کرنے کا سلسلہ ۱۵ اگست ۱۹۴۹ء سے شروع ہوا۔ برج بھاشا، ہندی، سنسکرت، اور بہت سی علاقائی زبان کی شاعری اس عنوان کے تحت پیش کی جانے لگیں۔ عنوان کی تبدیلی کے ساتھ "علاقائی ادب" کے نام سے یہ آج بھی جاری ہے۔ جو اسی سلسلے کی ترقی یافتہ شکل ہے۔ پہلے صرف شاعری شائع کی جاتی تھی مگر اب افسانے اور ڈرامے کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

شعر و سخن

شعر و سخن کے عنوان سے نظم اور غزل کا ایک صفحہ ہوا کرتا تھا۔

ذکر و فکر

اس عنوان کے تحت مارچ ۱۹۴۹ء سے شعری انتخاب پیش کیا جانے لگا اس انتخاب میں ایک صفحے پر صرف غزل ہوتی تھی۔

قومی ترانے

جنوری ۱۹۵۴ء سے اس عنوان کے تحت ہر ملک کے قومی ترانے پر مضامین کا ایک سلسلہ شروع کیا گیا اور بہت سے ممالک کے قومی ترانے اس عنوان کے تحت زیر بحث آئے۔

Marfat.com

نئی کتابیں اور رسالے

نئی کتابوں پر تبصرہ کا عنوان جو پہلے نقد و نظر تھا تبدیل کر دیا گیا اور یکم مارچ ۱۹۴۹ء سے تبصرہ "نئی کتابیں اور رسالے" کے عنوان سے آنے لگا جس میں کتابوں پر الگ اور رسائل پر الگ تبصرہ کیا جانے لگا۔ ان دونوں تبصرہ کا عنوان مختصر کر کے صرف "نئی کتابیں" کر دیا گیا ہے۔ درمیان میں "تنقید کتب" اور "نئی مطبوعات" کے نام سے بھی تبصرے آئے ہیں۔

موصولات

مارچ ۱۹۵۰ء سے موصولات کے عنوان سے نئی کتابوں کی فہرست جو آج کل کو موصول ہوئی تھی شائع کرنے کی روایت ڈالی گئی۔ کچھ دنوں بعد یہ سلسلہ بند کر دیا گیا۔

متعارف

۱۵ جولائی ۱۹۴۹ء سے ہر شمارے کے تخلیق کاروں کا مختصر تعارف پیش کیا جانے لگا۔ یہ تعارف فہرست مضامین کے بعد ہوا کرتا تھا۔ بعد کو یہ سلسلہ بھی بند کر دیا گیا۔

بچوں کا آج کل

بچوں کا آج کل کے نام سے مارچ ۱۹۵۰ء سے ۸ صفحوں کا ایک ضمیمہ شائع کیا جانے لگا یہ صفحات آخر میں ہوا کرتے تھے۔ چار پانچ سالوں بعد یہ سلسلہ بھی بند کر دیا گیا پھر ۱۹۷۹ء میں بچوں کے بین الاقوامی سال کے موقع پر آج کل نے بچوں کے لیے ضمیمہ آج کل الگ سے شائع کرنا شروع کیا۔ ۱۹۸۱ء تک ہر تین ماہ پر ایک ضمیمہ شائع ہوتا رہا پھر یہ سلسلہ بھی بند کر دیا گیا۔

سفرنامے

۱۵ ستمبر ۱۹۴۳ء سے سفرنامے شائع کرنے کا سلسلہ شروع ہوا اور ہنوز اسی عنوان کے تحت جاری ہے۔

ڈال ڈال کے پات

اس عنوان کے تحت کئی مختصر مضمون ہوا کرتے تھے جو کسی اخبار یا رسالے سے لیے جاتے تھے اور ان کا مرتب کوئی اور ہوا کرتا تھا۔ اس ڈال ڈال کے پات میں نثری اور شعری دونوں انتخاب ہوتے تھے۔

غبارِ کارواں

دسمبر ۱۹۶۹ء سے اس عنوان کے تحت خود نوشت سوانح کا سلسلہ شروع کیا گیا اور بہت سے

Marfat.com

ادبا وشعرا کے سوانح شائع کیے گئے۔ ابھی چند سال پہلے یہ سلسلہ بند کیا گیا ہے۔

قومی ترقی کا محاسبہ

اس عنوان کے تحت ہندوستان کے ترقیاتی پروگراموں کا ایک جائزہ ہر ماہ شائع کیا جاتا تھا۔ جو اشتہاری نوعیت کا ہوتا تھا۔

پانچواں پلان

اکتوبر ۱۹۷۴ء سے پانچویں پلان کی تفصیلات شائع کی جانے لگیں۔ اور یہ سلسلہ بھی ایک عرصے تک چلا۔

کھیل کود

کھیل کود کے عنوان کے تحت مختلف کھیلوں کی تفصیلات، تاریخ اور قواعد وضوابط سے بحث کی جاتی تھی اور یہ دلچسپ مضمون ہوتا تھا۔

سیاحت

اس عنوان کے تحت کسی سیاح کے سیاحت کی کہانی شائع کی جاتی تھی۔ یہ سیاحت کسی ادیب وشاعر کی بھی ہوتی تھی یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

من کہ۔ آن کہ

مئی ۱۹۸۴ء سے یہ سلسلہ شروع کیا گیا ہے اور ہنوز جاری ہے یہ غبار کارواں کی مختصر شکل ہے اس میں نجی تفصیلات کا مکمل خاکہ Biodata درج ہوتا ہے۔

بہ خط شاعر

کسی شاعر کی تخلیق خود اس کی تحریر کے عکس کی شکل میں شائع کیا جاتا ہے یہ سلسلہ بھی ہنوز جاری ہے۔
جون ۱۹۸۲ء میں اس سلسلے کو شروع کیا گیا ہے۔
یہ آج کل کے اب تک کے وہ نمایاں عنوانات ہیں جن کا ایک سلسلہ آج کل میں مختلف اوقات میں رہا۔ آخری دو عنوات کو چھوڑ کر بقیہ تمام عنوانات کا سلسلہ بند ہو چکا ہے۔

فہرست مضامین

پہلے مضامین کی فہرست عمومی نوعیت کی ہوتی تھی۔ اس میں صرف ایک طرف مضمون کی سرخی دوسری طرف مضمون نگار کا نام ہوتا تھا۔ مقالہ نظم یا غزل اس طرح کی کوئی چیز کہیں لکھی ہوئی نہیں ہوتی تھی۔ جس سے بسا اوقات کافی پریشانی ہوتی تھی۔ مثلاً پہلے غزل کے بھی نظم کی طرح سے عنوان ہوا کرتے تھے فہرست دیکھ کر یہ

Marfat.com

معلوم کرنا کہ یہ غزل ہے یا نظم بہت مشکل تھا جب تک کہ اُسے اندرون صفحات میں دیکھ کر تصدیق نہ کر لی جاتی۔

فہرست مضامین میں ہر مضمون کی نوعیت یا اس کی ہئیت کے اعتبار سے سرخی قائم کرنے کا رواج سالنامے کی اشاعت سے ہوا اور یکم جون ۱۹۴۵ء کے سالنامے میں اس طرح کی پہلی تقسیم نظر آتی ہے تاریخی، سوانح، تنقیدی، علمی، معاشیاتی، ڈرامے، افسانے منظومات اور تصاویر کی الگ الگ درجہ بندی کرتے ہوئے ان کو اپنے خانوں میں رکھا گیا ہے۔ لیکن اس طرح کی ترتیب صرف سالنامے کے لیے تھی عام پرچے اپنی عام روش پر ہی رہتے تھے۔ البتہ بعد میں چل کر اتنی تبدیلی ضرور ہوئی کہ سب عنوانات کے سامنے اس کی ہئیت درج کی جانے لگی لیکن اب بھی یہ مکمل طور پر سائنٹفک فہرست نہیں بن پاتی ہے۔

فہرست کو سائنٹفک طریقے سے ایک خاص حسن کے ساتھ ترتیب دینے کا کام راج نرائن راز نے اپنے زمانے میں کیا۔ اور ۱۹۸۲ء کے بعد سبھوں کی الگ الگ سرخی قائم کی اور اس کے نیچے عنوانات لکھے جن کو دیکھنے سے ایک نظر میں یہ پتہ لگ جاتا ہے کہ پرچے میں کون کون سی چیز اور کتنی ہے۔ انھوں نے ملاحظات، مقالے، ایں کہ آں کہ، بہ خط شاعر، سفرنامے، انشائیے، خاکے، عالمی ادب، علاقائی ادب، غزلیں، نظمیں، افسانے، نئی کتابیں وغیرہ کا عنوان قائم کر کے سبھوں کے نیچے اُس عنوان کے تحت موجود چیزیں لکھ دیں جو طریقہ ہنوز جاری ہے۔

آج کل کے سالنامے

سالنامے سے متعلق بھی آج کل کی اپنی ایک انفرادیت رہی ہے۔ اس روایت کی ابتدا ۱۹۴۴ء سے ہوئی اور جون ۱۹۴۴ء میں آج کل کا پہلا سالنامہ شائع ہوا۔ اور ہر سال اسی ماہ میں سالنامہ شائع ہونے لگا لیکن ۱۹۴۹ء میں یہ روش بدلی اور سالنامہ ماہِ اگست میں شائع ہونا شروع ہوا۔ ملک آزاد ہونے کے بعد آج کل کا پہلا شمارہ آزاد ہندوستان میں اگست ۱۹۴۹ء میں شائع ہوا اس لیے کہ ملک بھی اسی ماہِ اگست میں آزاد ہوا تھا۔ آزاد ہندوستان میں اس کے دوبارہ اجرا کے ماہ کو یادگار بنائے رکھنے کے لیے اسی ماہ کو سالناموں کے لیے مخصوص کر دیا گیا۔ یہ ایک قسم کی سالگرہ کی تقریب ہوتی تھی۔ جس کا مقصد بہ یک وقت دو طرح کی خوشیوں کے احساس کو ابھارنا تھا ایک ہندوستان کی آزادی دوسرے رسالے کا دوبارہ اجرا۔ ۱۹۵۵ میں سالنامے کے بند ہونے کے بعد اسی مقصد کے پیش نظر اس ماہ کوئی نہ کوئی خاص نمبر نکالا جانے لگا تاکہ روایت کا سلسلہ ٹوٹنے نہ پائے۔ گرچہ آگے چل کر یہ روایت برقرار نہ رہ سکی اور خاص نمبروں کے سلسلے میں اگست کی قید ختم کر دی گئی لیکن کوشش ہمیشہ یہی رہی کہ خاص نمبر اگست ہی میں نکلیں۔ چنانچہ کثرت سے خاص نمبر اسی ماہ میں نکلے اور اب بھی کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے۔

سالنامے کی ضخامت عام شماروں سے زیادہ ہوتی تھی۔ اور ان میں خصوصی مضامین شائع ہوتے تھے جو عام شماروں کے مقابلے میں زیادہ بہتر اور معیاری ہوتے تھے۔ سالنامے کے بہتر اور معیاری ہونے کا اندازہ آپ قارئین کی اِن رایوں اور رائے دینے والے لوگوں سے بھی لگا سکتے ہیں۔ اس سے یہ بھی پتہ چلے گا کہ آج کل کن کن حلقوں میں کس قدر پڑھا جاتا تھا۔

Marfat.com

علاّمہ برجموہن دتاتریہ کیفی

"آج کل کا تازہ سالنامہ آپ کے شرکائے کار کے ذوقِ سلیم، نظرِ انتخاب اور ادب دوستی کا زبردست ثبوت ہے۔ اس پونے دو سو صفحوں کی کتاب میں ہر قسم کے قارئین کے مذاق اور ان کی دلچسپی کا مسالا موجود ہے۔ نظم اور نثر دونوں حصّے اعلیٰ ادب کے شاہ کاروں سے معمور ہیں۔ افسانچہ عموماً نیچے کو جا رہا ہے لیکن اس سالنامے میں اس کا معیار اونچا ہے۔ یہی حال مقالوں کا ہے۔ ان میں تحقیقی، تاریخی اور ادبی ہر قسم کے مضامین دعوتِ مطالعہ کے لیے موجود ہیں۔ منظومات میں مشاہیر شعرا میں سے شاید ہی اس صحبت سے کوئی غیر حاضر ہو۔ ادب کی خدمت جو آپ کر رہے ہیں داد سے مستغنی ہے۔ اس کامیابی پر تہِ دل سے مبارکباد دیتا ہوں۔"

حضرت بیخود دہلوی

"اس سالنامے کی ترتیب بہت خوب ہے۔
جتنی غزلیں ہیں انتخاب ہیں سب جتنے مضمون ہیں لاجواب ہیں سب
افسانے بہت پُر مذاق اور پُر لطف ہیں۔ غرض یہ کہ انتخاب میں کافی ریاض کیا گیا ہے۔ تصویریں بھی بہت کارآمد جمع کی گئی ہیں۔"

ڈاکٹر رام بابو سکسینہ

"The Annual Number of the " Ajkal " is a literary feast and I congratulate you on the achievement. You have taken very great pains and the Annual reaches a very high watermark, rarely seen in Urdu periodicals. I have a very high opinion of it and I must again felicitate you on your enterprise. "

حضرت سلطان حیدر جوشؔ

"یہ سالنامہ سابقہ سالنامے سے حجم میں ڈیوڑھا اور چند خوبیوں میں دوگنا ہے۔ اس مرتبہ کی رنگین تصویر بھی واقعی آپ کے حسنِ انتخاب کی دلیل ہے۔ آپ نے کسی حسین صورت کی تشہیر کے بجائے جدالِ سعدی کی رنگین تصویر بہت خوب پسند کیا۔ یہ تاریخی واقعہ کی یادگار بھی ہے اور دسویں صدی ہجری کی نقاشی و رنگ آمیزی کا نمونہ بھی۔ مجھے تو دونوں لڑنے والوں چچا سعدی کو بوجھنے کا لطف آگیا! یہ انتخاب بھی لائقِ ستائش ہے۔ یوں تو تین اصحاب کی تصاویر اور مختصر کارنامے شائع ہوئے ہیں، مگر آل احمد صاحب سرورؔ کا مقالہ سب سے طولانی اور غالباً اعلیٰ ہے۔ اس مقالے کا

Marfat.com

مرتبہ سالنامے میں وہی ہے جو آبِ حیات میں تذکرۂ ذوق کا۔ آل احمد صاحب کی کامیابی کا راز ان کی رشید احمد صدیقی صاحب کی ذات وصفات سے کلی واقفیت ہے، لیکن جو کچھ اشارہ وکنایہ پر اکتفا کرتے ہوئے نہیں لکھا وہ خوب تر ہے! اگر آپ نے ہی سرور صاحب سے اس مقالے کی درخواست کی تو پھر آپ کی نظرِ انتخاب قابلِ داد ہے۔ مختصراً آپ نے اس سالنامے میں ہر قسم کے ادبی نمونے پیش کرنے اور ہر مذاق کی ضیافتِ طبع مہیا کرنے کی نہایت کامیاب کوشش کی ہے، جس پر آپ خصوصاً اور تمام ادارہ عموماً مستحق مبارکباد ہیں۔"

جناب ل۔ احمد اکبر آبادی

"سالنامہ موصول ہوا۔ آج کل کا معیارِ ادب ترقی کر کے آج وہ واقعاً ایک معیاری رسالہ بن گیا ہے۔ تازہ سالنامہ آپ کی جانکاہی کا ایک ثبوت ہے۔ تمام ادیب اور شاعروں کی محفل سجائی ہے۔ ماشاء اللہ نظمیں اور مضامین اکثر معیاری اور موضوعات کا تنوع نہایت دلکش۔"

پروفیسر رگھوپتی سہائے فراق گورکھپوری

"آپ کا سالنامہ جو یکم جون ۱۹۴۷ء کو نکلا انتخاب مضامین اور ترتیب مضامین دونوں لحاظ سے خوش سلیقگی کی بہترین مثال ہے۔ پورا رسالہ افادی، پر مغز اور بصیرت افروز مضامین اور دلکش نظموں سے لبریز ہے۔

جناب حامد اللہ افسر

"رسالہ آج کل کا سالنامہ ۱۹۴۷ء مجھے بہت پسند آیا۔ دورِ حاضر کے قریب قریب سب مشہور اور مقبول شاعر اور ادیب اور افسانہ نگار اس کی زینت کا سبب بنے ہیں، میں رسالے کے ایڈیٹر وقار عظیم صاحب اور ان کے معاونین کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انھوں نے بہت محنت اور جانفشانی سے اس سالنامہ کو مرتب کیا ہے اور اعلیٰ پایہ کے ادب کا ایسا سرمایہ فراہم کر دیا ہے جو ہر لائبریری کی زینت بن سکتا ہے۔"

جناب عنبر چغتائی صاحب

"سالنامہ صالح لٹریچر کا نہایت ہی فراخدلی اور بے تعصبی سے انتخاب کیا گیا۔ دوسری خاص بات یہ کہ اور پرچوں کی طرح یہ ایک خاص مکتبہ خیال ایک خاص حلقہ کا ترجمان نہیں ہے۔"

Marfat.com

پروفیسر آل احمد سرور

"سالنامہ واقعی بہت اچھا ہے۔ مجموعی حیثیت سے دلچسپ۔ مفید التنوع اور سنجیدہ ہے۔ آپ نے اپنے خلوص، قابلیت، انہماک اور شوق سے پرچے کے معیار کو بہت بلند کر دیا ہے۔ نظموں اور غزلوں میں قدیم حصّے کی نمایندگی بہت اچھی تھی۔ مگر جدید کی اس معیار تک نہ پہنچ سکی۔ شاید باوجود کوشش کے بعض لوگوں نے کچھ نہیں بھیجا۔

افسانے کئی اچھے تھے۔ سلطان حیدر جوش کا افسانہ مجھے پسند نہیں آیا۔ اس میں جوش کے انداز میں تکلف کے علاوہ غرابت آگئی ہے تحقیقی حصّہ بہت اچھا تھا۔"

جناب دیوندر ستیارتھی

"سالنامہ آج کل ۱۹۴۷ء نے نئی روایتیں قائم کی ہیں۔ مبارکباد قبول کیجیے۔ یوں تو آج کل کے پچھلے سالنامے بھی اپنی اپنی جگہ نہایت معنی خیز تھے۔ لیکن یہ تازہ سالنامہ بڑی پاکیزہ چیز ہے۔ یہ بات خاص طور سے قابل غور ہے کہ آپ نے 'لے آؤٹ' کی خوبصورتی کی طرف بھی دھیان دیا ہے۔ جتن کیجیے کہ 'لے آؤٹ' اور سادہ ہو جائے۔ میرا مطلب ہے مضامین کے گرد بیل بوٹے یا موٹی ہلکی لکیروں کا جال کم سے کم نظر آنے لگے۔ سالنامہ ۱۹۴۷ء کے مضمون نگاروں کی فہرست بہت وسیع ہے پرانے اور نئے ادیب دوراہے پر کھڑے نظر آتے ہیں۔ ادب بدل رہا ہے۔ اور بدلتے ہوئے ادب کا جائزہ لینا آج کل کا آدرش ہے۔

امید ہے یہ چند سطور میرے جذبۂ عقیدت کی امانت دار تصوّر کی جائیں گی۔ چونکہ میں خود بھی آج کل کے لکھنے والوں میں شامل ہوں، اس لیے آج کل کی تعریف کرتے ہوئے کسی قدر جھجک سی محسوس ہوتی ہے۔

سنا ہے کہ آج کل کا سرورق بھی بدل رہا ہے۔ بہت نیک خیال ہے۔ جدّت کا یہی تقاضا ہے۔

جناب احمد ندیم قاسمی

سالنامہ آج کل مل گیا تھا، مجھے افسوس ہے کہ میں بحیثیت افسانہ نگار اس میں شامل نہ ہو سکا۔

آج کل کے سالنامے علم و ادب کی دنیا میں ہمیشہ کوئی نہ کوئی نئی چیز پیش کرتے آئے ہیں۔ مگر اب کے آپ نے تو رسالے کی ترتیب اور اعلیٰ مضامین کی فراہمی میں کمال کر دکھایا ہے، مستند لکھنے والوں کا اتنا انبوہ مجھے پہلے اس رسالے میں کبھی نظر نہیں آیا، مضامین کی افادیت اور ٹھوس مگر دلچسپ موضوعات، مکمل افسانے اور

Marfat.com

دلنواز نظموں کا یہ خوبصورت انبار اردو ادب میں یادگار رہے گا، خدا آپ کو اردو کی ترقی و ترویج کی بیش از بیش توفیق بخشے۔"

جناب خلیل احمد قدوائی

"میں اخلاقاً نہیں کہتا بلکہ اپنے سچّے جذبات ظاہر کر رہا ہوں۔ آپ نے آج کل کے سالنامے پر بڑی محنت صرف کی ہے۔ میں جانتا ہوں مقررہ صفحات والا ایک پندرہ روزہ پرچہ نکالنا کس قدر دقت طلب کام ہے۔ اور جب آپ کو پونے دو سو صفحوں کا اتنا عظیم الشان نمبر نکالنا پڑا ہو تو میں سمجھ سکتا ہوں آپ نے کتنی محنت کی ہوگی آپ اور آپ کے رفیق مبارکباد کے مستحق ہیں، جنھوں نے اس سالنامہ کو ظاہری اور معنوی دونوں اعتبار سے اس قدر اعلیٰ درجہ کا بنا دیا ہے۔ نواب فصاحت جنگ، حضرت جگر، جوش، مرزا ثاقب، اختر شیرانی، پروفیسر فراق۔ وہ نام نامی ہیں جن پر کوئی رسالہ بھی فخر کر سکتا ہے۔ اسی طرح نثر نویسوں میں سلطان حیدر، مرزا اثر، پروفیسر مسعود، ڈاکٹر صدیقی، آغا حیدر، سیدین وغیرہ آسمان اردو کے تارے ہیں جنھیں آپ توڑ لائے ہیں۔ اور سچ پوچھیے تو سارے سالنامہ کی جان ٹائٹل کے صفحہ ۲ کی پیارے رشید کی چند وہ سطریں ہیں جو آپ نے ان کے محبوب تصویر کے ساتھ شائع کی ہیں۔ یہ کام آپ بڑے سلیقہ سے کر رہے ہیں اور ایک نئے انداز سے۔ خدا آپ کی خوش مذاقی میں اضافہ کرے۔ سالنامہ کی ترتیب میں آپ نے جس جدّت کا مظاہرہ کیا ہے وہ بھی لائق تحسین ہے اور بجا طور پر آپ نے حصّہ نظم کو ترجیح اولیٰ دی ہے۔ اس کے بعد افسانے ہیں۔ پھر مقالے۔ یہ ترتیب دوسرے کے لیے شمع ہدایت کا کام دے گی۔"

جناب حبیب اشعر دہلوی

"آج کل کا سالنامہ مطالعہ سے گذرا۔ مضامین نظم و نثر کے تنوع اور ترتیب قابلِ ستائش ہے۔ قدیم و جدید عناصر کو جس خوبی سے یکجا کیا گیا ہے، وہ نہ صرف یہ کہ آپ ہی کا حصّہ ہے، بلکہ سالنامہ کا ایک ایسا امتیاز بھی ہے جو اس سے پہلے اسے حاصل نہیں ہوا تھا۔ اپنی اس کامیابی پر دلی مبارکباد قبول فرمائیے۔"

حضرت بہزاد لکھنوی

"سالنامہ نظر سے گذرا ایمان کی بات تو یہ ہے کہ ترتیب اور معیار کی حیثیت سے سالنامہ اپنی آپ نظیر ہے۔ حصّہ نظم و نثر دونوں بہت خوب ہیں۔ بعض بعض افسانے اور بعض بعض مضامین تو بے نظیر ہیں۔ بہر نوع میری مبارکباد قبول فرمائیے۔ آپ کی کوشش قابلِ صد تحسین ہے۔"

Marfat.com

جناب لبھورام جوشؔ ملسیانی

"سالنامہ بابت جون ۴۷ء قیمتی مضامین نثر اور بیش بہا افکار بلیغ کا مجموعہ ہے۔ ترتیب مضامین میں حصہ نظم کی تقدیم بھی قابلِ ستائش ہے۔ اس ترتیب و تدوین اور مشاہیر کے شاہکار حاصل کرنے میں ادارہ کی سعی بلیغ ہر پہلو سے قابلِ داد و لائق صاد ہے۔"

پرنسپل عبدالشکور

"آج کل کا سالانہ نمبر وصول ہوا۔ اس نوازش کا ممنون ہوں۔ پرچہ کو دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی۔ اس کے بلند معیار اور عام خوبصورتی اور خوش سلیقگی پر آپ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مضامین بہت ستھرے اور دلچسپ ہیں اور نظم کا حصہ بھی اپنے اندر بڑی جاذبیت رکھتا ہے اور میں بلاخوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ آج کل کا یہ نمبر انگلستان اور امریکہ کے اچھے رسالوں کے دوش بدوش ہے۔"

جناب عشرت رحمانی

"آج کل کا سالنامہ موصول ہوا۔ آپ کو اور اراکین ادارت کو ہدیۂ مبارکباد پیش ہے۔ نمبر یقیناً اپنے سابقہ تمام خاص نمبروں سے سبقت لے گیا ہے۔ نثر کا حصہ کافی بلند اور دلکش ہے۔ حسن ظاہری بھی قابلِ تعریف ہے۔ اکثر نظمیں اور غزلیں لطیف اور اعلیٰ معیار کی ہیں۔"

جناب تمکین کاظمی

"منظومات میں تو آپ نے غضب کر دیا۔ وحشتؔ سے لے کر فراقؔ تک بیس اساتذہ کی غزلیں اور جوشؔ سے لے کر میکشؔ تک ۲۰ نظمیں اور چار گیت بہترین کارنامہ ہے۔ تصاویر بھی نہایت اچھی ہیں خصوصاً جدال سعدی کی رنگین تصویر کا کیا کہنا بڑی نفیس تصویر ہے۔ بہ حیثیت مجموعی سالنامہ نہایت عمدہ ہے۔ مضامین نظم و نثر بڑے اچھے اور ترتیب نہایت ہی عمدہ ہے۔ میں اس کامیابی پر آپ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔"

ان رایوں کے پڑھنے سے آپ کو خود اندازہ ہو گیا ہو گا کہ عام پرچوں کے ساتھ ساتھ سالنامے کس معیار کے ہوتے تھے۔ ترتیب و تزئین اور گیٹ اَپ کے لحاظ سے بھی اس کے معیار میں دن بدن ترقی ہوئی۔ قارئین کی رائے سے آج کل کے مزاج کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔

Marfat.com

آج کل کے خاص نمبر

آج کل کا ایک اہم کارنامہ اس کے خاص نمبر ہیں۔ آج کل نے اپنی پینتالیس سالہ زندگی میں بہت سے خاص نمبر شائع کیے جو اردو دنیا میں قدر کی نگاہ سے دیکھے گئے اور سبھی نمبر بہت مقبول ہوئے۔

خاص نمبر کی ابتدا ۱۹۴۸ء میں گاندھی جی کی شہادت کے بعد گاندھی نمبر کی اشاعت سے ہوئی۔ یہ نمبر نامساعد حالات اور طباعت کی بے قاعدگی کے باوجود پوری آب و تاب کے ساتھ شائع ہوا۔ جس میں اس وقت کے مشاہیر اہلِ قلم حضرات نے گاندھی جی پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ فروری ۱۹۵۰ء میں نئے دستور کے نفاذ پر جمہوریت نمبر شائع کیا گیا۔ ۱۵ فروری ۱۸۶۹ء میں غالب کا انتقال ہوا تھا ان کی یاد میں فروری ۱۹۵۲ء میں غالب نمبر شائع ہوا اور یہیں سے آج کل میں ہر سال فروری کے شمارے میں غالب پر خصوصی مضامین شائع کرنے کی روایت کا آغاز ہوا۔ خصوصی مضامین کو چھوڑ کر اب تک غالب پر سات خصوصی نمبر نکل چکے ہیں جن میں غالب پر معیاری مضامین شائع کیے گئے اور غالب کی زندگی اُن کے کردار اور ان کے فن پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ غالب سے متعلق ان خاص نمبروں میں غالب کے غیر مطبوعہ خطوط شائع کیے گئے، غالب کی نادر تصویریں چھپیں اور غالب کی تصانیف کا جائزہ لیا گیا۔ یہ تمام نمبر غالبیات میں ایک اضافے کی حیثیت رکھتے ہیں۔

غالب نمبر کے بعد مارچ ۱۹۵۲ء کا شمارہ افسانہ نمبر تھا، جس میں اوّل درجے کے افسانہ نگاروں کے افسانے شائع ہوئے۔ آج کل کے اب تک چار افسانہ نمبر شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں افسانوں کی اشاعت کے علاوہ افسانے کے فن، اس ابتدا، ارتقا اور افسانے کے مختلف رجحانات پر فکر انگیز مقالے شامل ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ ہندوستان کی دوسری زبانوں کے افسانوں کا انتخاب، افسانہ نگاروں کا تعارف، ہندوستانی زبانوں کی افسانوی ادب کی ترقی اور اس کے جدید رجحانات پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ ان نمبروں کے ذریعے ہم علاقائی زبانوں کی کہانیوں کے اسالیب بیان، نئے تجربات و رجحانات سے بھی واقف ہوتے ہیں۔

اگست ۱۹۵۳ء کا شمارہ شعر و شاعری نمبر تھا جس میں ہندوستان کی مختلف زبانوں کی شاعری کے آغاز و ارتقا پر مقالے اور کلام کے نمونے شامل تھے۔ یہ نمبر اس لحاظ سے کافی اہم تھا کہ اردو میں یہ اس طرح کی پہلی کوشش تھی اور اس کے ذریعے دوسری زبانوں کے ادب اور ادیب کو سمجھنے کا موقع ملا۔ باہمی ارتباط سے مختلف زبانوں اور اس کے ادب کو فائدہ پہنچنے کے ساتھ ساتھ تنگ نظری اور علیحدگی پسندی کی فضا کو ختم کرنے میں بھی مدد ملی اور آج ادبی فضا پہلے کے مقابلے میں بہت حد تک تبدیل ہو چکی ہے اور مختلف زبانوں کے لوگ ایک بین المللی ادب اور کلچر کی تعمیر کے لیے کوشاں ہیں اور اس کے امکانات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

آج کل کے اس نمبر کی کافی پذیرائی ہوئی اور اسے بہت مقبولیت حاصل ہوئی۔ مختلف لوگوں نے اس نمبر کی اہمیت و افادیت پر اظہارِ خیال ان الفاظ میں کیا ہے :

عبدالستار صدیقی

" اگست ۱۹۵۳ء کا " آج کل " بہت خوب ہے۔ ہندوستان کی مختلف زبانوں کی شاعری کے نمونوں اور اُن کے شاعروں کی تصویروں کا یہ مجموعہ نادر اور دلچسپ بھی ہے، مفید بھی۔

Marfat.com

تین سنگھ اور ہلیری کی فتح ہمالہ پر جو کئی نظمیں ہیں وقت کی چیز ہیں اور خاص طور پر لطف دیتی ہیں۔ نقاشی کے نمونے نہایت اچھے انتخاب کیے گئے ہیں اور مقالے اور نظمیں بھی اچھے معیار کی ہیں۔ رسالے کا یہ شمارہ ہر حیثیت سے کامیاب ہے۔"

برج موہن دتاتریہ کیفی

"رسالہ آج کل کا سال نامہ میں نے دیکھا اور اس کے مطالعے سے بہت حظ اٹھایا۔ مختلف صوبوں اور علاقوں کی زبانوں کی شاعری کے نمونے دے کر آپ نے عام ادبی کلچر اور ایک طرح سے قوم کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ اس کے مطالعے سے لوگوں کو موقع ملے گا کہ وہ اندازہ کر سکیں کہ نئے رجحانات کی رَو کُل ملک میں ذوقِ سخن کو کہاں لے جا رہی ہے۔"

عبدالماجد دریابادی

"یہ شعر و شاعری نمبر اسم بامسمّٰی ہے۔ ہندی شاعری، پنجابی شاعری، کشمیری شاعری وغیرہ پر خوب معلومات آپ نے جمع کر دیے ہیں اور اردو خوانوں کو ان سے استفادے کے پورے موقعے دے دیے ہیں۔"

جوش ملیسانی

"آج کل، شعر و شاعری نمبر بابت ماہ اگست ۱۹۵۳ء اپنے موضوع کے لحاظ سے قابلِ دید شمارہ ہے۔ اس میں ہندوستان کی مختلف زبانوں کی شاعری کے اچھے اچھے نمونے مع اردو ترجمہ پیش کیے گئے ہیں۔ اور ان پر برمحل تنقید بھی کی گئی ہے۔ بہت سے شعرائے ہند کی تصویروں نے اس نمبر کو دل کش مرقع بنا دیا ہے۔ راجپوت نقاشی کے دو قیمتی نمونے بھی شاملِ اشاعت کر کے فنونِ لطیفہ کے دو بڑے شعبوں یعنی شاعری اور مصوّری کو ہم آغوش بنا دیا گیا ہے۔ پُرانی اور نئی شاعری پر جو تبصرے کیے گئے ہیں، بہت ہی منصفانہ ہیں۔ یہ تبصرے متعدّد زبانوں کی شاعری پر حاوی ہیں۔ مختصر یہ کہ مذکورہ بالا نمبر شعر و شاعری پر جامع تنقید پیش کرتا ہے۔ مختلف زبانوں کے شاعر اِن تنقیدوں سے رہ نمائی حاصل کر سکتے ہیں۔"

خواجہ احمد فاروقی

"مجھے آپ کا شعر و شاعری نمبر بہت پسند آیا۔ آپ زبان و ادب کی تنویری قوّت سے باخبر ہیں اور نئے ہندوستان میں اُن کا جو مقام ہے اُس کے صحیح شناسا ہیں۔ خدا کرے آپ اس سلسلے کو جاری رکھ سکیں۔ آج سب سے اہم کام ہندوستان کی ہمہ رنگ تہذیب کو فروغ دینا ہے اور یہ کام مختلف ہندوستانی ادبیات کے مطالعے ہی سے ممکن ہے۔"

Marfat.com

م، حفیظ سیّد

"میرے خیال میں آج تک کسی اُردو رسالے نے مختلف صوبوں کے شعرادب سے ہمیں واقف نہیں کیا تھا۔ آپ لوگوں نے اس کمی کو پورا کر کے اردو زبان و ادب پر احسان کیا ہے ادبی مضامین سب اپنی جگہ پر معقول اور پُر از معلومات ہیں۔"

کنہیا لال کپور

"آج کل، کا شعر و شاعری نمبر ایک نثری اور شعری کارنامہ ہے۔ قریب قریب تمام مضامین محنت سے لکھے اور لکھوائے گئے ہیں۔ آپ نے واقعی کوزے میں سمندر بند کرنے کی کوشش کی ہے۔ نئی ہندی شاعری، نئی پنجابی شاعری، جدید کشمیری شاعری اور نئے دَور میں جدید تلنگی شاعری بڑے دلچسپ اور کام کے مضامین ہیں اور بڑے صاف اور ستھرے انداز میں قاری کو ان زبانوں کی شاعری سے روشناس کراتے ہیں "گل کدہ" میں اردو کی چند اچھوتی نظمیں شامل کی گئی ہیں۔ میری مراد تاج محل، ایورسٹ کی پریوں کا کورس، عظمتِ آدم اور باغ شالامار سے ہے۔ جوش صاحب کے "آغاز انجام" اور فراق گورکھپوری کی غزل کے چند اشعار حسبِ معمول نشتر کا درجہ رکھتے ہیں۔ اسی دفعہ آپ نے تصاویر میں بھی خاصی جدّت پیدا کی ہے۔ خدارا انھیں نظرِ بد سے بچائیے۔"

نصیر الدین ہاشمی

"آج کل، ماہ اگست کا دلچسپی سے مطالعہ کیا، علاقہ واری زبانوں اور اُن کی شاعری کے متعلق بڑا اچھا ذخیرہ پیش ہوا ہے۔ اردو میں اس کی کمی تھی، آپ نے بڑی اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔ ہمدردانِ اردو کی جانب سے مبارک باد قبول کیجیے۔"

ابر احسنی گنوری

"یہ شعر و شاعری نمبر صرف اردو تک ہی محدود نہیں بلکہ اپنے ملک کی متعدد زبانوں کی شاعری پر کافی بحث کی گئی ہے اور تقریباً ہر بحث و تذکرہ کامیاب ہے۔ اس میں ادارہ کی قابلیت اور سلیقہ انتخاب نیز جدّت پسندی کو زیادہ دخل ہے۔ مختلف زبانوں کے شعراء کی تصاویر بھی نہایت اہتمام سے دی ہیں، اور نمبر کو ہر طرح کامیاب بنایا ہے۔"

ادیب مالیگانوی

"اگست نمبر کے تمام مضامین اور نظمیں وغیرہ ادب و زبان کے اعتبار سے بہت قیمتی ہیں۔ مختلف زبانوں کے ادب کو اردو پڑھنے والوں کے سامنے جس محنت اور خوب صورتی سے

Marfat.com

پیش کیا گیا ہے، اُس کی داد کھلے لفظوں میں دینی چاہیے۔
ملک کی دوسری زبانوں کے ادبا اور شعراء کی تصاویر ایک اندرونی ربط اور کشش کا ذریعہ ہیں۔
ان کی تحقیقات کو پڑھنے اور جانچنے کے لیے اگست نمبر بہت قیمتی سرمایہ ہے۔"

ہماری زبان

"اس نمبر میں نئی ہندی شاعری، نئی پنجابی شاعری، جدید کشمیری شاعری، نئے دَور میں جدید تلنگی شاعری پر اچھے مضامین ہیں۔"

نومبر ۱۹۵۳ء

خطوط نمبر مارچ ۱۹۵۴ء میں شائع ہوا۔ اس میں اکابرین ملک اور مشہور ادیبوں کے نادر و نایاب خطوط کے عکس اور ان پر مضامین شامل ہیں۔

اگست ۱۹۵۵ء کا شمارہ کشمیر نمبر تھا یہ نمبر جوش کی ادارت میں آخری نمبر تھا جسے کافی مقبولیت حاصل ہوئی۔ مسلم اکابرین نے کشمیر اور ہندوستان کے اٹوٹ تعلق پر اظہارِ خیال کیا۔ کشمیری زندگی اور وادیٔ کشمیر کے حسن و جمال پر بہت اچھے مضامین شائع ہوئے۔ حکومتِ کشمیر نے اس شمارے کی بہت تعریف کی۔ اب تک کشمیر پر چار نمبر شائع ہو چکے ہیں جن میں کشمیر کی ادبی، تمدنی، تہذیبی اور ثقافتی صورتِ حال کا مکمل احاطہ کیا گیا ہے۔

اگست ۱۹۵۶ء میں ہندوستانی موسیقی نمبر شائع ہوا جس میں ہندوستانی موسیقاروں اور ہندوستانی موسیقی کے ارتقا پر مشہور نقادوں کے مقالے شائع ہوئے۔ مختلف سازوں، راگ راگنیوں کے ذکر کے علاوہ اس نمبر میں نوّے سے زائد موسیقاروں کی تصاویر اس رسالے میں شائع ہوئیں اور ہندوستانی تہذیب کی رنگارنگی میں یک رنگی کا منظر پیش کیا گیا۔ ہندوستان کی تہذیبی شناخت کے لیے یہ نمبر خاصی اہمیت کی چیز ہے۔
اس نمبر کے بارے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے پروفیسر آل احمد سرور نے لکھا تھا:

"آج کل کا موسیقی نمبر ایک کارنامہ ہے۔ اردو ادب میں فنِ موسیقی کے متعلق عام فہم انداز میں ایسے اچھے مضامین اور ممتاز موسیقی کاروں کے متعلق ایسی معلومات مشکل سے کہیں اور یکجا ہوئی ہوں گی۔ خسرو سے متعلق مضامین بھی بہت اچھے ہیں۔ اس معیاری اور جامع نمبر پر آپ تمام اردو داں طبقے کے شکریے کے مستحق ہیں۔"

اس نمبر کی مولانا نیاز فتح پوری، ڈاکٹر سید محمود، جعفر علی خاں اثر، نے بھی تعریف کی اور پاکستان سے اس کے بارے میں شوکت تھانوی اور ممتاز حسین کے تعریفی خطوط بھی آئے۔

موسیقی نمبر میں جن مضامین کی کمی رہ گئی تھی اسے جون ۱۹۵۸ء میں ہلکی موسیقی نمبر شائع کر کے پورا کیا گیا۔ اس میں ٹھمری، دادرا، غزل اور گیت پر مضامین شائع ہوئے۔

۱۹۵۶ء میں گوتم بدھ کی ڈھائی ہزار سالہ برسی منائی گئی اس موقعے پر نومبر ۱۹۵۶ء میں آج کل کا گوتم بدھ نمبر شائع ہوا۔ اس میں گوتم بدھ، بدھ مت اور اس کی تعلیمات پر ڈاکٹر رادھا کرشنن، پروفیسر رادھا کمد مکرجی، پروفیسر محمد مجیب، کشک بکولا اور متعدد حضرات کے مقالے شائع ہوئے۔ ایک مضمون گندھارا فن کے ارتقا پر بھی تھا۔ سرورق پر متھرا والے بدھ کے مجسمے کی خوب صورت تصویر تھی۔

Marfat.com

جنگ آزادی کے شہیدوں اوران کی جدوجہد کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے آج کل نے اگست ۱۹۵۷ء میں جنگ آزادی نمبر نکالا۔ اس نمبر میں ۱۸۵۷ء اور جنگ آزادی، پچھلی صدی میں جذبۂ قومیت کو فروغ دینے والی سماجی، سیاسی، تاریخی، اقتصادی اور ادبی تحریکیں، ہند کی علاقائی زبانوں میں آزادی کا ادب جیسے موضوعات پر مضامین ڈرامے، افسانے اور نظمیں شامل کی گئیں۔ یہ نمبر ۱۵۰ صفحات پر مشتمل تھا اور نادر تصویروں سے مزین تھا۔ اس میں پروفیسر مجیب کا نہایت ہی دلچسپ تاریخی ڈرامہ "آزمائش" شائع ہوا جسے پورے ملک میں کافی مقبولیت حاصل ہوئی۔ اس نمبر میں مولانا ابوالکلام آزاد، آغا حیدر حسن مرزا، شیخ تصدق حسین، قاضی عبدالودود اور پروفیسر ہارون شیرانی کے مضامین شائع ہوئے۔

۱۹۵۸ء میں مولانا ابوالکلام آزاد کا انتقال ہوا۔ آج کل نے ان کی قومی خدمات کے اعتراف میں اگست کا شمارہ ان کے نام مخصوص کر دیا۔ اس نمبر میں پنڈت جواہر لعل نہرو کا ایک پیغام شائع ہوا تھا۔ یہ پیغام مولانا کی شخصیت پر ایک ایسے شخص کی رائے تھی جس نے انھیں بہت قریب سے دیکھا تھا اور جو اُن کا مدّاح تھا۔ یہ نمبر مولانا آزاد سے متعلق بہت سی معلومات کا حامل ہے اس میں مولانا کے حالاتِ زندگی، ان کی سیاسی، علمی اور دینی خدمات پر مضامین شائع ہوئے۔ مضمون نگاروں میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو مولانا سے بہت قریب تھے مثلاً ڈاکٹر ذاکر حسین، ہمایوں کبیر، اجمل خاں، خواجہ غلام السیدین، ظفر حسین خاں، سید محمود، بخشی غلام محمد، مسز اروناآصف وغیرہ۔ مولانا کی نادر تصویریں اور نایاب خطوط کے عکس اور متن بھی شائع ہوئے۔

جنوری ۱۹۵۹ء میں "ڈرامہ نمبر" اور اگست میں "رقص نمبر" شائع ہوئے۔ ڈرامہ نمبر میں ڈراموں کے انتخاب کے علاوہ ڈرامہ کے فن اور اس کے ارتقا پر بھی گفتگو کی گئی جو کمی رہ گئی اس کو بعد میں دوسرا ڈرامہ نمبر نکال کر پورا کیا گیا۔ رقص نمبر میں ہندوستان کے مختلف علاقائی رقص کی تفصیل اور ان پر مضامین پیش کیے گئے۔

اگست ۱۹۶۰ء میں "ہندوستانی مصوّری نمبر" پیش کیا گیا۔ اس نمبر میں ہندوستانی مصوّری کے مختلف اسکول، اسالیبِ فن، تدریجی ارتقاء، رجحانات اور نمایاں خصوصیات، مغل فن مصوّری اور جدید ہندوستانی مصوری پر عالمانہ بحث کی گئی۔ اگست ۱۹۶۲ء میں "فن تعمیر نمبر" شائع ہوا یہ نمبر اس لحاظ سے بڑا اہم ہے کہ یہ اپنی نوعیت کا اردو میں واحد نمبر ہے جس میں ہندوستانی فن تعمیر کے مختلف ادوار اور ان کی خصوصیات پر سیر حاصل اور دلچسپ مضامین شائع کیے گئے۔ وادیٔ سندھ کی تہذیب کے فن تعمیر، جدید فن تعمیر، مغل فن تعمیر اور ہندوستان کے جدید فن تعمیر پر اچھے فن کاروں کی تخلیقات شائع کی گئیں۔

رقص، مصوّری، موسیقی اور فن تعمیر کا گہرا رشتہ ہماری تہذیب سے ہے۔ چنانچہ آج کل نے ان فنون پر نمبر شائع کر کے نہ صرف فنون لطیفہ کی خدمت کی بلکہ ہندوستانی تہذیب کی بھی خدمت کی ہے۔ اور لوگوں میں اس کی حفاظت کے احساس کو جگایا ہے۔ ان موضوعات پر نمبر شائع کرنا ایک دشوار گزار کام تھا لیکن کیا گیا اور کیسے یہ عرش صاحب کی زبان سے سنیے:

> "ان شماروں کے لیے مضامین جمع کرنا ایک ہفت خواں طے کرنا تھا۔ اکثر مضامین انگریزی میں ماہرین سے حاصل کر کے ان کے تراجم شائع کیے گئے۔" (جون ۱۹۷۰ء سلور جوبلی نمبر ص ۳)

ان نمبروں کی خوب خوب پذیرائی بھی ہوئی اور لوگوں نے اس اقدام کو کافی سراہا۔ چند حضرات کی رائے آپ بھی دیکھیے:

Marfat.com

نوّاب سیّد رضا علی خاں بہادر نوّاب آف رام پور

"آج کل کا ہندوستانی مصوّری نمبر بڑا دیدہ زیب، دلچسپ اور پُراز معلومات ہے۔ میں ایسا مفید نمبر شائع کرنے پر آپ کو مبارک باد دیتا ہوں، بلاشبہ اس سے اردو صحافت میں نئی روایات قائم ہوں گی۔ آپ کے زیرادارت آج کل اونچے مذاق اور اعلیٰ درجے کا رسالہ ہو گیا ہے۔"

حضرت فراق گورکھپوری

"آج کل کے "مصوّری نمبر" کے لیے دلی مبارک باد قبول کریں۔ ہندوستان کی تہذیبی قدریں مختلف پہلوؤں سے اجاگر کر کے حقیقی معنوں میں آپ ہزارہا قلب میں شعورِ ہند (بھارت چیتنا) بیدار کر رہے ہیں۔ آپ کی یہ مساعی اہم لحاظ سے مستحسن ہیں۔"

ڈاکٹر یوسف حسن خاں

"آج کل کا "ہندوستانی مصوّری نمبر" موصول ہوا۔ آپ نے اس نمبر میں مغلیہ عہد کی مصوّری کے مختلف اسکولوں پر بڑے اچھے مضامین جمع کیے ہیں اور جو تصاویر شائع کی گئی ہیں وہ بھی دیدہ زیب ہیں۔ میں آپ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں۔"

سیّد اختر علی تلہری

"آج کل کا مصوّری نمبر نظر نواز ہوا۔ میں نے اس سے کچھ سیکھنے کے لیے خاصے غور سے پڑھا۔ بہت سی مفید باتیں اس فن کے بارے میں معلوم ہوئیں۔ مصوّری بھی تو شاعری کی طرح فنونِ لطیفہ ہی کے خاندان کی ایک دل افروز جاذبِ نظر حسین فرد ہے۔ پھر اس سے بے نیازانہ گزر جانا کیوں کر ذوق سلیم کی شریعت میں جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔ آپ نے بڑا اچھا کیا کہ مصوّری کے متعلق ایک خصوصی نمبر نکال دیا۔ آپ نے بڑی کاوش سے مضامین جمع کیے ہوں گے۔ اس شمارے میں نہ صرف مضامین ہی خاصے ہیں بلکہ مصوّری کے جو عملی نمونے اس میں دیے گئے ہیں وہ بھی بہت اچھے ہیں۔ ادارہ اس کامیابی پر مبارک باد کا مستحق ہے۔"

پروفیسر رشید احمد صدّیقی

"آج کل کا "ہندوستانی مصوّری نمبر" آپ کے کرم سے ملا تھا۔ شکر گزار ہوں فنونِ لطیفہ میں رقص، مصوّری اور موسیقی کا جو بڑا درجہ ہے اس سے کون نہیں واقف ہے۔ آپ نے ان سب کے خاص نمبر وقتاً فوقتاً شائع کیے، جن کی پذیرائی اہلِ نظر نے بڑے فخر و فراخدلی سے کی جس پر آپ اور آپ کے رفقائے کار بجا طور پر تہنیت و تحسین کے مستحق ہیں۔ میں بھی کرتا ہوں باوجود

Marfat.com

اہلِ نظر نہ ہونے کے، لیکن اس کا بھی اعتراف کیے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یہ فنون مجھے جتنے پسند ہیں اتنا ان کے اسرار و رموز سے آشنا نہیں ہوں۔ اب آپ ماہرین فن یہ چاہتے ہیں کہ رموز و اسرار سے بے بہرہ ہونے کے باوجود اظہارِ خیال کروں جیسا کہ اردو کے تنقید نگار کیا کرتے ہیں تو کوئی چارہ نہیں۔ بایں ہمہ آپ یقین فرمائیے کہ مجھے یہ نمبر پسند آئے اور میں آپ کی اس خدمت کو دل سے سراہتا ہوں۔"

جناب اثر لکھنوی

"جس خوش اسلوبی سے رسالہ آج کل دہلی کا "ہندوستانی مصوری نمبر" نکلا ہے اس کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ اسے ہر کتب خانے کی زینت ہونا چاہیے۔"

دسمبر ۱۹۶۰ء

نومبر ۱۹۶۰ء میں نظم نمبر جنوری ۱۹۶۱ء میں جگر نمبر مئی ۱۹۶۱ء میں رابندر ناتھ ٹیگور نمبر، اگست ۱۹۶۳ء اور ۱۹۶۴ء میں افسانہ نمبر شائع ہوئے۔ ۱۹۶۴ء میں جواہر لعل نہرو کا انتقال ہوا۔ گاندھی جی کے سانحہ ارتحال کے بعد یہ دوسرا بڑا سانحہ تھا۔ اس عظیم رہنما کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے آج کل نے نومبر ۱۹۶۴ء کا شمارہ نہرو کے نام منسوب کیا۔ اس میں نہرو سے متعلق مختلف ادیبوں کے مضامین شائع ہوئے۔ مضامین لکھنے والوں میں جوش و فراق اور بدرالدین طیب جی کے نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ اس نمبر میں نہرو کی زندگی کے اہم واقعات ان کے ارشادات و اقوال، اکابرین عالم کا ان کی وفات پر اظہارِ تعزیت اور نہرو کی تصاویر اور شعرا کا خراجِ عقیدت بھی شامل تھا۔ یہ نمبر نہرو پر ایک دستاویزی اہمیت کا حامل ہے۔

اگست ۱۹۶۵ء، ۱۹۶۶ء اور ۱۹۶۷ء میں بالترتیب دستکاری نمبر، ڈراما نمبر اور اردو تحقیق نمبر شائع ہوئے۔ دستکاری نمبر میں ہندوستانی دستکاری کے فن اور اس کی عہد بہ عہد ترقی کا جائزہ لیا گیا۔ اردو تحقیق کی دشواریوں کا ذکر تحقیق نمبر میں کیا گیا۔ اس سے قبل تحقیق کے اصول و ارتقا اور اس کی دشواریوں کی طرف کبھی توجہ نہیں کی گئی تھی۔ اس نمبر میں اردو کے اہم محققوں کے مضامین شائع ہوئے جن میں قاضی عبدالودود، مالک رام، گیان چند، علی جواد زیدی وغیرہ شامل ہیں۔

ہندوستان میں اردو کی مجموعی صورتِ حال کا جائزہ لینے اور مستقبل میں اس کے امکانات پر گفتگو کرنے کے لیے آج کل نے اگست ۱۹۶۸ء اور ستمبر اکتوبر ۱۹۷۳ء میں تین اردو نمبر نکالے۔ آج کل کے ان نمبروں میں شاید پہلی بار یہ کوشش کی گئی ہے کہ ہند کی ریاستوں میں اردو کی صورتِ حال کا ایک صحیح جائزہ محض حقایق اور اعداد و شمار کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔ یہ تینوں نمبر اردو سے متعلق ایک اچھی دستاویز ہیں۔ ان نمبروں کی اہمیت کا اندازہ آپ ان رایوں سے بھی لگا سکتے ہیں:

کرشن چندر۔ بمبئی

"آج کل کا اردو نمبر خاصے کی چیز ہے۔ اسے پڑھ کر یہ احساس اور بھی گہرا ہو جاتا ہے کہ اردو ہندوستان گیر زبان ہے۔ اور اس کی جڑیں سارے ہندوستان میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اور

Marfat.com

کسی ایک صوبے تک محدود نہیں ہیں۔ اس خصوصی نمبر سے ادارتی بورڈ کی عرق ریزی کا اندازہ ہوتا ہے۔ میرے خیال میں اس نمبر کو کچھ اضافے کے بعد کتابی شکل میں بھی شائع کرنا چاہیے۔"

صالحہ عابد حسین، نئی دہلی

"آج کل کا اردو نمبر اور اس کا ضمیمہ دونوں ملے۔ اوّل سے آخر تک پڑھا۔ آپ نے جس محنت، کاوش اور لگن سے ہندوستان کی تقریباً ہر ریاست میں اردو کی جو حالت ہے اور وہاں کے جو اردو کے ادیب و خادم ہیں ان کے بارے میں معلومات فراہم کرا کے مضامین شائع کیے ہیں، وہ قابلِ ستائش ہے۔ کئی لحاظ سے یہ نمبر اردو ادب کی تاریخ میں اپنا حصّہ ادا کرے گا۔ بعض مضامین بہت دلچسپ بھی ہیں اور فکر کی دعوت بھی دیتے ہیں۔ بعض خیالات سے اختلاف کیا جا سکتا ہے لیکن افادیت سے انکار نہیں۔

قرۃ العین حیدر کا مضمون "ادیب کے مسائل" میں سیدھے سادے انداز میں ادیب کی جو مشکلات اور مسائل بیان کیے گئے ہیں وہ آپ بیتی بھی ہیں اور ہر ادیب کی جگ بیتی بھی۔ اور یہ حال تو اُن کا ہے جو چوٹی کے ادیب سمجھے جاتے ہیں۔ ہم جیسے معمولی ادیبوں کی مشکلات پر کوئی ہمارے مقابلے کا ادیب اور زیادہ روشنی ڈال سکتا تھا۔ یہ تو میں نہیں سمجھتی کہ اردو کا ناشر اور پبلشر نادہند ہے۔ لیکن اکثریت انھیں کی ہے۔ شاید یہ بات بھی قابلِ غور اور دلچسپ سمجھی جائے کہ آج کل کاتب کو فی صفحہ اچھے ناول نگار سے زیادہ معاوضہ ملتا ہے اور فوراً جب کہ ادیب کو خوش آئند وعدوں پر رکھا جاتا ہے لیکن اردو پبلشر اور ناشر کے مسائل پر بھی ہمیں غور کرنا چاہیے کہ وہ بھی اس بحرانی دَور میں سخت الجھنوں کا شکار ہے۔ اور کاغذ کا جو مسئلہ اس وقت درپیش ہے، اگر اس کا جلد حل تلاش نہ کیا گیا تو ادب کی کتابیں (ہندوستان کی شاید سبھی زبانوں کی) زبانِ حال سے یہ کہتی سنائی دیں گی۔

اب ہمیں ڈھونڈ چراغِ رُخِ زیبا لے کر

بہرحال آج کل جو ادبی رسالہ بھی ہے اور سرکاری بھی، اردو کی بقا اور ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گھپ اندھیرے میں ایسی ہی چند شمعیں ہیں جو امید کی کرن بن کر اردو کے ادیب و خادم اور پرستاروں کو ناامید ہونے سے بچا لیتی ہے۔"

علی جواد زیدی۔ نئی دہلی

"اردو زبان کے مسائل اور اردو والوں کے عزائم کتنے متنوّع ہیں اور اس تنوّع کے باوجود ان میں کتنی یک رنگی ہے اس کا اندازہ کچھ انھیں اصحاب کو ہو سکتا ہے جنھوں نے تمام مسائل کا معروضی جائزہ لیا ہو۔ بدقسمتی سے وہ بنیادی مواد جس سے صورتِ حال واضح ہو سکے تمام اردو دوستوں کی دسترس میں نہ تھا۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ آج کل نے یہ خدمت انجام دی۔

Marfat.com

"اردو نمبر" "ضمیمہ اردو نمبر" اور پھر نومبر کے شمارے میں بڑی خوش سلیقگی سے اعداد و شمار اور حقائق یکجا کر دیے گئے ہیں۔ مدیرِ محترم نے پہلے سے سوالات قائم کر کے حشو و زواید کا دروازہ بند کر دیا تھا۔ کہیں کہیں مضمون نگاروں کی رائے سے اختلاف تو ہو سکتا ہے لیکن انھوں نے جو دیدہ ریزی کی ہے بہر حال جاذبِ توجہ ہے۔
اب تک اردو کے مسائل کا اس سے زیادہ جامع تبصرہ شائع نہیں ہوا ہے۔ کارکنانِ آج کل کی محنت دقتِ نظر اور ان کا حسنِ ترتیب قابلِ داد ہے۔ مجھے یقین ہے کہ سبھی حلقوں میں یہ شمارے پسندیدگی کی نظروں سے دیکھے جائیں گے اور اردو کے بارے میں صحیح نقطۂ نظر کی تشکیل میں ممد ثابت ہوں گے۔"

اعجاز حسین۔ الہ آباد

"یہ نمبر جس محنت سے مرتب کیا گیا ہے وہ اس لحاظ سے بھی قابلِ قدر ہے کہ عصرِ حاضر میں اردو کی نشو و نما و کس مپرسی کا تاریخی جائزہ یکجا مل جاتا ہے جو ادبی مورخ کے لیے گنج بار آور کام دے سکتا ہے۔ اہلِ علم کے لیے دعوتِ فکر و نظر بھی ہے اور اس زبان اور ادب سے ہمدردی رکھنے والوں کے لیے ایک ایسا آلۂ کار ہے جو ان کے جذبۂ خلوص کو مزید سہارا دے کر زیادہ سے زیادہ توجہ کا سامان فراہم کر دیتا ہے۔"

محمد حسن۔ دہلی

"اردو دنیا میں معروضی نقطۂ نظر کی کمی ہے۔ آج کل نے اردو نمبر شائع کر کے ایک اہم خدمت انجام دی ہے۔ اردو ملک کے مختلف علاقوں میں بولی اور سمجھی جاتی ہے اور ہر علاقے میں اس کے مصنف، ادیب اور شاعر موجود ہیں۔ لیکن ان کے بارے میں ضروری معلومات آج تک اتنے اہتمام اور حسنِ ترتیب کے ساتھ یک جا نہیں کی گئی تھیں۔ اِس لحاظ سے آج کل اردو دنیا کے شکریے کا مستحق ہے۔ امید ہے اس معلومات کے یک جا ہونے سے اردو کے علمی اور ادبی حلقوں میں ایک ہندوستان گیر نقطۂ نظر پیدا ہوگا اور اردو کے فروغ میں مدد ملے گی۔"

مالک رام۔ دہلی

"ہندوستان میں اردو کا مسئلہ کچھ الجھ سا گیا ہے۔ بہت حد تک یہ ناواقفیت پر مبنی ہے اور یہ دونوں طرف سے ہے۔ خود اردو والوں کو یہ معلوم نہیں کہ اب تک مختلف ریاستوں میں کتنا کام ہو چکا ہے اور جو مخالف ہیں وہ اس سے خوش ہیں کہ اردو اس ملک سے ختم ہو رہی ہے یا ہو گئی ہے۔ "آج کل" کا یہ شمارہ ان دونوں گروہوں کے لیے بہت معلومات افزا ہوگا۔ اسے جس سلیقہ سے مرتب کیا گیا ہے وہ ہر طرح آج کل کی روایات کے مطابق ہے۔"

Marfat.com

قمر رئیس۔ دہلی

"آج کل"، کا اردو نمبر اور اس کا ضمیمہ نظر سے گزرے۔ موجودہ ہندوستان میں اردو کی صحیح صورتِ حال کے مطالعہ کے لیے یہ بڑی اہم اور مستند دستاویز ہے۔ خود اردو والوں کو پتہ نہیں کہ ہم کہاں کہاں اور کتنے پانی میں ہیں۔ آپ نے اچھا کیا کہ اردو کے بارے میں جو اعداد و شمار اِدھر اُدھر بکھرے ہوئے تھے انھیں سلیقے کے ساتھ بعض مضامین میں جمع کر دیا۔ اسی طرح ضمیمہ میں اردو کے مصنف، قاری، ناشر اور مدیر کے مسائل کے بارے میں جو مذاکرہ ہے نہایت دلچسپ اور معلوماتی ہے۔"

شارب ردولوی۔ دہلی

"آج کل کے یہ شمارے بلاشبہ ایک تاریخی دستاویز ہیں۔ اردو کے بارے میں اتنی وسیع معلومات اور تفصیلات پہلی بار آج کل کے ذریعہ ہمارے سامنے آئی ہیں۔ اب تک انھیں کسی نے اس طرح مرتب کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔
میں آپ کو اردو نمبر کی اشاعت پر مبارک باد دینے کی بجائے صحیح معنوں میں اس غیر جانب دارانہ انداز اور Approach کے لیے مبارک باد دینا چاہتا ہوں جسے اردو نمبر (نمبروں) میں اختیار کیا گیا ہے۔
میں ڈائریکٹر پبلیکیشنز ڈویژن نئی دہلی سے اس پر اصرار کرنا چاہتا ہوں کہ ان تمام مضامین کو نظرِ ثانی اور ضروری اضافوں کے بعد کتابی شکل میں شائع کر دیا جائے۔

عابد سہیل۔ لکھنؤ

"نمبر آپ نے بہت اچھا نکالا ہے اور اردو زبان و ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے بہت سا کام کا مواد یکجا کر دیا ہے۔ ریاستوں میں اردو کو ملی ہوئی سہولتوں اور ضرورتوں کے تقابلی مطالعہ سے ان لوگوں کو جو اس شیریں زبان کو زندہ رکھنے کی جدوجہد میں لگے ہوتے ہیں، لائحہ عمل طے کرنے اور اپنی کوتاہیوں پر نظر ڈالنے میں مدد ملے گی۔ میری مبارکباد۔"

جنوری ۱۹۷۴ء

جنوری، فروری، اگست اور نومبر ۱۹۶۹ء میں بالترتیب کشمیر نمبر، غالب نمبر، جدید ہندوستانی شاعری نمبر اور گرونانک نمبر شائع ہوئے۔ جدید ہندوستانی شاعری نمبر میں مختلف زبانوں کی شاعری شائع کی گئی اور ۱۹۶۲ء کے بعد ہندوستانی شاعری میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس نمبر پر لوگوں نے اس طرح اظہارِ خیال کیا ہے۔

قاضی عبدالودود

"یہ خیال کہ ۱۹۶۰ء کے بعد کی شاعری کا جائزہ لیا جائے، بہت ہی پسندیدہ خیال تھا۔ اور

Marfat.com

آپ نے وہ شمارہ جو اس کے لیے مخصوص ہے، سلیقے سے مرتب کیا ہے۔"

اختر اورینوی

"جدید ہندوستانی شاعری نمبر ملا۔ آپ نے محنت کی ہے لیکن جدید اردو شاعری کی نمائندگی بے حد یک طرفہ ہے۔ کیا جدید سے مراد خاص میلان "جدیدیت" کی شاعری ہے؟ اس کی تعریف "جدیدیت" کے علم بردار روز بدلتے رہتے ہیں۔
میرا خیال تو یہ ہے کہ ہر مکتب فکر و فن کی شاعری کا نمونہ ہونا چاہیے تھا اور جدید دور میں اعلیٰ اردو شاعری زیرِ تنقید آتی نہ کہ صرف "جدیدیت" سے بہ کنار والی ہر درجے کی شاعری آپ کے نمبر کا جواب نہیں۔"

گیان چند

"جدید اردو شاعری نمبر ملا۔ بعض رسالوں کے ہزار ڈیڑھ ہزار صفحوں کے خاص نمبر نکلتے ہیں۔ اِدھر کئی رسالوں نے قابلِ قدر غالب نمبر نکالے لیکن میری رائے میں آج کل کا یہ شمارہ کسی ضخیم خاص نمبر سے کم زور نہیں۔ یہ رسالہ نہیں مستقل کتاب ہے۔ اسے آپ کتابی شکل میں شائع کر کے دائم و قائم نہ کریں گے تو ظلم کریں گے۔ ساہتیہ اکادمی نے انڈین لٹریچر کے نام سے آزادی کے بعد کے ۱۴ زبانوں کے ادب پر ایک کتاب شائع کی تھی۔ آپ کا شمارہ اِس بات کا تتمہ ہے۔ فوقیت یہ ہے کہ آپ کے پرچے میں منتخب نظموں کے ترجمے بھی ہیں۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ مختلف زبانوں کی جدید شاعری سے متعلق مضمون کو زیادہ اہم قرار دوں کہ اس کی منتخب نظموں کے ترجمے کو۔ اردو کی دوسرے ہندوستانی ادبوں سے یاد اللہ ضروری ہے۔ آپ نے اس ضمن میں ایک اہم اقدام کیا ہے۔"

بشیر بدر

"آج کل کا ہندوستانی جدید شاعری نمبر بلاشبہ ایک وقیع کارنامہ ہے۔ اس انداز کا اتنا جامع نمبر اردو میں آج تک نہیں نکلا ہندوستان میں رہ کر ہم اردو یا ہندی والے دیگر زبانوں کے بارے میں اگر کچھ نہ جانیں تو یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ اس نمبر سے اتنی بہت سی واقفیت ایک دم ہو جاتی ہے کہ ہندوستانی ادبیات کا کوئی طالب علم مختلف زبانوں کے برسوں مطالعے کے بعد بھی اتنا آسانی سے نہیں جان سکتا۔"

عابد مناوری

"سرورق کی جتنی بھی داد دی جائے وہ کم ہے۔ اردو نمبر کے بعد اس بار بھی آج کل نے اپنی روایات کو برقرار رکھا ہے۔ ہندوستان کی چودہ زبانوں کی شاہ کار تخلیقات کو یکجا کرنا کوئی

Marfat.com

آسان کام نہیں۔ مگر آپ نے یہ کام جس خوش اسلوبی سے سرانجام دیا ہے۔ قابلِ داد ہے۔"

نومبر ۱۹۶۹ء

۱۹۷۰ء میں آج کل کی سلور جوبلی منائی گئی۔ اس موقع پر جون ۱۹۷۰ء کا شمارہ سلور جوبلی نمبر کے نام سے شائع کیا گیا۔ اس شمارے کے شروع میں عرش ملسیانی کا "آج کل کے اٹھائیس برس" کے عنوان سے آٹھ صفحے کا ایک ضمیمہ شامل ہے جس میں انھوں نے آج کل کے اٹھائیس سالوں کا مفصّل جائزہ پیش کیا ہے جو کافی اہم ہے۔

فلموں کا ہماری زندگی سے گہرا تعلق ہے یہ ایک ایسا میڈیم ہے جس کے اثرات بڑے اہم اور گہرے ہیں اور ہماری توجہ کے طالب ہیں۔ اس ذریعے کو سود مند بنانے اور اس کے امکانات کا جائزہ لینے کے لیے اگست ستمبر ۱۹۷۱ء کا مشترک شمارہ فلم نمبر تھا۔ اس میں فلموں سے متعلق مسائل، فلمی تاریخ کے آغاز وارتقاء، فلم ٹکنالوجی کے مسائل اور علاقائی زبانوں کی فلموں پر مضامین شامل تھے اور فلمی اداکاروں، پروڈیوسروں کی تصاویر بھی۔

اگست ۱۹۷۲ء میں "آزادی کا جشن سیمیں نمبر" شائع کیا گیا اس نمبر میں اردو نظم، فکشن، تنقید، طنز و مزاح، اردو پریس وغیرہ کی پچیس سالہ زندگی کا جائزہ لیا گیا۔ اس نمبر پر اردو دانشوروں نے یوں اظہارِ خیال کیا:

رشید احمد صدیقی۔ علی گڑھ

"آزادی کا جشن سیمیں نمبر آپ کے کرم سے ملا تھا۔ ہر اعتبار سے معیاری اور قابلِ تعریف۔ آنکھوں کی تکلیف سے پڑھنے میں دقت اور دیر ہوئی لیکن اس کی تلافی نوع بنوع کے اعلیٰ مضامین سے ہوگئی۔ اس کامیابی پر آپ کو مبارک باد دیتا ہوں۔

جوش ملسیانی۔ نکودر

"رسالہ آج کل اردو کا شمارہ ماہ اگست ۱۹۷۲ء یوں تو اوّل سے آخر تک دل کش مضامین نظم و نثر کا مرقع ہے مگر اس کے سات مضمون ۱۔ متّی ۲۔ ایک لڑکی سات دیوانے ۳۔ طنز و مزاح کے پچیس سال ۴۔ اردو تنقید کے پچیس سال ۵۔ اردو نظم کے پچیس سال ۶۔ اردو فکشن کے پچیس سال ۷۔ اردو پریس کے پچیس سال تو عروسِ ادب کے سات سنگار کہے جا سکتے ہیں میں اس دل کش شمارہ کی اشاعت پر ادارہ کو بجا طور پر مبارک باد کا مستحق سمجھتا ہوں۔"

مالک رام۔ نئی دہلی

"گزشتہ ربع صدی میں شعر و ادب کے مختلف میدانوں میں جو کام ہوا ہے، اس شمارے میں اس کا جائزہ لیا گیا ہے۔ تنقید، نظم، افسانہ، طنز و مزاح، صحافت سب پر بھرپور مضمون

Marfat.com

ہیں، اور سب کے سب فکر انگیز اور معلوماتی، افسانے اور منظومات بھی بلند پایہ ہیں۔ غرض یہ شمارہ ہر لحاظ سے اس مبارک تقریب کے شایانِ شان ہے۔ اور ادارہ آج کل اس کے لیے ہمارے شکریے اور تحسین کا مستحق۔

میکش اکبرآبادی۔ آگرہ

"آج کل (اگست ۱۹۷۲ء) کا جشن سیمیں نمبر نظر نواز ہوا۔ نثر اور نظم کے تقریباً تمام مشمولات بہت محنت اور قابلیت کا کارنامہ ہیں پچیس سال کے ہر جہتی کام کا جائزہ جس طرح آپ نے پیش کیا ہے، وہ بیش قیمت بھی ہے اور سنگ میل بھی موضوع کے انتخاب کے ساتھ لکھنے والوں کا بھی انتخاب جس دیدہ وری کے ساتھ آپ نے کیا ہے وہ قابلِ تحسین ہے۔ کئی عنوان نئے ہیں اور اہم بھی ہیں، "مثلاً قومی یک جہتی کا مذاکرہ"۔
امید ہے کہ آج کل آپ کی ادارت میں اسی طرح ترقی کرتا رہے گا۔"

(ڈاکٹر) محمد حسن۔ سرینگر

"آج کل کو آپ کی ادارت سے نیا رنگ رُوپ ملا ہے اور ادبی معنویت حاصل ہونے لگی ہے۔ دیدہ زیبی اور خوش ترتیبی تو پہلے سے ہی تھی۔ اِدھر اس کے مندرجات کی ادبی قدر و قیمت بڑھی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس کی اشاعت میں بھی مزید توسیع ہوتی ہوگی۔ امید کرتا ہوں کہ جلد ہی آج کل ایک اہم ادبی قوت بن جائے گا۔ اس کی رنگا رنگی اور دل کشی میں برابر اضافہ ہو رہا ہے جو آپ کے حسنِ ادارت کا فیض ہے۔"

دسمبر ۱۹۷۲ء

۱۹۷۳ء میں "سیر و سیاحت نمبر" اور "اردو نمبر" کے علاوہ "سجاد ظہیر" نمبر نکالا گیا۔ یہ نمبر دسمبر میں نکلا۔ اس نمبر میں سجاد ظہیر کی شخصیت اور ان کی ادبی سرگرمیوں پر ملک راج آنند، مجروح سلطان پوری، اعجاز حسین، کرشن چندر، خواجہ احمد عباس، محمد حسن جیسے ادیبوں کے مضامین شائع ہوئے۔ اپریل اور مئی ۱۹۷۴ء میں طنز و ظرافت پر دو الگ الگ نمبر شائع ہوئے جس میں طنز و مزاح کے آغاز و ارتقا پر مقالے کے علاوہ ادیبوں کی نثری اور شعری تخلیقات بھی شائع کی گئیں۔ جون ۱۹۷۴ء کا شمارہ مشہور مورخ تاراچند کے نام منسوب کیا گیا جس میں ان کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔

جنوری ۱۹۷۵ء میں "لوک گیت نمبر" شائع ہوا۔ جس میں ہندوستان کے ریاستی اور علاقائی لوک گیتوں پر اچھے مضامین شائع ہوئے۔ یہ اردو میں اپنی نوعیت کی پہلی کوشش تھی۔ جس نے عوامی ادب کی جانب لوگوں کی توجہ مبذول کرائی جو اب تک بے توجہی کا شکار تھا۔ جون ۱۹۷۵ء کا شمارہ "انیس نمبر" تھا اور اگست ستمبر ۱۹۷۵ء کا مشترک شمارہ "خواتین نمبر"۔ اس نمبر میں خواتین کی تخلیقات کے علاوہ ہندوستان میں عورتوں کے مسائل پر اہم ادیبوں کے مضامین اور ہندوستان کی نامور خواتین کی تصاویر شائع ہوئیں۔

Marfat.com

فروری ۱۹۷۷ء میں "خواجہ حسن نظامی" اور جون جولائی کا مشترکہ شمارہ "تامل ناڈو نمبر" تھا۔ اس میں تامل ناڈو کی تاریخ، جغرافیہ، تہذیب و تمدن، رقص اور ادب کی تاریخ پر اہم مضامین شامل ہیں۔ تامل ناڈو کی اردو سرگرمیوں پر کئی ایک مضامین توجہ کے لائق ہیں۔ نومبر ۱۹۷۷ء میں اقبال نمبر شائع ہوا۔ جس میں اقبال کے فکر و فن اور ان کے فلسفے پر کئی فکر انگیز مقالے شامل ہیں۔

اکتوبر نومبر ۱۹۷۸ء کا مشترک شمارہ "جنگلی جانوروں" کے متعلق تھا۔ جس میں ہندوستان کے پرندوں، چرندوں، درندوں اور آبی جانوروں پر معلوماتی مضامین شامل کیے گئے۔ مولانا محمد علی جوہر کے صد سالہ جشن ولادت کے موقع پر دسمبر ۱۹۷۸ء کا شمارہ مولانا سے منسوب کیا گیا۔ اس شمارے میں مولانا محمد علی جوہر کے سوانح، شخصیت اور کارناموں پر روشنی ڈالی گئی۔

۱۹۷۹ء بچوں کا بین الاقوامی سال کے طور پر منایا گیا۔ اس موقع پر جنوری کا شمارہ بچوں کے لیے مخصوص کر دیا گیا۔ اس شمارے میں بچوں کو درپیش مختلف مسائل کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ اپریل ۱۹۷۹ء کا شمارہ آغا حشر کاشمیری پر تھا جو ان کی صد سالہ یوم ولادت کے موقع پر جاری کیا گیا۔ اس شمارے میں اور مضامین کے علاوہ آغا حشر کاشمیری کی ڈرامہ نگاری پر کئی اہم مضامین شائع کیے گئے۔

جون ۱۹۸۰ء میں عابد حسین نمبر اور اگست ۱۹۸۰ء میں "پریم چند نمبر" اور جنوری ۱۹۸۱ء میں "ڈاکٹر انصاری نمبر" شائع ہوا۔ ان نمبروں میں ان لوگوں کی سوانح، شخصیت، ادبی و ملی خدمات پر مضامین اور اہم تصاویر شائع کی گئیں۔ حسرت موہانی کی سو ڈیں سالگرہ کی تقریبات کے موقع پر آج کل نے اگست ستمبر ۱۹۸۱ء کا مشترک شمارہ "حسرت موہانی نمبر" کی شکل میں پیش کیا۔ یہ نمبر نئے مضامین کے ساتھ بعض پرانے مضامین کے انتخاب پر مشتمل تھا۔ "اس میں "حسرت کے سیاسی رجحانات" پر شامل مقالے توجہ کے مستحق ہیں۔ حسرت موہانی پر دوسرا نمبر ۱۹۸۵ء میں شائع کیا گیا۔

نومبر اور اگست ۱۹۸۲ء میں "سہیل عظیم آبادی" اور "جمیل مظہری" پر ایک ایک نمبر نکلے سہیل نمبر میں سہیل کے سوانح اور فکر و فن نیز ان کی ادبی خدمات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا اور سہیل عظیم آبادی کی منتخب کہانیاں شائع کی گئیں۔ "جمیل مظہری نمبر" میں جمیل کے منتخب کلام کے علاوہ جمیل کی شاعری کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔

فروری ۱۹۸۳ء میں چکبست نمبر شائع ہوا اور نومبر دسمبر ۱۹۸۳ء کا مشترک شمارہ صحافت نمبر تھا۔ دسمبر ۱۹۸۴ء اور جنوری ۱۹۸۵ء میں دو اور صحافت نمبر شائع ہوئے جن میں ہندوستان میں اردو صحافت کی ابتدا، اس کی ترقی، جنگ آزادی میں اس کا حصہ اور موجودہ دور میں اردو صحافت کی صورت حال اور مستقبل کے امکانات پر فکر انگیز اور معلوماتی مقالے شامل کیے گئے۔ اور اس کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ یہ تمام نمبر اردو صحافت کی تاریخ کے نقطہ نظر سے نہایت اہم ہیں۔

مارچ اپریل ۱۹۸۴ء کا مشترک شمارہ "میر تقی میر" نمبر کی حیثیت سے شائع ہوا۔ یہ ہندوستان میں اب تک میر پر شائع ہونے والے تمام نمبروں میں سب سے زیادہ اہم ہے۔ اس میں جدید عہد میں میر کی تفہیم کی کوشش کی گئی ہے۔ اس نمبر کو آج کل کے تمام نمبروں میں سب سے زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی اور تقریباً تیرہ ہزار شائع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا جو آج کل کی اب تک کی

Marfat.com

اشاعت میں سب سے زیادہ ہے۔
۱۹۸۶ء میں کوئی خاص نمبر شائع نہیں ہوا۔ آج کل کے یہ تمام نمبر اہم ہیں اور انھیں ایک دستاویزی حیثیت حاصل ہو چکی ہے۔

Marfat.com

آج کل کی ادبی حیثیت

آزادی سے قبل اور اس کے بعد بھی ہندوستان میں شائع ہونے والے ادبی جریدوں میں آج کل کی اپنی ایک انفرادیت رہی ہے۔ آج کل ابتدا ہی سے ایک خاص مزاج اور ایک خاص طریق کار کا حامل رہا ہے، جس کی بدولت اس کی اپنی ایک پہچان بنی جو شروع سے آج تک قائم ہے۔ اس جریدے نے بڑی خوب صورتی کے ساتھ، ہر طرح کے نظریاتی اختلافات، ادبی گروہ بندی اور سیاست سے الگ رہ کر، ہر نظریے اور ہر طبقے کے لوگوں کی نمائندگی کی ہے۔ کسی ایک نظریے سے آج کل کی وابستگی نہ پہلے کبھی تھی اور نہ اب ہے۔ یہ تمام تعصبات سے اوپر اُٹھ کر علم و ادب کی خدمت کرتا رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس رسالے نے ترقی پسند، غیر ترقی پسند اور جدیدیت کے حامی ادیبوں و دانشوروں کی تخلیقات کو اپنے صفحات میں جگہ دی اور ان کو یکساں مواقع فراہم کیے۔ آج کل کی اِسی غیر جانب داری نے اس رسالے کو ہر طرح کے لوگوں میں یکساں طور پر مقبول بنایا۔ آج ہمارے بہت سے دانشورانِ ادب نظریاتی اور شخصی مفاد کی خاطر چھوٹے چھوٹے گروہوں میں منقسم نظر آتے ہیں۔ ایسے میں ہر زاویہ فکر کے لوگوں کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرنا اور سب کو ساتھ لے کر چلنا صرف آج کل کا طرۂ امتیاز ہے اور یہی اس کی شہرت اور مقبولیت کا سبب ہے۔

ادبی جریدوں میں جو امتیاز آج کل کو حاصل ہے، وہ شاید کسی اور رسالے کو حاصل نہیں۔ ابتدا ہی سے حکومت کا ترجمان ہونے کے باوجود اس نے علم و ادب کی نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ اس کا ماضی اور حال اس بات کے ثبوت کے لیے کافی ہے۔

آج کل ۱۹۴۲ء میں جن حالات میں جاری ہوا اس وقت اس کا مقصد علم و ادب کی خدمت کرنے سے زیادہ یہ تھا کہ یہ حکومت کی پالیسیوں کی تشہیر کرے۔ لیکن اپنی بات کو وسیع تر حلقوں میں پہنچانے کے لیے اس نے اپنے صفحات میں ادبی تخلیقات کو بھی خاطر خواہ جگہ دی۔ ۱۹۴۲ء میں جب یہ رسالہ صرف ۲۴ صفحات پر مشتمل تھا اس وقت بھی اس کے آدھے سے زیادہ صفحات ادبی ہوا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ بسا اوقات اداریے میں بھی ادبی موضوعات پر گفتگو ہو جاتی تھی۔ اس وقت بعض مصلحتوں کے پیش نظر اسلامی موضوعات کو اس رسالے میں خاصی جگہ دی جاتی تھی۔

۱۹۴۳ میں جب آغا محمد یعقوب ردا شی اس کے مدیر اعلیٰ ہوئے تو انھوں نے اس کی ادبی اہمیت میں اضافہ کیا۔ انھوں نے ہندوستان کے تمام اچھے ادیبوں و شاعروں کو لکھنے پر آمادہ کیا۔ بہت سے نئے

Marfat.com

سلسلے شروع کیے، جس سے رسالے کی ادبی حیثیت اور مستحکم ہوئی اس رسالے میں "داستان نجات" کے عنوان سے ایتھل وانس کی مشہور کتاب "اسکیپ" کا آزاد ترجمہ پیش کیا گیا، "نقد و نظر" کے عنوان سے نئی کتابوں پر تبصرے ہونے لگے "ضمیمہ آج کل" کے تحت فارسی زبان سکھلانے کا سلسلہ بھی شروع ہوا، پشتو رسم الخط، جدید شاعری، ترقی پسند ادب، آزاد نظم، اردو زبان کے مسائل اور ایسے ہی لاتعداد موضوعات پر مشہور اہل قلم حضرات کو مقالے لکھنے کی دعوت دی گئی۔ "نقد الانتقاد" کے عنوان کے تحت ادبا و شعرا کی تخلیقات کو نقد کے معیار پر جانچنے کا کام بھی کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی آج کل میں مشہور ادبی اور سیاسی شخصیات پر مضامین بھی شائع ہوتے تھے۔ گویا رسم الخط اور زبان کے بنیادی مسائل سے لے کر ادب و فلسفہ تک مختلف موضوعات پر بے شمار مضامین شائع ہوئے جس نے آج کل کی ادبی اہمیت میں کافی اضافہ کیا۔

سید وقار عظیم اور رگھوناتھ رینا نے یعقوب دداشی کے جلائے ہوئے اس چراغ کی لو کو اور بڑھایا۔ چناں چہ آزادی سے قبل ہی آج کل کی ادبی حیثیت اتنی مستحکم ہو گئی تھی کہ اسے اس وقت کے کسی بھی معیاری ادبی رسالے کے مقابلے میں رکھا جا سکتا تھا۔ کسی بھی رسالے کا معیار اس کے لکھنے والوں سے ہی متعین ہوتا ہے۔ اگر لکھنے والے ادیب اچھے ہیں تو رسالہ معیاری تسلیم کیا جاتا ہے۔ آج کل اس اعتبار سے خوش نصیب ہے کہ اسے شروع ہی سے اچھے لکھنے والے ملے جس سے اس کی تابندگی میں روز افزوں اضافہ ہوا۔

شعر و ادب کا کوئی بھی گوشہ ایسا نہ تھا جس پر مشاہیر اہل قلم نے خامہ فرسائی نہ کی ہو۔ قدیم ادب سے لے کر جدید ادب تک کے تقریباً سبھی موضوعات پر جی کھول کر بحثیں ہوئیں۔ بہت سے نئے شعرا و ادبا کو آج کل ہی نے متعارف کرایا اور ان کی تخلیقات کو شہرت بھی اسی کی وجہ سے ملی۔ مثال کے طور پر جوش ملیح آبادی، مرزا ثاقب لکھنوی، یگانہ چنگیزی، عبدالمجید سالک، بے خود دہلوی، جگر مرادآبادی، سیماب اکبرآبادی، ساغر نظامی، اختر شیرانی، رضا علی وحشت، جلیل مانک پوری، امجد حیدر آبادی، صفی لکھنوی، نیاز فتح پوری کے ساتھ تاثیر، شور علیگ اور احمد ندیم قاسمی کی تخلیقات آج کل کی زینت بنیں۔ ساحر لدھیانوی اسی آج کل کے ذریعے شہرت کے آسمان پر پہنچے۔ اسی رسالے میں ان کی مشہور نظم "تاج محل" دوبار شائع ہوئی۔

افسانوی ادب کا معیار بھی شعری ادب کے مقابلے میں کچھ کم نہ تھا۔ یہاں ہر زاویۂ فکر کے معیاری افسانے شائع ہوتے تھے اور افسانہ نگار بھی اوّل درجے کے تھے جن کی حیثیت اُس زمانے میں افسانوی ادب میں مسلمہ تھی۔ مثلاً سلطان حیدر جوش، تسنیم سلیم چھتاری، راجندر سنگھ بیدی، علی عباس حسینی، ہاجرہ مسرور، ایم اسلم، اپندر ناتھ اشک، قدرت اللہ شہاب، سہیل عظیم آبادی اور غلام عباس وغیرہ۔ یہ فہرست اگرچہ مکمل نہیں لیکن اس کو دیکھنے سے یہ اندازہ ہو جائے گا کہ یہ افسانوی ادب کی زینت بڑھانے والے ملک کے نمایندہ افسانہ نگار تھے جن کی شمولیت کسی بھی رسالے کے لیے باعث افتخار ہو سکتی تھی۔

اس دور میں شخصیات پر بھی بہت سے مضامین شائع ہوئے۔ ان میں سماجی، سیاسی، ادبی اور مذہبی سبھی شخصیتیں شامل ہیں۔ سری نواس شاستری، شاہ محمد سلیمان، سر عبدالقادر، خواجہ حسن نظامی، جوش ملسیانی، یگانہ چنگیزی، نوح ناروی، رام بابو سکسینہ، محمود شیرانی، نیاز فتح پوری وغیرہ کے

Marfat.com

علاوہ متعدد دیگر ادبا اور اکابرین ملک ان لوگوں میں ہیں جن پر مضامین اور ان کی تصاویر شائع ہوئیں۔
آج کل میں شائع ہونے والے تنقیدی اور تعارفی مضامین کا معیار بھی شروع سے بہتر رہا ہے جو اس رسالے کے ادبی اور معیاری ہونے کا ایک اور ثبوت ہے۔ چنانچہ وقتاً فوقتاً اس رسالے میں مختلف موضوعات پر جو مضامین شائع ہوئے ان سے ان مضامین کے تنوع کا پوری طرح اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ رشید احمد صدیقی نے ڈاکٹر ذاکر حسین کی تعلیمی خدمات پر روشنی ڈالی، ظہور حسن ڈار نے اختر حسین رائے پوری پر مقالہ لکھا، فیض کا مضمون "جوش شاعر انقلاب کی حیثیت سے" اپنی نوعیت کا پہلا مضمون تھا جس میں فیض نے اس زمانے میں لکھا تھا کہ اگرچہ جوش کے یہاں انقلاب کا اجتماعی تصور نہیں ہے اور اس میں نظریاتی تنظیم بھی نہیں لیکن اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ جوش کی شاعری نے کتنے ہی نئے راستوں اور نئی منزلوں کی جانب چلنے کی ترغیب دی۔

عظمت اللہ خاں پر مسعود حسین خاں کا ایک مضمون 'ادب کا ایک باغی' کے عنوان سے شائع ہوا۔ ان کے علاوہ حمید احمد خاں کا مضمون 'غالب کی بہو' باقر علی خاں کامل کی بیوی 'بگا بیگم' سے ملاقات کے متعلق چھپا۔ وہ اس وقت بقید حیات تھیں انھوں نے غالب سے متعلق بہت سی دلچسپ باتیں بتائیں۔ ڈاکٹر عابد حسین کا "ہندوستان کی مشترکہ تہذیب" پر بڑا ہی مبسوط اور قابلِ قدر مقالہ شائع ہوا یہ اُن کے اُس انداز فکر کا، جو بعد میں ہمیں اور پختہ شکل میں نظر آتا ہے، ایک عمدہ نمونہ ہے۔ خواجہ غلام السیدین کا مضمون 'معلمی کا پیشہ'، عشرت رحمانی کا مقالہ 'حشر کا ڈراما'، موضوع کی اہمیت و افادیت کے لحاظ سے دلچسپ ہی نہیں بلکہ غیر معمولی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان کے علاوہ آج کل میں تاریخی، جغرافیائی اور سائنسی موضوعات پر بھی لاتعداد مضامین شائع ہوئے۔

اس طرح مجموعی اعتبار سے ابتدا سے تقسیم ہند تک آج کل کی ادبی حیثیت کسی بھی معیاری ادبی رسالے سے کسی طرح کم نہ تھی بلکہ اس کا معیار اُس دور کے بعض ادبی رسائل سے کسی قدر بہتر ہی تھا۔ کچھ ایسے ادیب بھی تھے جو صرف آج کل کے لیے ہی لکھتے اور یہ بات بھی آج کل کے لیے قابل فخر تھی۔ ترتیب و تزئین اور گٹ اپ کے اعتبار سے بھی یہ جریدہ عمدہ معیار کا حامل تھا۔

آج کل تقسیم ہند کے بعد

آزادی کے بعد اگست ۱۹۴۸ء میں شاعرِ انقلاب جوش ملیح آبادی نے آج کل کی ادارت سنبھالتے ہی اپنی اوّلین توجہ اس کے ادبی معیار کی طرف مرکوز کی اور اس کو اردو کا ایک بہترین جریدہ بنانے کی بھرپور کوشش کا اعادہ پورے اعتماد کے ساتھ کیا۔ ان کے اس اعتماد نے انھیں حوصلہ بھی دیا اور ادیبوں و شاعروں نے معاونت کر کے آج کل کو وقار بھی بخشا۔ جوش نے متعدد نئے سلسلے بھی شروع کیے۔ "نشاط مطالعہ" کے عنوان سے دنیا کی دوسری زبانوں کے فن کاروں کو متعارف کرانے کا سلسلہ شروع ہوا اور ہومر، دانتے وغیرہ جیسے فن کاروں سے اردو قارئین کو متعارف کرایا گیا۔ "گل کدہ" کے عنوان کے تحت ہندوستانی زبانوں کی شاعری پیش کرنے کا سلسلہ شروع ہوا جو بعد میں "علاقائی ادب" کے عنوان سے شائع ہونے لگا اور آج تک اسی عنوان سے باقی ہے۔ شعری انتخاب

Marfat.com

کے لیے ذکر و فکر کے نام سے ایک صفحہ غزل کے لیے مخصوص ہوا کرتا تھا۔ دنیا کے قومی ترانوں کو بھی پیش کرنے کا ایک دلچسپ سلسلہ جوش نے شروع کیا۔ یہی نہیں بلکہ جوش نے بچوں کا آج کل، کے نام سے آٹھ صفحات پر مشتمل ضمیمہ شائع کرنا شروع کیا۔ یہ اور بات کہ اِسے کچھ دنوں کے بعد بند کرنا پڑا۔ ایک اور اہم سلسلہ ہر شمارے کے تخلیق کاروں کے مختصر تعارف کا شروع کیا گیا۔ اس طرح رسالے کو خوب سے خوب تر بنانے کے لیے مختلف تجربات کیے گئے جن میں سے بیشتر کامیاب رہے اور جو رسالے کے ادبی وقار میں اضافہ کا باعث بنے۔

جوش کی قیادت ہی پرچے کے اعلیٰ معیار کی ضمانت تھی۔ ان کی کوششوں سے اس کا معیار بہتر سے بہتر ہوا۔ جوش کی ادارت میں آج کل کے متعدد خاص نمبر نکلے۔ ان میں پہلا جمہوریت نمبر تھا جو نئے دستور کے نفاذ پر نکالا گیا تھا۔ اس کے بعد تقریباً ہر سال یکے بعد دیگرے بہت سے نمبر شائع ہوتے رہے جن میں افسانہ نمبر، غالب نمبر، شعر و شاعری نمبر، خطوط نمبر وغیرہ شامل ہیں۔ کشمیر نمبر جوش کی ادارت میں شائع ہونے والا آخری نمبر تھا جسے بڑی مقبولیت حاصل ہوئی یہ عین اس وقت شائع ہوا، جب جوش ہندوستان سے رخصت ہو رہے تھے۔ مسلم اکابرین نے کشمیر اور ہندوستان کے اٹوٹ تعلق پر اظہار خیال کیا۔ اس میں کشمیری زندگی اور وادیٔ کشمیر کے حسن و جمال پر بہت اچھے مضامین شائع ہوئے۔ اس طرح جوش نے اس کے ادبی معیار کو بہت بلند کیا۔ اور آج کل کو ہندوستان کے بہترین ادبی رسالوں کی صف میں لا کھڑا کیا۔

جوش کے بعد سے اب تک آج کل کی ادارت کی ذمے داری چار افراد کے حصّے میں آچکی ہے یہ حضرات ہیں عرش ملسیانی، شہباز حسین، مہدی عباس حسینی اور آج کل کے موجودہ ایڈیٹر راج نرائن راز۔ ان تمام ایڈیٹروں نے اپنے اپنے طور پر آج کل کے ادبی وقار کو مزید بہتر بنانے کی کوشش کی، پرانے تجربات سے فائدہ اٹھا کر نئی راہیں نکالنے کی سعی کی۔ بعض پرانے سلسلے بند ہوئے، بعض نئے عنوانات کی شروعات ہوئی۔ ان تمام تر نئے سلسلوں کا مقصد آج کل کے ادبی معیار کو حالات کے تقاضوں کے پیش نظر مزید بہتر بنانا تھا۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں ادب حالات سے بہت جلد متاثر ہوتا ہے اور حالات کو متاثر کرتا بھی ہے۔ ادب میں رد و قبول کی بڑی صلاحیت ہے۔ اس کی اِسی قوت نے کہیں تو انقلاب برپا کیا اور کہیں انقلاب کے لیے فضا کو سازگار بنایا۔ ذہنوں کو بدلنے کا کام جس تیزی سے ادب کے ذریعہ ممکن ہے وہ کسی اور طریقے سے شاید انجام نہیں دیا جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے تمام انقلابات کے پیچھے کم و بیش ادب کے اثرات کارفرما رہے ہیں، چاہے وہ انقلاب فرانس ہو یا انقلاب روس یا انقلاب ایران۔ ادب پہلے اثر انداز پھر اثر پذیر ہوتا ہے۔ مثلاً انقلاب کے بعد جو ادب وجود میں آتا ہے اس پر انقلاب کے بعد کی تبدیلیوں کا اثر ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انقلاب فرانس اور انقلاب روس کا اثر پوری دنیا کی ہر زبان کے ادب پر پڑا اور اس سے مزید تبدیلیاں عمل میں آئیں۔ ہمارے ادب میں رونما ہونے والے ایسے تمام اثرات کو آج کل کے صفحات میں آسانی کے ساتھ تلاش کیا جا سکتا ہے اس لیے کہ ایک ادبی جریدے کی حیثیت سے آج کل نے ان اثرات کی بھرپور نمائندگی کی۔ آزادی کے بعد کیسے کیسے اتار چڑھاؤ آئے، ادبی نظریات میں تبدیلیاں واقع ہوئیں، اصناف ادب کی سطح پر بے شمار تجربے ہوئے، افسانوی ادب بہت سے تجرباتی مراحل سے

Marfat.com

گزرا۔ اس پورے سفر میں آج کل ہمیشہ ہر تجربے میں برابر کا شریک رہا۔ نظم و نثر کی کون سی ہیئت ہے، جو اس میں شائع نہیں ہوئی۔ آزاد نظم، معریٰ نظم، نثری نظم، سانیٹ، ہائیکو، دوہے، غزل، آزاد غزل، سلام، سہرا، مثنوی، رباعی، قطعہ، مرثیہ، تضمین، قصیدہ، گیت، تخمیس، ڈرامے، ترائیلے، مستزاد، قطعات تاریخ، مقالے، انشائیے، افسانے، ڈرامے، سفرنامے، خاکے، رپورتاژ، خودنوشت، شکاریات، طنز و مزاح غرض آج کل نے ہر صنفِ ادب کی بھرپور نمائندگی کی۔

افسانے کی سطح پر تجریدی، علامتی، یک کرداری بنا پلاٹ کے، ماحول پر مبنی افسانے، شعور کی رو والے افسانے، کون سا تجربہ، کون سی کوشش ایسی ہے جو آج کل میں شائع نہیں ہوئی۔ آج کل نے ہمیشہ وقت کی رفتار پر نظر رکھی اور ہر تجربے کو بروقت اپنے یہاں جگہ دی۔ مختلف مسائل پر مذاکرے، مباحثے اور سمپوزیم بھی کرائے۔ جیسے مصنف کے مسائل، مدیر کے مسائل، ناشر کے مسائل، قاری کے مسائل، اردو کتابوں کی طباعت کے مسائل، قومی یک جہتی ایک مذاکرہ، اردو میں تحقیق کا معیار، تین یادگار ادبی صحبتیں، مارکس کے فلسفہ معاشیات کا حالیہ جائزہ، ہماری فلموں میں ہندوستانیت، ہندوستانی ادیب کے مسائل، قومی ترقی کا محاسبہ یہ سب وہ مسائل ہیں جن سے اُس وقت کا ادب ہی نہیں بلکہ ہر زمانے کا ادب دوچار رہتا ہے۔

آج کل نے مختلف موضوعات پر بہت سی سماجی سیاسی اور ادبی شخصیتوں کے انٹرویو بھی شائع کیے۔ یہ تمام انٹرویو اپنی جگہ اہم اور معلوماتی ہیں اور ان سے بہت سی نئی باتوں کا انکشاف بھی ہوا۔ مراری لال کیڈیا نے اپنے انٹرویو میں پریم چند سے متعلق چند اہم انکشافات کیے، پروفیسر محمد مجیب نے ترقی اردو بورڈ کے مسائل اور اس کی کارکردگی پر روشنی ڈالی، اندرا گاندھی وزیر اعظم ہند نے خاندانی منصوبہ بندی کی قومی ضرورت کی اہمیت کو اُجاگر کیا، علی جواد زیدی نے فروغ اردو کمیٹی کے مقاصد اور اس کی نوعیت پر روشنی ڈالی، شیخ عبداللہ وزیر اعلیٰ کشمیر نے کشمیر کی جنگ آزادی، احمد حسین نے کرشن چندر کے نظریات اور شمس الرحمان فاروقی نے ڈیوڈ میتھوز سے ملاقات کر کے لندن یونی ورسٹی میں اردو کی تدریس اور تحقیق کے مسائل پر گفتگو کی۔ اِن کے علاوہ مالک رام، امرتا پریتم، دینا ناتھ نادم، رضیہ سجاد ظہیر، شرف جہاں پولا تورا، علی عباس حسینی، فراق گورکھپوری کے انٹرویو شائع ہوئے۔ جس سے ان کے ادب اور ان کی زندگی پر روشنی پڑتی ہے۔ عصمت چغتائی اور قرۃ العین حیدر کی گفتگو بھی آج کل کے صفحات کی زینت بن چکے ہیں۔ یہ تمام انٹرویو ہمیں ادبی اور سماجی مسائل کو اور ادب کے صحیح رُخ کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔

آج کل نے ادبی، سماجی اور سیاسی شخصیتوں کے خاکے بھی شائع کیے ہیں۔ بعض خاکے تو بڑے ہی اہم ہیں۔ جن شخصیتوں پر خاکے شائع ہوئے وہ یہ ہیں۔ آغا حشر، ابراہیم جلیس، اختر اورینوی، ایم اسلم، برق موسوی، بیگم شمرد، بیگم مولانا محمد علی، قاضی عدیل عباسی، حافظ محمود خاں شیرانی، حکیمن بوا، خواجہ حسن نظامی، ڈاکٹر انصاری، ڈاکٹر عبدالجبار رخاں، ڈاکٹر غلام یزدانی رام پرشاد بسمل، سجاد ظہیر، سہیل عظیم آبادی، فخرالدین علی احمد، عطا کاکوی، عابد حسین، فانی بدایونی لالہ ہردیال، مولانا حسرت موہانی، مہاراجا رنجیت سنگھ، ضیا احمد بدایونی، یحییٰ اعظمی وغیرہ،

Marfat.com

یہ تمام شخصیتیں علم و ادب اور سیاست کی برگزیدہ شخصیتیں ہیں اور جن کے بارے میں جاننا ہمارے لیے ضروری بھی ہے۔ آج کل نے ان پر خاکے پیش کر کے ہماری معلومات میں اضافہ کیا ہے۔

غبار کارواں کے عنوان سے آج کل نے خود نوشت سوانح عمری کا ایک سلسلہ بھی شروع کیا تھا اور اس عنوان کے تحت بہت سے لوگوں سے اپنی خود نوشت لکھوا کر شائع کی۔ بہت سے ایسے ادیبوں اور شاعروں سے اس عنوان کے تحت لکھوایا گیا جو شاید بغیر کسی تحریک کے کبھی نہ لکھتے۔ یہ سرمایہ تحقیق کے نقطۂ نگاہ سے بہت اہم ہے۔ اس طرح کی خود نوشت سے مصنف کے بارے میں بہت سی ایسی باتیں سامنے آگئیں بہ صورت دیگر جن کا جاننا شاید محال ہوتا۔

غبار کارواں کے تحت دوار کا داس شعلہ، اختر اورینوی، محمد حسن، صالحہ عابد حسین، شمس الرحمان فاروقی، انیس قدوائی، گوپال متل، کوثر چاندپوری، فراق گورکھپوری، عصمت چغتائی، اسلوب احمد انصاری، اعجاز حسین، عبدالماجد دریابادی، مسعود حسین خان، جمیل مظہری، گیان چند جین، میکش اکبر آبادی، گوپی ناتھ امن، خواجہ احمد عباس، حمیدہ سلطان، عرش ملسیانی، سعید احمد اکبر آبادی، جگن ناتھ آزاد، جوش ملسیانی، وحید اختر، علی محمد لون، سلام مچھلی شہری، سہیل عظیم آبادی، ہنس راج رہبر، مالک رام، علی جواد زیدی کے خود نوشت سوانح شائع ہوئے۔ پریم چند نے اپنی آپ بیتی لکھی۔ افسوس کہ یہ سلسلہ کچھ سال قبل ادیبوں کی عدم معاونت کی وجہ سے بند کر دیا گیا۔

راج نرائن راز نے اپنے زمانے میں دو نئے سلسلے شروع کیے۔ ایک سلسلہ تو وہی غبار کارواں کی دوسری مختصر شکل تھی جسے "من کہ" اور "آں کہ" کا نیا عنوان دیا گیا۔ اس میں نجی معلومات کا تفصیلی خاکہ پیش کیا جاتا ہے۔ یہ سلسلہ بھی تحقیقی نقطۂ نگاہ سے بہت اہم ہے۔ اس میں ادیبوں کے تمام اہم واقعات بہ شمول ان کی تاریخ پیدائش درج ہوتے ہیں۔ اب تک اس سلسلے کے تحت قاضی عبدالودود، مولانا حسرت موہانی، سجاد ظہیر، غیاث احمد گدی، شمیم کرہانی، حیات اللہ انصاری، راجندر سنگھ بیدی، نورالحسن ہاشمی، مالک رام، محمد مجیب، صالحہ عابد حسین، ضیا فتح آبادی، گیان چند جین، خواجہ احمد عباس، خواجہ احمد فاروقی، دیویندر ستیارتھی، جوگندر پال، طالب چکوالی وغیرہ کے تفصیلی خاکے شائع ہو چکے ہیں۔ یہ سلسلہ ابھی جاری ہے۔

راج نرائن راز نے دوسرا اہم سلسلہ بہ خط شاعر کے عنوان سے شروع کیا ہے۔ یہ سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس کے تحت شاعروں کی دو ایک تخلیقات خود ان کی تحریر میں شائع کی جاتی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ان کی تصویر بھی۔ اس طرح بہت سے لوگوں کی تحریر کے نمونے اس عنوان کے تحت بہ آسانی محفوظ کیے جا سکتے ہیں۔ اب تک اس عنوان کے تحت پچاس سے زائد نئے اور پرانے شاعروں کی تخلیق شائع کی جا چکی ہیں۔

آج کل میں بہت سے اہم لوگوں کے نادر خطوط بھی شائع ہوئے ہیں۔ بعض خطوط تو ایسے ہیں جو اور کہیں دستیاب نہیں ہیں۔ خط نجی معلومات کا سب سے بہتر ذریعہ ہے۔ آج غالب، اقبال، ابوالکلام آزاد، محمد علی جناح، مولانا محمد علی جوہر، جواہر لال نہرو، مہاتما گاندھی اور بہت سی اہم شخصیتوں کی وفات کے بعد ان کی زندگی کے بہت سے اہم راز، ان سے متعلق بہت سی اہم معلومات، اُن کے خیالات و نظریات وغیرہ اِسی سرمائے سے جو کہیں محفوظ تھا معلوم کر لیے گئے ہیں۔ آج کل کے صفحات میں ایسی بہت سی اہم

Marfat.com

دستاویزیں محفوظ ہیں۔ آرزو، صفی اور جلیل کے خطوط، محمد علی خاں اثر رام پوری کے نام، آغا حیدر کا خط عرش ملسیانی کے نام، ایم کیمسن کا ایک نادر خط سید شاہ صاحب عالم کے نام، بے خود دہلوی کے نام داغ کے چند یادگار خطوط، اکبر الہ آبادی کے خطوط حکیم شمس الحسن سہسوانی مرحوم کے نام، غالب کے خط علاء الدین خاں کے نام، سرشار سے متعلق ایک خانگی خط مولانا عبدالماجد دریابادی کے نام،، عبدالحلیم شرر کے خطوط عابد رضا بیدار کے نام، نیاز فتح پوری کے نام ایک خط ان کے علاوہ غالب، مالک رام، ڈاکٹر عبدالستار صدیقی، مہاتما گاندھی، لالہ لاجپت رائے، مولانا آزاد، مولوی عبدالحق اور نرملا کے خطوط بھی شائع ہوئے۔ جس میں بہت سے خطوط کا عکس بھی شائع ہوا ہے۔ یہ تمام خطوط اپنی جگہ بہت ہی اہم ہیں۔ بعض خطوط تو نایاب قسم کے ہیں۔ یہ بھی آج کل کی ایک خدمت ہے جو اس نے انجام دی ہے۔

آج کل نے ابتدا کے چند سالوں بعد سے ہی علاقائی اور عالمی ادب شائع کرنے کا ایک اہم سلسلہ شروع کیا تھا اس سے علاقائی اور عالمی زبانوں کے ادب کے ساتھ ہم آہنگی کو فروغ حاصل ہوا۔ علاقائی زبانوں کی واقفیت نے زبانوں کے متعلق نفرت کے جذبات کو ختم کیا ساتھ ہی اس سے قومی یک جہتی کی بنیادیں مضبوط ہوتیں۔ ایک دوسرے کو سمجھنے اور جاننے کا موقع ملا اور دوسری زبانوں کے ادب سے واقفیت بھی بڑھی جس سے اردو کا دامن وسیع تر ہوا۔ علاقائی زبانوں کے ادب کے اثرات نے زبان کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافے کے ساتھ ساتھ ادب کے کینوس کو بھی وسیع کیا۔ اردو کا ادیب یا قاری جو دوسری زبانوں کے ادب سے ناواقف تھا اسے اس سلسلے کے تحت دوسری زبانوں کے ادب کو پڑھنے اور دو زبانوں کے لکھنے والوں کے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملا۔ اس سلسلے کے تحت اب تک آسامی، اڑیا، بنگالی، پنجابی، تامل، تلگو، ڈوگری، سندھی، کشمیری، کنڑ، گجراتی، مراٹھی، ملیالم، میتھلی اور ہندی کے افسانے، کشمیری کی غزلیں، آسامی، اڑیا، بنگالی، پنجابی، تامل، تلگو، ڈوگری، سندھی، سنسکرت، کشمیری، کنڑ، گجراتی، مراٹھی، ملیالم اور ہندی کی نظمیں اور ڈرامے شائع ہوئے ہیں اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے۔

آج کل کے ذریعے ہمیں عالمی ادب سے بھی متعارف ہونے کا موقع ملا۔ دوسرے ملکوں خاص کر مغربی ممالک میں جو تجربات ہو رہے تھے ان سے براہ راست واقفیت ہوئی اور اس کے اثرات سے اردو میں بھی افسانوی اور شعری سطح پر مختلف ہیئتوں کا چلن ہوا۔ شعری سطح پر آزاد نظم، نثری نظم، معریٰ نظم، سانیٹ، ترائیلے، ہائیکو جیسی اصناف اردو میں مقبول ہوئیں۔ تجریدی، علامتی، یک کرداری، ماحول پر مبنی افسانوں اور شعور کی رو والے افسانوں کا رواج ہوا۔ ان تجربات سے اردو کا دامن مالا مال ہوا۔ عالمی ادب کے تحت اطالوی، امریکی، انگریزی، ایرانی، بنگلہ، پوستانی، تبتی، ترکی، چینی، افریقی، روسی، شمالی ویت نام، عربی، فرانسیسی، فلسطینی، لبنانی، مصری اور نارویجین افسانے شائع ہوئے۔ ایرانی اور چینی ڈرامے، انگولا، چینی، عربی اور فلسطینی نظمیں اور اطالوی اور چینی گیت شائع ہوئے اور مزید زبانوں کا ادب شائع ہو رہا ہے۔

اردو میں سفرناموں کی اپنی ایک روایت رہی ہے اور تقریباً تمام اچھے ادیبوں نے سفرنامے لکھے ہیں جو ہمارے ادب کا ایک قیمتی سرمایہ ہیں۔ سفرنامے سے ہمیں ان ملکوں کے طبعی، جغرافیائی، علمی و ادبی، تہذیبی و ثقافتی، معاشی اور سیاسی حالات کی واقفیت ہوتی ہے۔ بہت سے ملکوں کے اہم شہروں اور

Marfat.com

مقامات کی معلومات جس سے عام حالات میں ہم ناواقف ہوتے ہیں، ان سفرناموں کے ذریعے حاصل ہوجاتی ہے۔ سفرناموں سے ملکوں کی تاریخ اور اس کی تعمیر و ترقی سے بھی واقفیت ہوتی ہے۔ اس طرح یہ سفرنامے ہمارے لیے بڑے کام کی چیز ہیں۔ سفرنامے کی اہمیت اس وقت اور بڑھ جاتی ہے جب وہ سفرنامہ کسی اہم ادبی شخصیت کا ہو۔ آج کل کے سفرناموں کی نوعیت کچھ اسی طرح کی ہے۔ ان کے لکھنے والے غیر معمولی شخصیتوں کے مالک ہیں۔ صالحہ عابد حسین، آصف مجیب، تاراچند، احمد علی، ستیش بترا، شیام سندر، جیبیہ قدوائی، حمیدہ سلطان، گھنشیام سیٹھی، عتیق صدیقی، ایس جی بنس، نریندر لوتھر، ددیا شنکر، ان میں کچھ نام تو سفرنامے کے لیے بہت مشہور ہیں جیسے ستیش بترا، نریندر لوتھر وغیرہ۔ سارے سفرنامے بہت اہم ہیں۔ آج کل کے ان سفرناموں سے سفرناموں کی روایت کو کافی تقویت ملی ہے۔ ان میں نئے طرز و ادا اور نئی منزلوں کے نشاں بھی ڈھونڈھے جاسکتے ہیں اور نئی سمت کا تعین بھی کیا جاسکتا ہے۔

بہت سے ادبی اور سماجی جلسوں کی رپورٹیں بھی آج کل میں شائع ہوتیں ہیں۔ ان میں بعض رپورٹیں تو بے حد اہم ہیں اور ان کے لکھنے والے بھی اہم ہیں۔ ان رپورٹوں سے کسی پروگرام کی اہمیت و افادیت اور اس کی کامیابی کا اندازہ ہوتا ہے بہت سی سچائیاں اور تاریخی حقائق سامنے آتے ہیں۔ یہ سب رپورٹیں وقت گزرنے کے بعد اپنی دستاویزی اہمیت اختیار کرتی جارہی ہیں۔ جو رپورٹیں خاص طور پر اہم ہیں ان میں اردو ایڈیٹروں کی کل ہند کان فرنس، اردو کتابوں کی قومی نمائش، اردو کے ترقی پسند ادیبوں کی کل ہند کان فرنس، اساتذہ اردو جامعات ہند کی کل ہند دلی کان فرنس، جدید اردو ادب میں زبان کے تخلیقی استعمال کے مسائل (جامعہ سیمنار) دارالعلوم دیوبند کی صدسالہ برسی، صدسالہ جشن اقبال، غیر مسلم مصنفین اردو کان فرنس، لندن میں ہندوستانی فن کی نمائش، نہرو کے ماسکو سفر کی روئداد، مصوری کی بین اقوامی نمائش، یوم ظفر اور یوم غالب وغیرہ کی رپورٹیں شامل ہیں۔

آج کل میں افتتاحی اور صدارتی خطبات اور تقاریر بھی درجنوں کی تعداد میں شائع ہوچکے ہیں۔ ان میں کچھ تقاریر تو بہت اہم ہیں جو شاید صرف آج کل نے ہی محفوظ کی ہیں۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن، نہرو، جناح، ابوالکلام آزاد، بلدیو سنگھ، ذاکر حسین، راجکماری امرت کور، سر مرزا اسماعیل، ولبھ بھائی پٹیل، اندرا گاندھی، مرارجی ڈیسائی، نیلم سنجیوا ریڈی، گیانی ذیل سنگھ کی اہم تقاریر آج کل میں شائع ہوچکی ہیں۔ شیخ عبداللہ، فرماں روائے بھوپال، ڈاکٹر انصاری، خواجہ احمد فاروقی اور گوپی چند نارنگ کے افتتاحی اور صدارتی خطبات جو ان لوگوں نے مختلف ادبی سیمناروں میں پیش کیے ہیں، آج کل نے انھیں بھی اپنے دامن میں جگہ دی اور عام لوگوں تک پہنچایا۔

آج کل کا ایک اہم کارنامہ تصاویر کی اشاعت بھی رہی ہے۔ اس نے ملک اور بیرون ملک کے شاعروں، ادیبوں، سائنس دانوں، سیاسی رہ نماؤں اور مختلف علوم و فنون کی باکمال شخصیتوں کی تصاویر کو اپنے صفحات کی زینت بنایا۔ ہندوستان اور دنیا کے مختلف ممالک کی تہذیب و تمدن کی جھلک پیش کرکے ہندوستانی تہذیب کو دنیا کی دوسری جدید ترین تہذیبوں سے روشناس کرانے کی کوشش کی اور اجنبیت کی اس فضا کو جو غالباً پہلی بار دیکھنے سے پیدا ہوتی، ذہنوں کو اس سے مانوس کرکے ہموار کردیا اور اتنی پختگی پیدا کردی کہ نامانوسیت کا احساس جاتا رہا۔ آج جب ہم آج کل کے صفحات کو پلٹتے ہیں تو

Marfat.com

بعض تصویریں ہمیں حیرت میں ڈال دیتی ہیں اور ہم سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ آج کل کو اس کی اہمیت کا اندازہ شاید ان تصویروں کو شائع کرتے وقت اتنا نہ ہوا ہوگا جتنا آج ہو رہا ہے یا آئندہ کبھی محسوس کیا جائے گا۔ اب خطوط اور کتابوں کے عکس ہی دیکھیے کیسے کیسے نادر و نایاب نمونے جمع ہیں۔ ۱۸۳۸ء میں لکھا گیا قرآن مجید کا دو منقش صفحہ، نہج البلاغت کا ۱۶۷۸ء کا لکھا ہوا ایک صفحہ، البوصیری کے قصیدۂ بردہ کا پہلا صفحہ جو سترہویں صدی میں لکھا گیا تھا، افغانستان کی قدیم سنسکرت تحریروں کے نمونے، امیر تیمور گورگان کا ایک خط، عود ہندی اور خطوط غالب، راجندر پرساد، رامائن، نغمات العرس، بیخود دہلوی، داغ، فانی، حکیم محمد علی خاں ہردوئی، نواب وقار الملک، جلال لکھنوی، لالہ لاجپت رائے، آزاد، حالی، اکبر، مولانا محمد علی جوہر، عبدالحلیم شرر، جام جہاں نما، جان رائی لینڈ لائبریری مانچسٹر میں ۱۸۴۰ء کے لکھے ہوئے اردو خطوط کا نمونہ، فیضی، ٹیگور، سروجنی نائیڈو، مہاتما گاندھی کی تحریریں، داراشکوہ کی تصانیف کے صفحات، واجد علی شاہ کی غزل کا عکس یہ وہ نادر و نایاب چیزیں ہیں جن کی اہمیت کا اندازہ وہی لوگ لگا سکتے ہیں جو اس کی افادیت کو سمجھتے ہیں۔ ہر کس و ناکس کی نگاہ میں اس کی اہمیت کچھ بھی نہیں۔ تحقیق کا طالب علم آج کل کے اس کام کی نہ صرف تعریف کرے گا بلکہ اسے اس سے استفادے کا موقع بھی ملے گا۔

ان سب کے علاوہ آج کل کی ایک بڑی ادبی خدمت اس کے خاص نمبر ہیں۔ آزادی کے بعد سے آج تک آج کل کے جتنے اہم خاص نمبر شائع کیے کسی دوسرے رسالے نے نہیں کیے۔ اپنی چوالیس سالہ زندگی میں اس نے ستر سے زائد نمبر شائع کیے جو اس کی اس مدت کے لحاظ سے کہیں زیادہ ہیں۔ آج کل کے خاص نمبروں کو تین حصوں میں منقسم کیا جا سکتا ہے۔ شخصیات، ادب اور تہذیب و ثقافت۔

شخصیات پر کم و بیش تینتیس[۲۴] نمبر شائع ہوئے۔ شخصیات میں ادبی، سماجی، مذہبی اور سیاسی سبھی طرح کی شخصیتیں شامل ہیں۔ اب تک ابوالکلام آزاد، اقبال، امیر خسرو، بہادر شاہ ظفر، پریم چند، تاراچند، جمیل مظہری، جگر مرادآبادی، جواہر لال نہرو، حسرت موہانی، خواجہ حسن نظامی، ڈاکٹر انصاری، ذاکر حسین، رابندر ناتھ ٹیگور، سجاد ظہیر، سہیل عظیم آبادی، عابد حسین، غالب، گرونانک، مہاتما گاندھی، مہاتما بدھ، میر انیس، میر تقی میر، مولانا محمد علی جوہر اور چکبست پر خاص نمبر نکل چکے ہیں۔ یہ تمام شخصیتیں ہر لحاظ سے اہم ہیں۔ ان نمبروں میں ان کی زندگی کے کم و بیش تمام پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

